حیدرآبادی اور لکھنوی کباب کا ذائقہ اب اورنگ آباد میں

ڈائقہ کا خزانہ

شالیمار CFC

فیملی ریسٹورینٹ

ایک دفعہ کا نظم رکھا گیا ہے۔

کٹ کٹ گیٹ، اورنگ آباد

9823334785

Published Simultaneously From Aurangabad and Buldhana

روزنامہ

ایشیا ایکسپریس

Roznama Asia Editor-in-Chief: Shareque Naqshbandi

ایڈیٹر ان چیف: شارق نقشبندی

8 Pages | WEDNESDAY, NOVEMBER 29, 2017. VOL. 08. ISSUE 205 | ☎:0240-2311128 | www.asiaexpress.co.in | ₹5 | بدھ ۲۹ نومبر ۲۰۱۷ء ☆ ۹ ربیع الاول ۱۴۳۹ھ

M.R.B. JEWELLERS

Proprietor Shabbir Mallick

916 ہال مارک جوہری پر 100% ری سیل

نقدی قرضے یا زیور تبدیلی کی صورت میں موبائل پر انس کا بھاؤ بتایا جاتا ہے۔ صرف مزدوری اور گلس ہی کا لیا جائے گا

Yash Super Market, Sarafa Road, Aurangabad.

ایم۔ار۔بی جیولرس

Contact: 0240 - 234 7089 / 91 680 680 91

اندرونی صفحات پر

2 حزب اللہ سے بیرونی مداخلت ختم کرنے کا مطالبہ

3 گلکرنے لیا ترقیاتی کاموں کا جائزہ

4 ہواخلاف چلی تو چراغ خوب جلا... / 'لو جہاد' کا سچ

5 ذیابیطس سے بچنے کیلئے احتیاط ضروری ہے

لاتور ناندیڑ روڈ پر

دلخراش حادثہ 7 ہلاک

13 افراد زخمی

اورنگ آباد: مہاراشٹر میں لاتور۔ناندیڑ بائی پاس روڈ پر کوپا پٹی کے نزدیک آج سویرے ایک حادثے میں کم سے کم 7 لوگوں کی موت ہوگئی اور 13 دیگر زخمی ہوگئے۔ لاتور سے موصولہ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ یہ حادثہ بائی پاس پر صبح 4 بجے اس وقت پیش آیا جب ناندیڑ کی طرف جانے والی جیپ سڑک کے کنارے کھڑی ٹیمپو سے ٹکرا گئی جس پر اناج لدا ہوا تھا۔ ٹیمپو سے جیپ کے ٹکراتے ہی مخالف سمت سے آنے والی ایمبولینس بھی جیپ سے ٹکرا گئی، جس پر سوار چھ لوگوں کی جائے وقوعہ پر ہی موت ہوگئی، جبکہ ساتویں زخمی شخص نے اسپتال میں دم توڑ دیا۔ بھیانک حادثے کے بعد بائی پاس پر کئی گھنٹے گاڑیوں کی آمدورفت بند رہی۔ پولس حکام نے بتایا کہ مہلوکین کی شناخت نہیں ہوسکی ہے۔

(دلوی (34)، منوج شندے (25)، شمم شندے (23)، دتو شندے (34)، وے باندے (30)، اوما کانت کاروے (45) اور مینا کانت (39) کے طور پر کی گئی ہے۔ زخمیوں کو نزدیکی اسپتال میں علاج کیلئے بھرتی کیا گیا ہے۔ دریں اثنا، ضلع لاتور میں ضلع پورِ پی کے پاس اوسا۔ناٹکا روڈ پر ایک دوسرے سڑک حادثے میں ماں بیٹے کی موت ہوگئی اور دو دیگر افراد زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب لاتور کی طرف جانے والی کار مخالف سمت سے آنے والے تیز رفتار ٹرک سے ٹکرا گئی، جس سے موقع پر ہی دو لوگوں کی موت ہوگئی اور تیسرے زخمی شخص نے بعد میں علاج کے دوران دم توڑ دیا۔

خواتین کیلئے ذرائع آمدنی کو یقینی بنانے کی ضرورت

ایوانکا

گلوبل انٹرپرینرشپ سمٹ 2017 کے آٹھویں ایڈیشن کا حیدرآباد کے HICC پر بڑے پیمانے پر آغاز

حیدرآباد: گلوبل انٹرپرینرشپ سمٹ 2017 کے آٹھویں ایڈیشن کا آج شام حیدرآباد کے ایچ آئی سی سی پر بڑے پیمانے پر آغاز ہوا۔ وزیراعظم نریندر مودی اور امریکی صدر کی مشیر، وہائٹ ہاؤس کی ایڈوائزر ایوانکا ٹرمپ نے اس سہ روزہ سمٹ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر 150 ممالک سے تعلق رکھنے والے 1500 سے زائد مندوبین بھی موجود تھے۔ ایوانکا ٹرمپ اس سمٹ میں امریکی وفد کی قیادت کررہی ہیں۔ ایوانکا ٹرمپ نے سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے انٹرپرینرز سے کہا کہ ہمت نہ ہاریں اور اپنے خوابوں میں اختراعات کے ساتھ محنت کرتے ہوئے آگے بڑھیں۔ انہوں نے کہا کہ پچھلی دہائی میں انٹرپرینرز نے اپنی خدمات کے ذریعے دنیا بھر میں معاشی انقلاب برپا کیا ہے۔ اس موقع پر ایوانکا نے مختلف شعبوں میں اپنی چھاپ چھوڑنے والی خواتین کو سراہا کیا۔ پوچیا کی اور کہا کہ خواتین انٹرپرینرشپ سرگرمیوں میں 2014ء اور 2016ء کے دوران دس فیصد اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے تاہم اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ خواتین کو کفالتی امور میں رسائی کیلئے مشکلات درپیش ہیں اور وہ خود کو ہونے والے نقصانات سے نمٹنے کے موقعے میں نہیں ہیں۔ ایوانکا نے اس بات پر زور دیا کہ ان خواتین کیلئے زیادہ سے زیادہ ذرائع آمدنی کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے۔ ہندوستان کا حوالہ دیتے ہوئے ایوانکا نے کہا کہ یہ ملک تاریخی روشاور تہذیب رکھتا ہے جو ہمیشہ سے امریکہ کیلئے متاثر کن رہا ہے۔ انہوں نے حکومت ہند سے کہا کہ وہ ایسے ماحول میں ایک اچھے دوست کی حیثیت رکھتا ہے۔ ایوانکا نے مزید کہا کہ کسی ای ایس 2017 اقتصادی ترقی کی علامت ہے اور اس سے ہندوامریکہ سماجی تعلقات کا بھی اندازہ ہوتا ہے۔ انہوں نے ہندوستانیوں کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستانی عوام دنیا بھر میں تمام شعبوں میں اپنی چھاپ چھوڑ رہے ہیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے عالمی سطح پر اختراعیت کے شعبے میں ایک اہم مرکز کے طور پر ابھرنے کیلئے حیدرآباد کی بھی ستائش کی۔ 150 ممالک سے 1500 سے زائد شرکاء اس تین روزہ سمٹ میں شرکت کررہے ہیں۔ اس سمٹ میں شرکت کیلئے جاپان، نیدرلینڈ اور آسٹریلیا سے 56 ممالک سے نمائندے شریک ہورہے ہیں۔ سمٹ میں تکنیکانہ سے تعلق رکھنے والے 76 افراد اور دیگر ریاستوں سے تعلق رکھنے والے 324 افراد شامل ہیں۔ امریکہ سے 400 اور دیگر ممالک سے تقریباً 400 مہمان اس سمٹ میں شرکت کررہے ہیں۔ سمٹ کے موقع پر تمام شرکاء پر جوش نظر آرہے تھے۔ سمٹ کے اہم شرکا کیلئے فلک نما ہالیں میں عشائیے کا اہتمام کیا گیا جس کیلئے بسوں کا انتظام کیا گیا تھا۔ ہر ٹیم سے 140 افراد کے بیٹھنے کی گنجائش رکھی گئی تھی۔ اسی 12 بسوں کا تلنگانہ حکومت کی جانب سے انتظام کیا گیا۔ سمٹ کے آغاز سے پہلے ایک دستاویزی فلم کے ذریعہ ہندوستان کی تہذیب کی جھلک پیش کی گئی۔ وزیراعظم اور ایوانکا نے آخر میں ہوئی خاتون صنعت کاروں سے ملاقات کی اور ان سے تفصیلات معلوم کیں۔ وزیراعظم اور ایوانکا ٹرمپ نے بیٹنگ کی نمائش کا بھی مشاہدہ کیا۔ ایچ آئی سی آمد کے بعد وہ نے ایوانکا کے ساتھ مختصر ملاقات کی۔ وزیراعظم سے مسلسل سورانج اور ہندوستان وامریکہ سے تعلق رکھنے والے مندوبین بھی اس موقع پر موجود تھے۔ بعد ازاں مودی اور ایوانکا ٹرمپ ریاستی وزیراعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ کے ہمراہ نمائش کا بھی دورہ کیا جہاں ہندوستانی صنعتی شعبے کے سرکردہ اشیاء میں پیش کی گئی۔ ان درخواست کو مسترد کردیا ہے جس میں بی جے پی کے ذریعہ ہندوستان کی تہذیب کی جھلک پیش کی گئی۔ وزیراعظم اور ایوانکا ٹرمپ نے بیٹنگ کی نمائش کا بھی مشاہدہ کیا۔ ایچ آئی سی آمد کے بعد مودی نے ایوانکا کے ساتھ مختصر ملاقات کی۔ وزیراعظم سے مسلسل سورانج اور ہندوستان وامریکہ سے تعلق رکھنے والے مندوبین بھی اس موقع پر موجود تھے۔ بعد ازاں مودی اور ایوانکا، ریاستی وزیراعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ کے ہمراہ نمائش کا بھی دورہ کیا جہاں ہندوستانی صنعتی شعبے کے سرکردہ اشیاء میں پیش کی گئی۔ ان درخواست کو مسترد کردیا ہے جس میں بی جے پی کے ذریعہ ہندوستان کی تہذیب کی جھلک پیش کی گئی۔ وزیراعظم اور ایوانکا ٹرمپ نے بیٹنگ کی نمائش کا بھی مشاہدہ کیا۔ ایچ آئی سی آمد کے بعد مودی نے ایوانکا کے ساتھ مختصر ملاقات کی۔ وزیراعظم سے مسلسل سورانج اور ہندوستان وامریکہ سے تعلق رکھنے والے مندوبین بھی اس موقع پر موجود تھے۔ بعد ازاں مودی اور ایوانکا، ریاستی وزیراعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ کے ہمراہ نمائش کا بھی دورہ کیا جہاں ہندوستانی صنعتی شعبے کے سرکردہ اشیاء میں پیش کی گئی۔ ان درخواست کو مسترد کردیا ہے جس میں بی جے پی کے ذریعہ ہندوستان کی تہذیب کی جھلک پیش کی گئی۔ وزیراعظم اور ایوانکا ٹرمپ نے بیٹنگ کی نمائش کا بھی مشاہدہ کیا۔ ایچ آئی سی آمد کے بعد مودی نے ایوانکا کے ساتھ مختصر ملاقات کی۔ وزیراعظم سے مسلسل سورانج اور ہندوستان وامریکہ سے تعلق رکھنے والے مندوبین بھی اس موقع پر موجود تھے۔ بعد ازاں مودی اور ایوانکا، ریاستی وزیراعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ کے ہمراہ نمائش کا بھی دورہ کیا جہاں ہندوستانی صنعتی شعبے کے سرکردہ اشیاء میں پیش کی گئی۔

باری مسجد کے یوم شہادت پر

وشوہندو پریشد کی ممبر شپ مہم تیز

کلکتہ: باری مسجد کے 25 ویں یوم شہادت کے موقع پر بی جے پی کے علاوہ مغربی بنگال کی تمام سیاسی جماعتیں ترنمول کانگریس، کانگریس اور بایاں محاذ یوم سیاہ کا اہتمام کرتی ہے تاہم وشوہندو پریشد اور بجرنگ دل جو ملک بھر میں 6 دسمبر کو یوم بہادری کے طور پر مناتی ہیں نے بنگال میں کوئی پروگرام نہ کرنے کے بجائے ریاست میں ممبر شپ بڑے پیمانے پر چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ وشو ہندو پریشد اور بجرنگ دل دونوں 6 دسمبر 1992 کو ایودھیا میں بابری مسجد کے شہید کرنے میں شامل تھیں۔ بنگال، آسام، سکم اور انڈمان وشوہندو پریشد کے انچارج سمیر رائے تھوکلدار نے کہا کہ ہم نے کانگریس، ترنمول کانگریس اور بی ایم کیلئے میدان خالی چھوڑ دیا ہے۔ سنگھ نے راستے سے یہ قدم کیوں پیچھے کیا ہے، اس کی وجہ نہیں بتائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنگال میں صرف ممبر شپ کے پروگرام کو آگے بڑھایا جائے گا۔

جنید قتل کیس کی

CBI جانچ نہیں: ہائی کورٹ

نئی دہلی۔ بھیجر کے قصبے کھانڈرا کا شکار جنید کے قتل کی جانچ سی بی آئی سے کرائے جانے کے مطالبہ کو پنجاب۔ ہریانہ ہائی کورٹ نے مسترد کردیا ہے۔ ہائی کورٹ نے جنید کے والد جلال الدین کی اس درخواست کو مسترد کردیا ہے جس میں ہائی کورٹ سے جانچ کی مانگ کی گئی تھی۔ ہریانہ پولیس اس معاملے کی تحقیقات کررہی ہے۔ عدالت نے کہا ہے کہ پولیس کی تحقیقات صحیح سمت میں چل رہی ہے۔ جنید جنید کے والد کو پولیس تحقیقات پر اعتماد نہیں ہے اس لئے (باقی صفحہ 9 پر)

شاہ نے کئی خون کئے، وہ جنرل ڈائر ہیں

احمد آباد: گجرات میں عروج پر پہنچی چناؤی انتخابی سرگرمیوں کے درمیان کروڑپتی مرد وجبی پرنیش میں دکھائی دے رہی ہے۔ بھی باریاں اپنے مخالفین پر تیکھے حملہ آور ہیں۔ یا پیادر امامت آمدن کمیٹی (پاس) کے رہنما بارک پٹیل نے بھی نشانہ ان بی جے پی کے خلاف اپنا حملہ مزید تیز کرتے ہوئے پارٹی صدر امیت شاہ کا موازنہ آج کھلے عام جلیانوالہ باغ سانحہ کے قاتل 'جنرل ڈائر' سے کر ڈالا ہے۔ کانگریس کو حمایت دے رہے بارک نے یہاں ایک پروگرام میں کہا کہ 'میں اپنے بھائی شاہ کو ایک اچھے ساتھ سے نام 'جنرل ڈائر' بلاتا ہوں۔ میں ایسا اس لئے کرتا ہوں کیونکہ انہوں نے 14 پچوں کو ماردیا (2015 میں پالیدار ریزرویشن تحریک کے دوران مارے گئے 14 افراد)۔ یہ امیت شاہ کی وجہ سے مرے۔ پورا گجرات اس بات کو جانتا ہے''۔

کوپڑی عصمت دری قتل معاملہ آج ہوگا مجرمین کی سزا کا فیصلہ

احمد نگر: اسکول طالبہ کی عصمت ریزی و قتل معاملہ کے نتیجہ میں ریاست بھر میں ہنگامہ پیدا ہوگیا تھا۔ جسے یہ معاملہ عدالت میں پہنچا تو عدالت نے اس معاملہ کے ملزمین کو مجرم قرار دیا ہے، جس میں چندہ رشتہ دار بھی شامل ہے اور سنسنی خیز ثابت ہوئے اور مستغیث کا بھی انتقال ہوگیا تھا۔ ان کو عدالت کی جانب سے مجرم قرار دیئے جانے کے بعد ان کو سزائے موت ملنے کے امکانات ہیں، جبکہ دوسری جانب مجرمین کے وکلاء کی جانب سے ان کو معمولی نوعیت کی سزا دیئے جانے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

دہلی میں 4 بسیں جل گئیں

نئی دہلی: شمالی دہلی کے تیار پور علاقے میں آج 4 سیاحتی بسوں میں آگ لگ گئی۔ پولس ذرائع نے بتایا کہ تیار پور میں پٹرول پمپ اور تھانے کے قریب پرائیویٹ بسوں کی پارکنگ میں اچانک آگ لگ گئی جس کے نتیجے میں 4 بسیں جل کر خاک ہوگئیں۔ فائر بریگیڈ کے عملے نے بڑی مشقت کے بعد آگ پر قابو پایا۔ بسیں خالی تھیں لہٰذا کسی جانی نقصان کی کوئی خبر نہیں ہے۔ آگ لگنے کا سبب ابھی تک معلوم نہیں ہوسکا ہے۔ پولس تحقیقات میں مصروف ہے۔

اوکھلا میں ٹرین کا پہیہ پٹری سے اترا

نئی دہلی: پل سے نئی دہلی ہوکر غازی آباد جانے والی 64055 ممیو ٹرین کے ایک کوچ کا ایک پہیا جنوبی دہلی کے اوکھلا اسٹیشن پر پٹری سے اتر گیا۔ اس حادثہ میں کسی کو بھی کوئی چوٹ نہیں آئی۔ شمالی ریلوے کے چیف افسر تعلقات عامہ من چندھری نے بیان بتایا کہ تقریباً 9:45 منٹ پر ممیو گاڑی کے موٹر کوچ کے بعد والے کوچ کا ایک پہیہ پٹری سے اتر گیا لیکن اس حادثہ میں کوئی بھی زخمی نہیں ہوا۔

ارحان گولڈ

گولڈ | ڈائمنڈ

Yesterday's 22ct Gold Rate

Rs. 28000/-

FOR 10 GMS RATE

ARHAN GOLD

Gold | Diamond

Malegaon : Tel. 02554-231717

Aurangabad : M. 9850350377

50 فیصد پاٹیدار تو BJP کے ساتھ ہی ہیں: واگھیلا

احمد آباد: گجرات کے سابق وزیراعلیٰ اور جن پکھ مورچہ کی قیادت کرنے والے قدآور لیڈر شنکر سنگھ واگھیلا نے آج کہا کہ گجرات میں بی جے پی سے ناراض پاٹیدار اوں کا کانگریس کے دروازے پر جمگھٹ استقبال نہ ہونے کی وجہ سے ان میں سے کم از کم 50 فیصد اختیارات میں ہیر پھیر اقتدار پارٹی کا ہی ساتھ دیں گے۔ واگھیلا نے بی جے پی کی جیت یقینی بنانے کیلئے کانگریس کے مقامی لیڈران کے خود اپنی پارٹی کی ہار کی سازباز لینے کا بھی الزام لگایا اور کہا کہ راہل گاندھی کو وہ پوری طرح سے ایک اچھا لیڈر مانتے ہیں جو جلد ہی پارٹی کے صدر بنیں گے جس کیلئے وہ انہیں پہلے ہی مبارکباد بھی دے چکے ہیں۔ یہاں ایک پروگرام میں انہوں نے کہا کہ بی جے پی کو 2002 کے مسلم ہندو۔ مسلمکی فرقہ وارانہ ہنگاموں پر صف بندی کی وجہ سے الیکشن جیت رہی ہے ترقی کی وجہ سے نہیں۔

استھان کی تقرری منسوخ کرنے سے سپریم کورٹ کا انکار

نئی دہلی: سپریم کورٹ نے ہندوستانی پولیس سروس (آئی پی ایس) کے سینئر افسر راکیش استھانہ کی مرکزی تفتیشی بیورو (سی بی آئی) کے خصوصی ڈائرکٹر کے طور پر تقرری منسوخ کرنے سے آج انکار کردیا۔ جسٹس آر کے اگروال اور جسٹس اے ایم کھانویلکر کی بنچ نے استھانہ کی تقرری چیلنج دینے والی غیر سرکاری تنظیم (این جی او) کامن کاز کی درخواست مسترد کردی۔ عدالت نے کہا کہ گجرات کیڈر کے سینئر آئی پی ایس افسر استھانہ کی تقرری میں کسی قانون کی خلاف ورزی نہیں کی گئی ہے۔ عدالت نے گزشتہ 24 نومبر کو درخواست کی سماعت مکمل کرتے ہوئے فیصلہ محفوظ کرلیا تھا۔

کھودا پہاڑ، نکلا چوہا

بینک میں ڈکیتی ہاتھ لگے 2000

ممبئی: کہتے ہیں کہ جب قسمت خراب ہو اور اگر آپ کے زیر زمین کوئی خزانہ دفن ہو اور اس کا سراغ ملے کے بعد بھی اگر آپ کے ہاتھ نہ لگے تو لوگ اپنی قسمت کو ہی الزام دیتے ہیں۔ کچھ اس طرح کا واقعہ ممبئی کے مضافات والے پارلے کی ایک بینک کا ہے جہاں دو طرفہ میں نہ ڈاکہ ضرور ڈالا، لیکن ان کے ہاتھوں صرف دو ہزار روپے اور چند ایکسٹرا نک سامان ہی لگے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق والے پارلے کی ایک ایکسس بینک شاخ میں ملزمین کیبن میں ملازمت کرتے تھے اور رات بینک سے متعلقہ لیٹرس میں ہی سوتے تھے کہ رشوت اشوب نے بینک پر ڈاکہ ڈالنے میں کامیابی ضرور حاصل کی، لیکن ان کے ہاتھوں دن بینک کی تجوری کھل پانی اور نہ ہی نقد ڈپازٹ کرنے والے متعین کو وہ کھولنے میں کامیاب ہوسکے۔ دونوں ملزمان چونکہ ہمیشہ بینک میں (باقی صفحہ 9 پر)

اگر لو جہاد کو نہیں روکا تو ہم مسلم لڑکیوں کو چھنانے بجرنگ دل کے نوجوانوں کو روانہ کریں گے

وشوا ہندو پریشد کی زہر افشانی

بنگلورو۔ وشوا ہندو پریشد کے لیڈر گوپال نے اپنے نفرت بھرے بیان میں کہا کہ اگر مسلم ''لو جہاد'' کے کھیل کو بند نہیں کریں گے تو وہ مسلم لڑکیوں کو اپنی جال میں پھنسانے کیلئے بجرنگ دل کے نوجوانوں کو روانہ کریں گے۔ وہ اتوار کے روز کرناٹک کے اڈپی میں منعقدہ ایک ''دھرم سنسد'' سے مخاطب تھے جس میں مختلف مٹادار اور مٹھ کے سربراہان بھی موجود تھے۔ اس اجلاس میں وہ ہزار سے زائد مٹھ گرو منتظمین کے سربراہان اور سنگھ پریوار کے دیگر لیڈروں نے بھی شرکت کی۔ راہل گاندھی، ممتا بنرجی، اکھلیش یادو، ارویند کیجریوال اور شریمتی سونیا گاندھی کا نام لئے بغیر گوپال نے کہا کہ ''مسلم لو جہاد'' کے ذریعہ ہندو لڑکیوں کو پھنسانے کی سازش کی جارہی ہے۔ ہم ہندو لڑکیوں کو بچانے کیلئے ایک ہیں اور مسلمان اور سیکولر بھی ایک ہی ہیں' مگر وہ نہیں جانتے کہ ہندوؤں میں صرف ایک مرتبہ شادی ہوتی ہے اور دوسرے کی مرتبہ شادیاں کرتے ہیں'' گوپال کے اس بیان پر (باقی صفحہ 9 پر)

فلسطینی کاز کے تئیں مودی کا اظہار یکجہتی

اسرائیل کے ساتھ مذاکرات کی بحالی پر زور

نئی دہلی: وزیراعظم نریندر مودی نے فلسطینی کاز کے تئیں یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے مشکل کو فلسطین۔ اسرائیل تنازعہ کا جامع حل نکالنے کیلئے دونوں فریقوں کے درمیان جلد از جلد مذاکرات بحال کرنے پر زور دیا۔ فلسطینی عوام کے ساتھ عالمی یوم یکجہتی کی مناسبت سے اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ صحتمند، باوقار اور مستقل فلسطینی ریاست کے بغیر از جلد وجود میں آنے کی توقع کرتے ہیں، جو اسرائیل کے ساتھ پرامن تنازعے کا بھی پائیدار حل نکالے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان ہمیشہ فلسطین کا دوست ملک رہا ہے اور وہ آئندہ بھی فلسطینی عوام کی یکجہتی کا اظہار کرتا رہے گا۔ وزیراعظم نے اپنے پیغام میں فلسطینی کاز کے تئیں ہندوستان کی تاریخی حمایت کا اعادہ کیا اور کہا کہ ہندوستان ہمیشہ فلسطین کی ترقیات اور ترقی تعمیراتی کوششوں میں مدد کرتا رہے گا۔

راہل ہندو دہشت گردی کو پرساد لشکر طیبہ سے زیادہ خطرناک سمجھتے ہیں

احمد آباد: مرکزی وزیر قانون اور سینئر بی جے پی لیڈر روی شنکر پرساد نے آج الزام لگایا کہ راہل گاندھی ہندو یا بھگوا دہشت گردی کو لشکر طیبہ بھی دہشت گرد تنظیم سے زیادہ خطرناک سمجھتے ہیں۔ پرساد کا یہ بیان ایسے وقت آیا ہے جب ایک دن پہلے ہی گجرات میں انتخابی تشہیر کے دوران وزیراعظم نریندر مودی نے کانگریس اور کانگریسی پر شکست خوردہ حافظ سعید کی پاکستانی عدالت کی طرف رہائی پر تنقید کرتے ہوئے الزام لگایا تھا۔ پرساد نے آج میڈیا پر بتایا کہ کانگریس میں کہا گیا کہ 26/11 کے ممبئی دہشت گرد حملہ کے بعد اس وقت کی امریکی وزیر خارجہ ہلیری کلنٹن نے ہندوستان آنے کی خواہش ظاہر کی تھی۔ اس وقت کے وزیراعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ نے انہیں آنے کی دعوت دی تھی۔ اس میں راہل بھی موجود تھے۔ ان کے مطابق ہلیری نے کہا کہ ہندوستان کو ممبئی حملوں کے بارے میں اطلاع کے بعد وزیر گریش مہاجن نے ہاتھ میں ایک ریا اور لیا اور جنگل کے مخلوص کے ہاکاروں کے ہمراہ (باقی صفحہ 9 پر)

مہاراشٹر کے وزیر گریش مہاجن چیتے کے شکار پر

ممبئی: مہاراشٹر کے وزیر برائے آبی وسائل گریش مہاجن ہفتہ تنازع کا شکار رہے ہیں، اور اس بار وہ چیتے کے شکار کی بحث میں پڑ گئے ہیں کیونکہ ان دنوں سوشل میڈیا پر مہاجن کی ویڈیو وائرل ہورہی ہے۔ جس میں وہ ایک چیتے کے شکار کیلئے اپنے ہاتھوں میں ایک ریوالور کے ساتھ دکھائی دے رہے ہیں۔ دراصل مہاراشٹر کے جلگاؤں ضلع میں ایک آدم خور چیتا متواتی لوگوں کیلئے تشویش کا باعث بنا ہوا ہے اور اس نے چیتے نے اب تک پانچ افراد کو ہلاک کردیا اور ان وارداتوں کے بعد محکمہ نے اسے مارنے کا حکم دیا۔ مذکورہ آدم خور چیتے کے جلگاؤں کے جنگلوں میں پنجرہ ہونے کے بارے میں اطلاع کے بعد وزیر گریش مہاجن نے ہاتھ میں ایک ریوالور لیا اور جنگل کے مخلوص کے ہاکاروں کے ہمراہ (باقی صفحہ 9 پر)

روزنامہ ایشیا ایکسپریس

پوپ فرانسس کی سوچی اور فوجی سربراہ سے ملاقات

روہنگیا مسلمانوں کے ذکر سے گریز، تمام برمی شہریوں کے تحفظ کا مطالبہ

نیپداؤ: رومن کیتھولک کے روحانی پیشوا پوپ فرانسیس نے میانمار کے فوجی سربراہ اور حکمراں جماعت کی رہنما آنگ سان سوچی سے ملاقاتیں کیں۔ پوپ فرانسیس نے کہا ہے کہ میانمار کے مستقبل کا انحصار تمام نسلی گروپوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے حقوق کے احترام میں ہے۔ انھوں نے میانمار کی سکیورٹی فورسز اور بدھ مت انتہا پسندوں کی تشدد آمیز کارروائیوں اور مظالم کا شکار روہنگیا مسلمانوں کا براہ راست ذکر نہیں کیا ہے اور اس طرح بالواسطہ انداز اور دبے لفظوں میں ان کی حمایت کا اظہار کیا ہے۔ پوپ فرانسیس نے منگل کے روز دارالحکومت نے نیپداؤ میں میانمار کی سول لیڈر آنگ سان سوچی، دوسرے حکام اور سفارت کاروں کے ایک اجتماع سے خطاب میں روہنگیا کے خلاف کریک ڈاؤن کا بھی حوالہ نہیں دیا ہے۔ البتہ انھوں نے سول تنازعے میں مصائب کا شکار ہونے والے میانمار کے لوگوں کی حالتِ زار پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ جو کوئی بھی میانمار کو اپنا وطن کہتا ہے، اس کے بنیادی انسانی حقوق اور وقار کا تحفظ کیا جانا چاہیے۔ پاپائے روم نے نوبل امن انعام یافتہ آنگ سان سوچی کی ملک کے مختلف گروپوں کے درمیان مصالحت کے لیے کوششوں کی حمایت کا اظہار کیا اور اس بات پر زور دیا کہ بدھ مت اکثریتی آبادی کے حامل اس ملک میں مذہبی اختلافات کو تقسیم اور عدم اعتماد کا ذریعہ نہیں بننا چاہیے۔ قبل ازیں انہوں نے میانمار کے فوجی سربراہ سے بھی ملاقات کی، میانمار کے فوجی سربراہ نے کہا ہے کہ انھوں نے پوپ فرانسس کو بتایا ہے کہ اُن کے ملک میں کوئی ''مذہبی امتیاز نہیں برتا جاتا''، جہاں روہنگیا مسلمانوں کے خلاف تشدد کو امریکہ نے ''نسل کشی'' قرار دیا ہے۔ سینئر جنرل من آنگ ہلینگ کے دفتر نے 'فیس بک' پر شائع ایک پوسٹ میں کہا ہے کہ ''میانمار میں کسی کے ساتھ قطعاً کوئی امتیاز نہیں برتا جاتا۔ اِسی طرح، ہماری فوج بھی ملک کے امن و استحکام کے کام میں مدد دیتی رہی ہے''۔ پاپائے روم کی جانب سے ''روہنگیا'' کی اصطلاح کے استعمال سے گریز اور آنگ سان سوچی کی حکومت کی حوصلہ افزائی سے روہنگیا اقلیت سے تعلق رکھنے والے انسانی حقوق کے کارکنان اور انسانی حقوق کے گروپوں نے مایوسی کا اظہار کیا ہے کیونکہ ان کا کہنا ہے کہ روہنگیا مسلمانوں کے خلاف برمی فورسز کے کریک ڈاؤن اور بدھ مت بلوائیوں کے حملوں کو رکوانے میں آنگ سوچی نے کچھ نہیں کیا ہے۔ شورش زدہ ریاست رخائن میں واقع شہر ستوے کے نواح میں ایک کیمپ میں ۵۳ سالہ روہنگیا مسلم کیاو نینگ کا کہنا تھا'' ہم یہ خیال کر رہے تھے کہ پوپ روہنگیا عوام کے مصائب کا ذکر کریں گے، ان کا حوالہ دیں گے لیکن انھوں نے روہنگیا کا نام تک نہیں لیا ہے اور یہ مکمل طور پر نا قابل قبول ہے۔ ہمیں بہت افسوس ہے کہ (پوپ کی تقریر میں) ہماری شناخت ہی گم کر دی گئی ہے''۔ پوپ کے اس طرزِ عمل کے باوجود ہیومن رائٹس واچ کے ایشیا ڈویژن کے ڈپٹی ڈائریکٹر فل رابرٹسن نے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ ''وہ بدھ کو عوامی ریلی کے دوران میں روہنگیا کی اصطلاح استعمال کریں گے''۔ انھوں نے کہا کہ ''پوپ نے روہنگیا کے حقوق کو تسلیم کرنے سے متعلق اپنے سابقہ پیغامات کو دہرانے کا ایک موقع گنوا دیا ہے۔

حزب اللہ سے بیرونی مداخلت ختم کرنے کا مطالبہ

لبنانی تنظیم کی ہٹ دھرمی برقرار رہنے پر دوبارہ مستعفی ہونے کا عندیہ،

سعد الحریری کا سعودی دورہ پر وضاحت سے انکار

طرابلس: لبنان کے وزیر اعظم سعد حریری کا کہنا ہے کہ اگر حزب اللہ نے موجودہ صورت حال کی تبدیلی کو قبول نہ کیا تو وہ مستعفی ہو جائیں گے۔ پیر کے روز فرانسیسی ٹیلی وژن کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں حریری نے واضح کیا کہ ایران کی حمایت یافتہ حزب اللہ پر لازم ہے کہ وہ بیرونی مداخلت کا سلسلہ روک دے اور ملک میں سیاسی بحران کے خاتمے کے لیے 'غیر جانبدار' پالیسی کو قبول کرے۔ لبنانی وزیر اعظم نے کہا کہ میں اپنی حکومت میں ایسی سیاسی جماعت نہیں چاہتا جو دیگر عرب ممالک کے خلاف بعض عرب ممالک میں مداخلت کرے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ میں اس غیر جانبدارانہ موقف کا منتظر ہوں جس پر ہمارا حکومت میں اتفاق رائے ہوا تھا۔ ایسا ممکن نہیں کہ ہم بولیں کچھ اور کریں کچھ اور۔ حزب اللہ ملیشیا خطے میں ایران کے توسیعی ایجنڈے پر عمل درآمد کر رہی ہے۔ اس کی بنیاد فرقہ وارانہ ملیشیاؤں کے ذریعے عرب ممالک میں انارکی اور عدم استحکام پھیلانا ہے۔ اپنے اسی انٹرویو میں لبنان کے وزیر اعظم سعد حریری نے کہا ہے کہ تین ہفتے قبل جو کچھ بھی سعودی عرب میں پیش آیا وہ راز ہی رہے گا اور وہ اس بارے میں بات کرنا پسند نہیں کریں گے۔ سعد حریری نے کہا کہ وہ مستعفی ہو کر لبنانی عوام میں مثبت سوچ لانا چاہتے تھے۔ انھوں نے مزید کہا کہ سعودی عرب میں ان پر استعفیٰ دینے کے حوالے سے کوئی دباؤ نہیں تھا۔ یاد رہے کہ سعد حریری نے سعودی عرب پر دورے کے دوران ۴ نومبر کو مستعفی ہونے کا اعلان کیا تھا۔ تاہم ۲۲ نومبر کو فرانس سے لبنان واپس پہنچنے پر مستعفی ہونے کا فیصلہ ملتوی کر دیا۔ لبنان کے وزیرِ اعظم سعد حریری نے اپنی زندگی کو لاحق خطرات کی وجہ سے مستعفی ہونے کا اعلان کرتے ہوئے ایران پر شدید تنقید کی تھی۔ سعد حریری نے سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں منعقدہ ایک نیوز کانفرنس میں اچانک مستعفی ہونے کا اعلان کر کے سب کو حیران کر دیا تھا۔

شمالی کوریا ایک اور میزائل تجربہ کی تیاری کر رہا ہے

امریکہ کو راکھ کا ڈھیر بنا دیں گے، شمالی کوریا کی دھمکی

ٹوکیو: جاپان نے شمالی کوریا کے خفیہ ریڈیو سگنلز کا سراغ لگایا ہے، جس کے بعد خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ شمالی کوریا آئندہ چند روز میں ایک اور ایٹمی میزائل کا تجربہ کرنے کی تیاریوں میں ہے۔ البتہ جاپانی دعوے کی تصدیق امریکی جاسوس سیاروں سے نہیں کر سکے۔ جو شمالی کوریا کی ایک ایک حرکت پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہیں۔ شمالی کوریا کے ممکنہ میزائل تجربے سے متعلق موصول ہونے والے ریڈیو سگنلز کے بعد جاپانی کی حکومت مستعدی سے صورتحال کا جائزہ لے رہی ہے۔ دوسری جانب شمالی کوریا کے صدر کم ان جونگ کا کہنا ہے کہ امریکہ دنیا میں اپنے کالے کرتوت بند کر دے ورنہ راکھ کا ڈھیر بنا دیں گے، شمالی کوریا کے صدر کی ٹرمپ کو بڑی دھمکی ملتے ہی جاپان بھی حرکت میں آ گیا۔ جس پر جاپان کا کہنا ہے کہ یہ بھی توقع کی جا رہی ہے کہ یہ میزائل تجربہ شمالی کوریا کی سرمائی فوجی مشقوں کا حصہ ہوگا۔ دوسری جانب شمالی کوریا کی جانب سے ممکنہ میزائل تجربے کے حوالے سے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے امریکی محکمہ دفاع (پنٹاگون) کے ترجمان کرنل رابرٹ میننگ کا کہنا ہے کہ امریکا شمالی کوریا پر گہری نگاہ رکھے ہوئے ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ سردست امریکا کی جانب سے شمالی کوریا کا تنازعہ الجھانے کیلیے سفارتی کوششیں جاری ہیں البتہ ان میں فوجی کارروائی کے امکانات بھی شامل ہیں جبکہ امریکا اور جنوبی کوریا کا اتحاد شمالی کوریا کے کسی بھی اشتعال انگیز حملے کا مؤثر جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

یمن میں شدید لڑائی

دبئی: یمن میں عسکری ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ مارب صوبے کے مغرب میں واقع صرواح گورنری کے محاذوں پر لڑائی کے دوران حوثی ملیشیا کے ۱۲ ارکان مارے گئے اور متعدد زخمی ہو گئے۔ اس کے علاوہ باغیوں کی کئی عسکری گاڑیاں اور فوجی ساز و سامان بھی تباہ ہو گیا۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ اتحادی طیاروں نے ہیلان کے مغرب میں باغیوں کے ٹھکانوں کی جانب جانے والی ملیشیا کی کمک کو بھی نشانہ بنایا۔

کینیا ٹا کی حلف برداری

نیروبی: کینیا کے صدر اوہورو کینیاٹا نے دوسری مدت صدارت کے لیے حلف اٹھا لیا ہے۔ نیروبی میں منعقدہ ایک تقریب میں جب انہوں نے حلف اٹھایا تو دوسری طرف اپوزیشن کے حامی ان کے خلاف مظاہروں میں شریک تھے۔ اس موقع پر دارالحکومت میں سکیورٹی ہائی الرٹ رکھی گئی۔ رواں برس ۲۶ اکتوبر کو ہونے والے الیکشن میں کینیاٹا نے کامیابی حاصل کی تھی۔ اپوزیشن لیڈر رائلا اوڈنگا نے اس انتخابی عمل کا بائیکاٹ کیا تھا تاہم آج انہوں نے عوام سے مظاہروں کی اپیل کر رکھی تھی۔

جرمنی کے تارکینِ وطن حامی میئر پر حملہ

ہولشٹائن مقررہ تعداد سے زیادہ مہاجرین کو پناہ دینے کیلئے رضامند

برلن: جرمن صوبے نارتھ رائن ویسٹ فیلیا کے شہر آلٹینا کے میئر آندریاس ہولشٹائن خنجر کے ایک حملے میں زخمی ہو گئے ہیں۔ مقامی ذرائع ابلاغ کے مطابق ہولشٹائن کو اس وقت نشانہ بنایا گیا، جب وہ شوارما (ڈونر) کی دکان پر موجود تھے۔ تازہ ترین اطلاعات کے مطابق ہولشٹائن اس حملے میں معمولی سے زخمی ہوئے اور اس دوران انہیں ہسپتال سے واپس گھر بھیج دیا گیا ہے۔ صوبہ نارتھ رائن ویسٹ فیلیا کے وزیر اعلیٰ آرمن لاشرٹ نے بتایا ہے کہ پولیس ذرائع کے مطابق ہولشٹائن پر اس حملے کا سیاسی پس منظر ہو سکتا ہے۔ لاشرٹ کے مطابق حملہ آور کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ شراب کے نشے میں دھت مبینہ حملہ آور نے خنجر سے وار کرنے سے قبل پناہ گزینوں کے حوالے سے اپنے تحفظات کا اظہار کیا تھا۔ نارتھ رائن ویسٹ فیلیا کا شہر آلٹینا پورے ملک میں مہاجر دوست اپنی پالیسی کی وجہ سے مشہور ہے۔ میئر آندریاس ہولشٹائن ماضی میں کئی بار کہہ چکے ہیں کہ وہ مقررہ کوٹے سے زیادہ مہاجرین کو پناہ دینے پر راضی ہیں۔ اس تناظر میں ان کی جانب سے اختیار کی جانے والی پالیسی کے انتہائی مثبت نتائج سامنے آئے۔ ذرائع کے مطابق گرفتاری کے موقع پر بھی مبینہ حملہ آور پناہ گزینوں کو برا بھلا کہہ رہا تھا۔ آندریاس ہولشٹائن کا تعلق چانسلر انگیلا میرکل کی جماعت کرسچن ڈیموکریٹک یونین (سی ڈی یو) سے ہے۔ چانسلر میرکل پر بھی تارکینِ وطن کی حمایت کے سبب تنقیدیں کی جاتی ہیں۔

ترکی۔ایران۔قطر معاہدے

تہران: ترکی، ایران اور قطر کے درمیان تجارتی نقل و حمل کی سہولت پر مبنی معاہدے پر دستخط کر دیے گئے۔ معاہدے کی تقریب تہران میں ہوئی جہاں ترک وزیر اقتصادی امور نہاد زیبک جی، ایرانی وزیر معدنی امور و تجارت محمد شریعت مداری اور قطری وزیر اقتصادیات شیخ احمد بن جاسم الثانی کی طرف سے دستخط کیے گئے۔ اس معاہدے کے تحت تینوں ممالک کے مابین ایک مشترکہ گروپ تشکیل دیا جائے گا جو ہر ۳ سال میں ایک بار اجلاس طلب کرے گا جس میں تجارتی تعلقات کے فروغ پر غور ہوگا۔

رومانیہ میں مظاہرے

بخارسٹ: رومانیہ میں شہریوں کی بڑی تعداد نے حکومت کے خلاف احتجاجی مظاہرے کیے ہیں۔ بین الاقوامی ذرائع ابلاغ کے مطابق اتوار اور پیر کی درمیانی شب رومانیا کے دارالحکومت بخارسٹ کے علاوہ دیگر بڑے شہروں میں ہزاروں افراد سڑکوں پر نکلے۔ یہ مظاہرین حکومت کی طرف سے نظام قانون میں مجوزہ اصلاحات کی مخالفت کر رہے تھے۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ اس طرح اعلیٰ سطح پر بدعنوانی کے راستے کھل جائیں گے۔ حکومت ٹیکس نظام میں بھی تبدیلیاں کرنا چاہتی ہے۔

آئیوری کوسٹ میں یورپ۔افریقہ اجلاس

جرمن چانسلر اور فرانسیسی صدر سربراہ اجلاس میں شرکت کریں گے

عابدجان: آئیوری کوسٹ میں آج بدھ ۲۹ نومبر سے یورپی افریقی سربراہی اجلاس شروع ہو رہا ہے۔ اس موقع پر جرمن چانسلر انگیلا میرکل کی کوشش ہوگی کہ اقتصادی روابط میں اضافے کی کوشش کی جائے گی۔ جرمن چانسلر انگیلا میرکل کی کوشش ہوگی عابد جان میں ہونے والے اس اجلاس میں تجارتی روابط کو بڑھانے اور ہجرت کو منظم کرنے جیسے موضوعات پر توجہ مرکوز کی جائے۔ میرکل کو جرمنی میں انہیں دونوں معاملات پر دباؤ کا سامنا ہے۔ میرکل گزشتہ ایک ماہ سے زائد کے عرصے سے نئی حکومت کے قیام کی کوششوں میں لگی ہوئی تھیں۔ اس اجلاس میں فرانسیسی صدر ایمانوئیل ماکروں بھی شرکت کریں گے۔ اس دوران دیگر موضوعات میں تعلیم، نوجوانوں کے امور اور اقتصادی ترقی جیسے شعبوں میں سرمایہ کاری پر بات کی جائے گی، تاکہ پناہ گزینوں اور معاشی مسائل کی وجہ سے ہجرت کرنے والوں کو بحیرہ روم کے پر خطر سفر سے روکا جا سکے۔ یہ دورہ جرمن چانسلر کے لیے اس وجہ سے بھی اہم ہے کہ ۲۰۱۵ء میں دس لاکھ مہاجرین کو ملک میں داخل ہونے کی اجازت دینے کے فیصلے کے باعث انہیں تنقید کا سامنا ہے۔ افریقی ممالک کے ساتھ جرمنی کا تجارتی توازن تقریباً چودہ فیصد تک پہنچ چکا ہے۔ اس تناظر میں جرمن افریقی بزنس ایسوسی ایشن کے ڈائریکٹر کرسٹوف کانگیسر نے کہا، ''مستقبل میں بھی اس منڈی میں جرمن صنعت کی نمائندگی پوری طرح دکھائی دینے کے آثار کم ہیں''۔

آسٹریلیا پولیس کی کارروائی، مشتبہ نوجوان گرفتار

نئے سال کے موقع پر دہشت گردی کی منصوبہ بندی کے الزامات

میلبورن: آسٹریلوی پولیس نے دہشت گردی کی منصوبہ بندی کے شبے میں ایک ۲۰ سالہ مبینہ شخص کو گرفتار کر لیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ یہ شخص بڑے پیمانے پر لوگوں کو ہلاک کرنا چاہتا تھا۔ خبر رساں ادارے روئٹرز نے منگل کو بتایا ہے کہ آسٹریلوی پولیس نے میلبورن شہر سے ایک مشتبہ جنگجو کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس کے مطابق یہ ملزم نئے سال کی آمد کے موقع پر وسیع پیمانے پر فائرنگ کا منصوبہ بنا رہا تھا۔ میلبورن پولیس کے مطابق ۲۰ سالہ صومالی نژاد آسٹریلوی ایک آٹومیٹک گن خریدنے کی کوشش میں تھا تاکہ میلبورن کے فیڈریشن اسکوائر پر شوٹنگ کر سکے۔ اس مقام پر سال نو کے موقع پر ہزاروں افراد جمع ہوتے ہیں۔ پولیس کے مطابق یہ زیادہ سے زیادہ افراد کو ہلاک کرنے کا منصوبہ رکھتا تھا۔ وکٹوریہ ریاست کے ڈپٹی کمشنر پولیس شین پاٹن کی طرف سے بتایا گیا ہے کہ یہ شخص اکیلا ہی اس منصوبہ بندی میں تھا اور اس کی طرف سے آتشی اسلحہ خریدنے سے قبل ہی بروز پیر گرفتار کر لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس صومالی نژاد شخص پر شبے کے بعد رواں برس کے اوائل سے ہی زیر نگرانی تھا۔ منگل کے دن میلبورن میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب میں انہوں نے مزید کہا کہ یہ ملزم ویب سائٹ کے ذریعے ایسے مواد تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش میں بھی تھا کہ حملہ کیسے کیا جا سکتا ہے۔ شین پاٹن نے مزید کہا کہ پولیس کو شک ہے کہ یہ ملزم انتہا پسند گروہ داعش کا ہمدرد ہے۔ انہوں نے کہا کہ گرفتاری کے بعد اس مشتبہ شخص پر دہشت گردی کے الزامات کے تحت فرد جرم عائد کیا گیا ہے۔ مغربی ممالک میں ہونے والے حالیہ دہشت گردانہ حملوں کے باعث سکیورٹی ہائی الرٹ ہے۔ بالخصوص شام اور عراق میں داعش کی پسپائی کے باعث ایسے خدشات ہیں کہ وہاں فعال رہنے والے جنگجو اب دوسرے ممالک کا رخ بھی کر سکتے ہیں۔

چین کے دو بچوں کے خطرناک سفر پر بحث و مباحثہ

والدین سے ملنے کے لیے چینی بچوں نے ۸۰ کلومیٹر کا سفر بس کے نیچے لٹک کر کیا

بیجنگ: چین میں ایک بس کے نیچے چھپ کر ۸۰ کلومیٹر کا سفر کرنے والے دو بچوں کی تصاویر نے ملک میں والدین سے الگ رہ جانے والے بچوں کی فلاح کے حوالے سے ایک بحث چھیڑ دی ہے۔ دونوں بچے جن کے نام ریاستی میڈیا نے ظاہر نہیں کیے، جنوبی علاقے گوانگ شی کے رہائشی ہیں اور وہ ہمسایہ صوبے گوانڈونگ جانا چاہتے تھے جہاں ان کے والدین کام کرتے ہیں۔ ان دونوں کی گمشدگی کی اطلاع ان کے ایک استاد نے ۲۳ نومبر کو دی اور انھیں اسی روز ایک بس اسٹیشن پر گاڑی کے نیچے تلاش کر لیا گیا۔ تصاویر اور ویڈیوز میں دیکھا جا سکتا ہے کہ مٹی سے اٹے ہوئے دونوں بچے بس کے نچلے حصے سے چپکے ہوئے ہیں۔ چینی اخبار کے مطابق دونوں بچوں کی عمریں ۸ اور ۹ برس ہیں اور جب بس ایک اسٹیشن پر رکی تو انھیں سکیورٹی اہلکاروں نے ڈھونڈ نکالا۔ لوگ حیران تھے کہ انھوں نے اس سفر کے دوران کم سے کم تین میل تک ڈھلانوں سے گزری اور یہ دونوں محفوظ رہے۔ بس کے عملے کے ایک رکن کا کہنا تھا کہ 'یہ دونوں بچے بہت دبلے پتلے تھے اس لیے بس کے نیچے با آسانی چھپ گئے۔' عملے کا کہنا تھا کہ دونوں بچے کسی بھی قسم کے سوالات کے جواب دینے سے ہچکچا رہے تھے۔ تاہم ایک شخص کا کہنا تھا کہ 'ہم اس نتیجے پر پہنچے کہ یہ دونوں اپنے والدین کو یاد کر رہے تھے۔' وہ بس کے نیچے اس لیے چھپے کیونکہ وہ اپنے والدین کو تلاش کرنا چاہتے تھے۔' اطلاعات ہیں کہ بچوں کے رشتہ داروں کو آگاہ کر دیا گیا تھا جو انھیں اسی شام لے گئے تھے۔ ان واقعے نے چین میں آن لائن دنیا کو حیرت زدہ کر دیا اور مائکرو بلاگنگ سائٹ سینا وائبو پر ہزاروں لوگوں نے اس پر رائے کا اظہار کیا۔ متعدد صارفین نے یہ تصاویر شیئر کیں اور اسے اندوہ ناک واقعہ قرار دیا۔ ایک صارف کا کہنا تھا: 'چین میں کئی بچے اتنی کم عمری میں اپنے والیدن سے الگ ہیں۔

بدعنوان اسرائیلی وزیر اعظم کو تحفظ فراہم کرنے کی کوشش

متنازع آئینی بل کے حوالے سے اسرائیلی سیاسی حلقوں میں اختلافات

دبئی: اسرائیلی پارلیمنٹ (کنیسٹ) نے کرپشن کے کئی کیسز کا سامنا کرنے والے مذہبی شدت پسند وزیر اعظم بنجمن نیتن یاھو کو آئینی تحفظ دینے کے لیے ایک متنازع آئینی بل کی منظوری کی کوششیں شروع کی گئی ہیں۔ اطلاعات کے مطابق پیر کی شام اسرائیلی کنیسٹ کے اجلاس میں پیش کردہ متنازع آئینی بل پر ابتدائی رائے شماری کی گئی۔ اس قانون کی منظوری کے بعد پولیس وزیر اعظم کے خلاف جاری بدعنوانی کے کیسز کی تحقیقات کو آگے نہیں بڑھا سکے گی۔ اس طرح نیتن یاھو کسی مواخذہ یا فرد جرم سے بچ جائیں گے۔ اسرائیل کی حکمراں جماعت 'لیکوڈ' کا کہنا ہے کہ وہ کم سے کم وقت میں آئینی پروگرام کو آگے بڑھانے کی کوشش کر رہی ہے تاکہ وزیر اعظم کے گرد گھیرا تنگ ہوتے تحقیقات کے دائرے کو روکا جا سکے۔ خیال رہے بنجمن نیتن یاھو دو بڑے کرپشن کیسز کا سامنا کر رہے ہیں۔ ان میں سے ایک مقدمہ میں وہ ایک کاروباری شخصیت سے قیمتی تحائف وصول کرنے اور دوسرے مقدمہ میں انہیں مخالف اخبارات کو انتخابی مہم کے دوران دباؤ میں لانے کے الزامات ہیں۔ عبرانی اخبار 'یدیعوت احرونوت' کے مطابق گذشتہ روز پارلیمنٹ کے اجلاس میں پیش کردہ بل کے موقع پر ۱۲۰ کے ایوان میں موجود ۴۶ ارکان نے حمایت کی جب کہ ۳۷ نے اس کی مخالفت کی تھی۔ قانون کی منظوری اور اس کے نفاذ کے لیے آئینی بل پر تین بار رائے شماری ضروری ہے۔ 'ہارٹز' اخبار کے مطابق نیتن یاھو کو تحفظ دینے کے مجوزہ آئین کی منظوری کے بعد پولیس اٹارنی جنرل کو وزیر اعظم کے خلاف صرف شواہد فراہم کرنے کی مجاز ہوگی اور عدالتی کارروائی کی سفارش نہیں کر سکے گی۔ سابق اسرائیلی وزیر اعظم ایہود باراک نے مجوزہ آئینی بل پر نیتن یاھو کا مذاق کیا ہے۔

انڈونیشیا کے جزیرہ بالی سے ہزاروں افراد کا انخلاء

آتش فشاں کی راکھ اور دھواں ہزاروں فٹ بلند، سیکڑوں پروازیں منسوخ

جکارتہ: انڈونیشیا کے جزیرے بالی کے ایک آتش فشاں پہاڑ سے راکھ نکلنے کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث جزیرے کا بین الاقوامی ہوائی اڈہ منگل کو مسلسل دوسرے روز بھی پروازوں کے لیے بند ہے۔ ہوائی اڈہ بند ہونے کے باعث ہزاروں غیر ملکی سیاح اور مسافر جزیرے پر پھنسے ہوئے ہیں جب کہ حکام نے ایک بار پھر آتش فشاں پہاڑ کے نزدیک آباد دیہاتیوں کو متنبہ کیا ہے کہ وہ فوراً علاقے سے نکل جائیں۔ بالی کے ماؤنٹ آگونگ سے اتوار کو راکھ نکلنا شروع ہوئی تھی اور اس وقت پہاڑ کی چوٹی سے تین ہزار میٹر کی بلندی تک راکھ کے سفید اور سرمئی گہرے بادل دیکھے جا سکتے ہیں۔ راکھ اگلنے کے ساتھ ساتھ پہاڑ کے اندر لاوا بھی ابل رہا ہے، جس کی گڑگڑاہٹ ۱۲ کلومیٹر دور تک سنی جا سکتی ہے۔ انڈونیشیا کے قدرتی آفات سے نبٹنے کے ادارے نے پیر کو آتش فشاں سے لاحق خطرے کو انتہائی حد تک بڑھانے کا اعلان کرتے ہوئے اس کے اردگرد ۱۰ کلومیٹر کے علاقے کے لوگوں کو لازمی انخلا کا حکم دیا تھا۔ حکام کے مطابق اس وارننگ سے آتش فشاں کے اردگرد آباد ایک لاکھ افراد کو اپنا گھر بار چھوڑنا پڑے گا تاہم حکومت کے انتباہ کے باوجود علاقے میں اب بھی ہزاروں افراد اپنے گھروں میں موجود ہیں۔ ماہرین ارضیات کا کہنا ہے کہ آتش فشاں کے پوری شدت سے پھٹنے اور لاوے کے پھیلنے کا بہت زیادہ امکان ہے جب کہ یہ خدشہ بھی ہے کہ یہ آتش فشاں کئی ہفتوں تک متحرک رہ سکتا ہے۔ اگونگ کا آتش فشاں آخری بار ۱۹۶۳ء میں پھٹا تھا جس سے ۱۱۰۰ سے زائد افراد ہلاک ہوئے تھے۔ جزیرے کے ہوائی اڈے کی انتظامیہ نے منگل کو کہا ہے کہ مسافروں اور پروازوں کی حفاظت کے پیش نظر ہوائی اڈہ مزید ۲۴ گھنٹے کے لیے بند رہے گا۔ آتش فشاں کی راکھ جہازوں کے لیے انتہائی خطرناک ثابت ہو سکتی ہے اور حکام کے مطابق اس وقت پہاڑ سے نکلنے والی راکھ جنوب اور جنوب مغرب کی جانب ہوائی اڈے کی طرف بڑھ رہی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ آتش فشاں کی راکھ فضا میں ۳۰ ہزار فٹ کی بلندی تک موجود ہے اور اس نے بیشتر جزیرے کی فضا کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے، جس کے باعث پروازوں کی آمد و رفت انتہائی خطرناک ہو سکتی ہے تقریباً ۴۰۰۰۰ لوگ اپنے گھروں کو چھوڑ کر محفوظ مقام پر چلے گئے ہیں۔ انڈونیشیا میں حکام نے ماؤنٹ آگنگ کے آتش فشاں پھٹنے کے پیش نظر خطرے کا امکان سب سے اونچے درجے پر کر دیا ہے اور پہاڑ کے اطراف میں متاثرہ علاقے کی حدود بھی بڑھا دی ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ جزیرے کا ہوائی اڈہ بھی بند کر دیا گیا ہے، جس کی وجہ سے ہزاروں سیاح یہاں پھنس گئے ہیں۔

سوچی برطانوی اعزاز فریڈم آف سٹی سے محروم

لندن: میانمار کی حکمراں جماعت کی سربراہ آنگ سان سوچی کو ایک اور جھٹکا لگا ہے۔ برطانیہ کی آکسفورڈ کونسل نے میانمار میں روہنگیا مسلمانوں کے قتل عام اور ان پر ڈھائے جانے والے مظالم کے خلاف سوچی کے ذریعہ چپی سادھے جانے پر ان سے فریڈم آف سٹی کا اعزاز واپس لے لیا ہے۔ برطانیہ کے دارالحکومت لندن میں کونسل کی فل ہاؤس میٹنگ میں متفقہ طور پر آنگ سان سوچی سے یہ اعزاز واپس لینے کا فیصلہ کیا گیا۔ دی گارجین ڈاٹ کام کے مطابق، ۱۹۹۷ء میں میانمار کی حکمراں کو اس اعزاز سے نوازا گیا تھا۔

ہیلی کاپٹر گر کر تباہ، دو افراد ہلاک ماسکو

:روس میں ایک ہیلی کاپٹر گر کر تباہ ہو گیا جس کے نتیجے میں ۲ افراد ہلاک ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق روس میں ایک ہیلی کاپٹر کے گر کر تباہ ہو جانے سے دو افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔ روس کی ہنگامی حالات کی وزارت کی طرف سے جاری اعلان میں بتایا گیا ہے کہ گر کر تباہ ہو جانے والے ہیلی کاپٹر کا ملبہ ٹموف کے رہائشی علاقے شینوکا سے ایک کلومیٹر فاصلے سے ملا ہے۔ ہیلی کاپٹر میں سوار پائلٹ اور ایک مسافر ہلاک ہو گئے ہیں۔ روس میں ایک ہیلی کاپٹر گر کر تباہ ہو گیا جس کے نتیجے میں ۲ افراد ہلاک ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق روس میں ایک ہیلی کاپٹر کے گر کر تباہ ہو جانے سے دو افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔

औरंगाबाद महानगरपालिका औरंगाबाद
सर्वसाधारण सभा
कार्यक्रम पत्रिका क्रमांक-(०३)
जा.क्र.मनपा/नस/२०१७/५५५ दि.२८/११/२०१७
सूचना
औरंगाबाद महानगरपालिकेची शनिवार दिनांक ०२.१२.२०१७ रोजी सकाळी ११.३० वाजता आयोजीत करण्यात आलेली सर्वसाधारण सभा काही अपरिहार्य कारणास्तव मा.महापौर यांनी आदेशीत केल्यानुसार पुढे ढकलण्यात आली असून सदरील सभेची पुढील तारीख नंतर कळविण्यात येईल.
करीता, सर्व स.पालिका सदस्य व सर्व संबंधीतांनी याची कृपया नोंद घ्यावी ही विनंती.
मा.महापौर महोदय यांच्या आदेशानुसार.
स्वाक्षरित
(दिलीप दत्तात्रय सुर्यवंशी)
नगर सचिव,
महानगरपालिका, औरंगाबाद

Editor in Chief: Shareque Naqshbandi* E-mail: editor.asiaexpress@gmail.com (*Responsible For Selection of News and other contents),
For Advertisement Contact: 09823337323, E-mail: advt.asiaexpress@gmail.com **For Circulation Contact:** 09325766628 E-mail: asiaexpressurdu@gmail.com

السلام علیکم

کئی ایک کالس ھمیں روز آنہ آرھے ھیں اخبار وقت پہ کئ گروپسس
میں پوسٹ نھیں ھورھا ھے۔۔۔ سارے ھندوستان کے نمبرس
کوترسیل کرنا صرف ٹیلیگرام ایپ ھی واحد حل ھے۔۔ واٹسس ایپ
یا ٹیکسٹ میسیج کے بجاے آپ ٹیلگرام ایپ انسٹال کرکے ھمیں
مسیج کریں۔۔۔ آپ تمام جدید اراکین کو ٹیلگرام کے استعمال کا
طریقہ ویڈیوس کے زریعہ رھنمائ کی جائیگی۔۔۔ آج ھی یہ ایپ
پلے اسٹور سے انسٹال کریں۔۔۔
روزانہ صبح 6 بجے اخبار پوسٹ ھوتے ھیں

https://play.google.com/store/apps/details?id=org.telegram.plus

اردو دنیا

تمام اخبارات ورسائل کا مرکز

JUST TYPE URDU SEND ON

TELEGRAM APP NO'S

SYED IMRAN 8686 989905

OR

DAFEDAR ABDUL BASEER

9985 204027

JEEMain کے ٹائم ٹیبل کا اعلان

اورنگ آباد (اے۔ای) جی پی ایس بی بورڈ کی جانب سے جائنٹ انٹرنس امتحان JEE Main کا نظام الاوقات ظاہر کیا گیا ہے۔جس کے مطابق ۸ر اپریل JEE Main۲۰۱۸ آف لائن امتحان لیا جائیگا ،جبکہ ۱۵ اور ۱۹ اپریل کو اس کا آن لائن امتحان لیا جائیگا۔لہذا اس امتحان میں شرکت کے لئے خواہشمند امیدواروں کو یکم دسمبر سے فارم داخل کروانے کی ہدایت دی گئی ہے۔اس مرتبہ اس امتحان کی فیس بھرنے کے ساتھ ہی ایس کی کو بھی بھرنا ضروری قرار دیا گیا ہے، جو ۱۸۰۰ فیصد ہوگی ہے، جس کے لئے متعلقہ ویب سائٹ پر اس کی اطلاع دی جائیگی ہے۔اس امتحان کی آن لائن فیس ادا کرنے والے طلباء کو جی ایس بی کی او این سی کے ساتھ ایک فیصد چارجس ادا کرنا ہوگا جبکہ اس مرتبہ آن لائن رجسٹریشن کرتے وقت متعلقہ طلباء کو اپنے آدھار کارڈ نمبر کو بھی منسلک کرنا ہوگا JEE Main امتحان کے لئے مختلف قسم کے نصاب کو متعین کیا گیا ہے، جس کے مطابق ہیچ ایک اور دو آف لائن دینے والے کھلے دو مرد اور دو خواتین طلباء کے لئے امتحان فیس ایک ہزار روپے مقرر کی گئی ہے، جبکہ طالبہ کے لئے پانچ سو روپے فیس مقرر کی گئی ہے۔اس میں ایس ٹی اور پی ڈبلیو ڈی طلباء کیلئے ۵۰۰ روپے فیس رکھی۔آن لائن امتحان کے لئے مقررہ فیس آف لائن امتحان کی مذکورہ فیس سے نصف مقرر کی گئی ہے جس کے مطابق دونوں ہی امتحان میں شرکت کرنے والے طلباء کے لئے ۱۸۰۰ روپے اور طالبات کے لئے ۹۰۰ روپے فیس مقرر کی گئی ہے۔

کلکٹر نے لیا ترقیاتی کاموں کا جائزہ

نہر و بھون کے لئے فیروز خان اور سلیم علی جھیل پر ناصر صدیقی کی موثر نمائندگی

Photo Fayyaz saudagar

اورنگ آباد ۲۸ نومبر (سینئر رپورٹر) ضلع کلکٹر نول کشور رام نے آج سیمینل کارپوریشن کے تمام شعبہ جات کا جائزہ لیا۔ بعد ازاں تمام شعبہ صدور کو انہوں نے حکم دیا کہ کاموں کی ترجیحات طے کرکے سبھی شعبہ صدور 25 اجنبائی اہم کاموں کی فائلیں پیش کریں، انہیں فوری منظوری دی جائے گی۔ افسران کے بعد کلکٹر نے میئر گھوڑیلے، ڈپٹی میئر مجیبے اتحادیے، ہاؤس لیڈر وکاس سیمن، اپوزیشن لیڈر فیروز خان، چیئرمین پارکنگ اتھارٹی، اور ڈپٹی کمیشنرز کے چیئرمین و دیگر عہدیداران کے ہمراہ بھی میٹنگ کی۔ اس موقع پر میئر نندکمار گھوڑیلے نے کلکٹر کو 32 مختلف کاموں پر مشتمل مضر پیش کیا۔ جن میں میونسپل کارپوریشن کی ارافنیات کے پی سلاٹر ہاؤس، سفاری پارک، اسمارٹ سٹی، گرواسے اسٹیڈیم، اسٹاف چیئرن کو حکومت سے منظور کرواناوغیرہ کا شمار تھا۔ میئر کے ذریعہ کلکٹر کو پیش کردہ 32 کاموں میں سلم علاقوں میں متعلق ایک بھی کام کی شمولیت نہ ہونے کی بناء پر اپوزیشن لیڈر فیروز خان اور گروپ لیڈر ناصر صدیقی نے سخت اعتراض (باقی صفحہ ۷ پر)

100 کروڑ کے راستوں کے لئے 18 ٹینڈرس داخل آج کھولے جائیں گے 6 ٹینڈر

اورنگ آباد ۲۸ نومبر (سینئر رپورٹر) 150 کروڑ کے راستوں کے کاموں سے متعلق بامبی کورٹ نے گذشتہ روز میونسپل کارپوریشن کے حق میں فیصلہ سناتے ہوئے میونسپل کارپوریشن کو قانون کے مطابق کام شروع کرنے کا حکم دیا تھا۔ عدالتی حکم کے مطابق راستوں کے لئے داخل کردہ ٹینڈرس کھولنے کا سلسلہ شروع کردیا گیا۔ میئر نندکمار گھوڑیلے نے اس ضمن میں تفصیلات بتاتا ہے ہوئے نامہ نگاروں کو اطلاع دی کہ حکومت کے 100 کروڑ فنڈ سے جن مخصوص راستوں کی تعمیر کرنی ہے، اس کے لئے جملہ 18 ٹینڈرس داخل کئے گئے تھے۔ ان میں سے آج 6 ٹینڈرس کھولنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ کل بروز بدھ 29 نومبر کو یہ 6 ٹینڈرس کھولے جائیں گے۔ کیونکہ عدالت سے ابھی تک تحریری آرڈر کی کاپی موصول نہیں ہوئی ہے۔ باقی ٹینڈرس کو ریجکٹ میں رکھا گیا ہے۔ ٹینڈر کھولنے کے بعد متعلقہ ایجنسیوں کو راستوں کی تعمیری کام فوری شروع کرنے کا حکم دیا جائے گا۔

واٹس ایپ لطیفے

- استاد شاگرد سے: پرانی کہاوت ہے نیکی کر دریا میں ڈال اس کہاوت کو نئے سرے سے تبدیل کرو
- شاگرد: نئی کہاوت' کچھ بھی کرو واٹس ایپ پر ڈال
- ڈاکٹر: بچے کو پانی دینے سے پہلے ابال لیا کریں
- سردار: دو تو ٹھیک ہے لیکن ابالنے سے پیسہ مرتو نہیں جائے گا نا۔
- میاں بیوی ڈاکٹر کے پاس گئے' کلینک سے نکل کر بیوی بولی ڈاکٹر نے کہا ہے کہ مختلف ممالک کی سیر کرنا کہ طبیعت پر اچھا اثر پڑے
- شوہر سر کھجاتے ہوئے' اچھا.....
- بیوی: تو اب آپ فیصلہ کر لو کہاں کہاں جانا ہے؟
- شوہر: چلو دوسرے ڈاکٹر کے پاس جاتے ہیں۔

سنت ایکناتھ تھرمل مندر مغتان پورہ میں جاری سیل میں سازی اور بر انڈیٹ کرتی دکاپ سودے ہی دستیاب ہے۔ اس کے علاوہ بیور یٹ ٹیبل باٹم مفنی سازمی اشفاق سازی سنڈے منڈے جار جسٹ سازی پٹیڈ وفی شفان سازی اشفاق سلک سکک کے علاوہ مختلف بھاقسام کے لیڈیز ملبوسات توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔ انتظامیہ نے اس سیل سے استفادہ کی اپیل کی ہے۔

گرین آرمی معاملہ، مرٹھواڑہ ریاست میں سرفہرست

اورنگ آباد (اے۔ای) محکمہ جنگلات کی جانب سے ریاست بھر کے جنگلاتی علاقوں کے تحفظ کے لئے گرین آرمی اسکیم شروع کیا گیا ہے۔ جس کے لئے ایک سال قبل انتظامیہ کی جانب سے اس اسکیم کے نفاذ کے طریقہ کار کو جدید ترین کرتے ہوئے گرین آرمی میں اندراج کے لئے آن لائن طریقہ کار کو اپنایا۔ اس اسکیم کے تحت ریاست بھر میں اب تک ۲۰ فیصد اندراج عمل میں لایا جاچکا ہے، جبکہ ریاست بھر میں سب سے زیادہ اندراج مرٹھواڑہ میں درج کیا گیا ہے، جس کی تعداد ۱۱ لاکھ بتائی جارہی ہے جس کی بناء پر مرٹھواڑہ ریاست میں سرفہرست قرار دیا گیا ہے۔ جس کی بناء پر مرٹھواڑہ کے جنگلاتی علاقوں کے تحفظ کو انسانی وسائل کی فراہمی بہتری جاسکے گی اس طرح کا اظہار خیال ڈپٹی رینج آفیسر ستیش وتنکرنے دی۔ واضح ہو کہ جنگلاتی علاقوں اور ماحول کی حفاظت کے لئے محکمہ جنگلات کی جانب سے مختلف اقدامات و سرگرمیوں کو اپنایا جاتا ہے انہی اقدامات اور سرگرمیوں میں سے ایک گرین آرمی کے عنوان پر ۲ سال قبل رضاکار تنظیم کا قیام کرنے کے لئے انتظامیہ کی جانب سے نوجوانوں کو ترغیب دی گئی تھی۔ جس کے نتیجہ میں اب تک ریاست بھر سے سازے پچیس لاکھ کے قریب افراد نے اپنے ناموں کا اندراج کروایا ہے۔ جس میں سب مرٹھواڑہ کے ۱۴ لاکھ نوجوانوں نے اپنے ناموں کا اندراج کروایا ہے جس میں لاتور ضلع کے سب سے زیادہ افراد یعنی ۱۴ لاکھ ۳۵ ہزار اور سب سے کم ناندیڑ ضلع کے یعنی ۳۹ ہزار ۴۷۹ افراد کا آن لائن اندراج کیا گیا ہے۔

ایم پی ایس سی امتحان کا ممکنہ نظام الاوقات ظاہر



اورنگ آباد (اے۔ای) ایم پی ایس سی کی جانب سے آئندہ سال منعقد کئے جانے والے مختلف عہدوں کے لئے امتحانات کا ممکنہ نظام الاوقات ظاہر کیا گیا ہے۔ جس کے مطابق امسال دو امتحانات کے دوران وقفہ زیادہ ہونے کی وجہ سے متعلقہ طلباء کو پڑھائی کے لئے وقت ملے گا۔ واضح ہو کہ ریاست بھر سے ہر سال لاکھوں طلباء ایم پی ایس سی امتحان میں شرکت کرتے ہیں، جس سے قبل اس کے نظام الاوقات کی بنیاد پر طلباء اپنی پڑھائی کی منصوبہ بندی کرتے ہیں اسی لئے ایم پی ایس سی کی جانب سے ممکنہ نظام الاوقات کا اعلان کیا جارہا ہے۔ جس کے مطابق طالب علموں کے لئے مختلف عہدوں کے لئے ۸ امتحانات ہونگے جن کی تاریخوں کا اعلان کیا گیا ہے۔ جس کے مطابق ۸ اپریل کو پہلا امتحان ہوگا۔ ایم پی ایس سی کا پہلا امتحان ۱۸ اپریل کو ہوگا۔ ایم پی ایس سی کا تیسرا امتحان ۱۸ اور ۱۹ اگست ۲۰۱۸ میں ہوگا۔ اسسٹنٹ پولیس انسپکٹر کا امتحان ۳ ستمبر کو منعقد کیا جائیگا اسی طرح دیگر عہدوں کے لئے بھی امتحانات کا انعقاد کیا جائیگا۔

جی ایس ٹی کی شرح میں کمی کی بناء پر شہر کے کاروباری لین دین میں اضافہ



اورنگ آباد (اے۔ای) مال ہی میں مرکزی حکومت کی جانب سے جی ایس ٹی کی شرحوں میں کمی کی گئی ہے۔ جس کے نتیجہ میں گذشتہ چند ماہ کے دوران کاروبار میں جاری سست روی کو ریویل ٹی شرحوں میں کمی کے سے کسی حد تک بریک لگا ہے۔ ریویل حسب روایت مختلف میونسپل کارپوریشن کی طرح اورنگ آباد میونسپل کارپوریشن کو بھی ہر سال متوقع ریویل ملتا ہے لیکن جی ایس ٹی کے نفاذ کے بعد سے اس میں کافی کمی آئی تھی۔ جس کے نتیجہ میں گذشتہ چند ماہ کے دوران ریویل میں اضافہ ہوا ہے۔ اس طرح کا اظہار خیال اورنگ آباد چیمبر آف کامرس کے صدر اجیت شاہ نے کیا۔ واضح ہو کہ جی ایس ٹی کے ملک بھر میں نفاذ کے ساتھ دو رموز کے کاروباری لین دین میں تبادل خوری دیکھی گئی تھی جس سے تاجروں میں کافی بے چینی پائی جارہی تھی۔ لیکن حال ہی میں حکومت کی جانب سے جی ایس ٹی کے تحت کی گئی شرحوں میں کمی کے جانے کے باعث عوام کے ساتھ تاجرین کو بھی اس سے بڑی حد تک راحت ملی ہے۔ جس سے شہر کے کرانہ، کپڑے، ہوٹل اور دیگر ضروریات زندگی کی اشیاء فروخت کرنے والے مضر دیگر تجارتی کے لئے رکاوٹ ضرور ڈالنے کی کوشش کی تھی۔ جس کے نتیجہ میں ریویل میں اضافہ ہوا ہے۔

شہر اور عوام کی ضروریات ہی کاموں کی ترجیحات ہیں، کلکٹر

اورنگ آباد ۲۸ نومبر (سینئر رپورٹر) میری اپنی کوئی ترجیحات نہیں ہیں، میونسپل کارپوریشن اور شہری ضروریات کے مطابق ہی کاموں کو ترجیح دی جائے گی، الہ ہیں ریلوے میٹ منٹ شہر کی اہم ضرورت ہے، اسی سے کام کی شروعات کی جائے گی لیکن شفاف انتظامیہ ضروری ہے، اس طرح کا اظہار خیال کلکٹر نول کشور رام نے کیا۔ نامہ نگاروں سے دوران گفتگو انہوں نے کہا کہ کارپوریشن کے تمام عہدیداران ترقیاتی کاموں کے تئیں گہرا مند ہیں، شہر کی ترقی اور ضرورت کے مطابق میں انہیں پورا پورا تعاون دوں گا۔ اسی طرح 100 کروڑ کے فنڈ سے شہر میں معیاری راستوں کی تعمیر کرانے پر بھی توجہ دی جائے گی۔ عدالتی حکم کے مطابق راستوں کا تعمیری کام بھی جلد از جلد طور پر شروع کرنا ہے۔ علاوہ ازیں شہریان کی توقع کے مطابق پانی، ڈرینج اور ترقیاتی کاموں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا۔ ضلع کلکٹر نے ضلع کارپوریشن اور میونسپل کارپوریشن دونوں محکمہ جات کا مشترکہ چارج چوتکہ میرے پاس ہے، اس لئے عوامی مسائل کا حل اور ترقیاتی کام برق رفتاری سے کئے جائیں گے، یہاں بھی کلکٹر نول شورام نے ظاہر کیا۔ انہوں نے کہا اسی مقصد کے تحت تمام اچ او ذیز کو حکم دیا ہے کہ کاموں کی ترجیحات طے کرکے 25 فائلیں پیش کریں، انہیں فوری منظوری دی جائے گی۔

ہینڈ پمپ کی درستگی کیلئے پنچایت سمیتی کو چار گاڑیاں فراہم

اورنگ آباد (اے۔ای) دیہی علاقوں میں عوام کو پانی کی فراہمی کے لئے نصب کردہ ہینڈ پمپ میں خرابی پیدا ہونے کے بعد اس کی فوری درستگی کے لئے ضلع کی چار پنچایت سمیتیوں کو ہینڈ پمپ درستگی وان چار گاڑیوں کو ضلع پریشد کی جانب سے فراہم کیا گیا ہے۔ جس کا استعمال دیہی علاقوں میں پانی جانے والے ہینڈ پمپ میں خرابی پیدا ہونے کی شکایت موصول ہونے تبھی کیا جانے والا ہے۔ اس میں دیہی عوام کو راحت ملنے کے قوی امکانات بتائے جارہے ہیں۔ اس کے لئے گذشتہ دنوں ضلع پریشد صدر ایڈوکیٹ دیویا دنڈوگے کر ہاتھوں ان چار دستگی گاڑیوں کو عوام کے نام وقف کیا گیا ہے۔ واضح ہو کہ ضلع بھر کی ۹ پنچایت سمیتیوں میں ہینڈ پمپ درستگی کے لئے ۴ مکینکی اسکواڈ کام کر رہے ہیں۔ لیکن ان میں سے کنگاپور، خلدآباد، تو اور پھلمبری پنچایت سمیتی کے ہینڈ پمپ درستگی اسکواڈ کی گاڑیوں کی معیاد ختم ہوچکی تھی، اس لئے ان پنچایت سمیتیوں کی گاڑیوں کو ۲۰۱۵ء میں سال کا وقفہ بیت چکا تھا۔ اس لئے انتظامیہ نے درستگی وگہرائی کے فنڈ سے چار نئی گاڑیوں کو خریدکر انہیں چار پنچایت سمیتیوں کے حوالے کیا ہے جہاں کے متعلقہ دیہی علاقوں میں ہینڈ پمپ میں خرابی پیدا ہونے کی اطلاع ملنے پر درستگی اسکواڈ ٹی کی گاڑیوں کے ذریعے فوری طور پر وہاں پہنچ کر ہینڈ پمپ کو درست کیا جائیگا۔ ان نئی گاڑیوں کے لئے ضلع پریشد کی اومدہ عرکرداد نے کوشش کی تھی۔ جس کے نتیجہ میں ان گاڑیوں کی حصولیابی میں کامیابی ملی ہے۔ عوام کو وقف کرنے والی تقریب کے موقع پر ضلع پریشد صدر کے ساتھ مختلف شعبہ کے عہدیداران موجود تھے۔

ایشیا ٹی ورکشاپ میں 100 سے زائد اسٹیل بسوں کی تیاری

File Photo

اورنگ آباد (اے۔ای) ایس ٹی محکمہ کی جانب سے ایلومونیم باڈی والی بسوں کے بعد اب بھرپور اسٹیل ٹراولی بسوں سے متاثلہ آرائی کے لئے اسٹیل بسوں کی تیاری کا فیصلہ کیا تھا۔ جس کی بناء پر ابتدائی مرحلہ میں ۳۰ اسٹیل بسوں کی تیاری شروع کی گئی تھی پر شیری ایس ڈی ورکشاپ میں ۳۰ اسٹیل بسوں کی تیاری شروع کی گئی تھی۔ جس میں سے ایک بس کی تیاری آخری مرحلہ میں چل رہی ہے، جس کی بناء پر اب اس بس کو مقررہ عوامی خدمت کے لئے پیش کیا جائیگا۔ جبکہ باقی بسوں کی تیاری کرنے کے بعد ضلع کے ساتھ دیگر اضلاع کے لئے بھی اس کو استعمال کیا جائیگا۔ اس ضمن میں ایس ٹی محکمہ کے اعلیٰ عہدیدار نے بتایا کہ اورنگ آباد ڈویژن کے ۱۱ ڈپو کے لئے ۱۱۰ بسوں کی ضرورت ہے۔ جس کے لئے ۳۰ بسوں کی تیاری کا کام اورنگ آباد ورکشاپ کو دیا گیا ہے۔ جس کی تیاری کا کام کالے فی الحال اورنگ آباد کی سینٹرل ورکشاپ کے ہیڈ کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ جن ٹیکنیکل شعبہ کے ڈائریکٹر جی بی گائے دھنے نے اسٹیل بسوں کی تیاری کا جائزہ لیتے ہوئے اس معاملہ میں متعلقہ عہدیداران سے تبادلہ خیال کیا۔ اسٹیل باڈی کی بسوں کی تیاری کے لئے ضلع میں اہم کردار ادا کرنے والے یہ ادارے ٹیکنیکل ڈائریکٹر جی بی آہوجا میونسپل کارپوریشن کے ہیڈ کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ جن ٹیکنیکل شعبہ کے ڈائریکٹر کی جانب سے مستقبل قریب میں تیاری کی جانے والی ۳۰ اسٹیل بسوں کی تیاری کے دیگر دیکھ کی ذمہ داری سونپی گئی ہے، جبکہ ان بسوں کی تیاری کے لئے درکار وسائل کی فراہمی کے لئے منصوبہ بندی کی جائیگی۔ فی الحال ایک بس کی تیاری کا کام آخری مرحلہ میں ہونے کی بناء پر آئندہ ماہ عوامی خدمت کے لئے شروع کرنے کے امکانات بتائے جارہے ہیں۔

بیف و مٹن سلاٹر ہاؤس ایک ساتھ تعمیر نہ کیے جائیں

یوا کھانک سنگھٹنا کا میئر نندکمار گھوڑیلے کو محضر پیش

اورنگ آباد ۲۸ نومبر (سٹی رپورٹر) اورنگ آباد میونسپل کارپوریشن کی جانب سے ماڈرن سلاٹر ہاؤس تعمیر کیا جارہا ہے۔ اس میں بیف اور مٹن سلاٹر ہاؤس ایک ساتھ تعمیر کرنے کی مخالفت یوا کھانک سنگھٹنا کی جانب سے کی جارہی ہے۔ اس موقع پر سنگھٹنا کی جانب سے میئر نندکمار گھوڑیلے کو ایک مطالباتی محضر پیش کیا گیا۔ جس میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ مٹن سلاٹر ہاؤس کے بجائے شہر کے مختلف سات مقامات پر مٹن مارکیٹ بنائے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی میونسپل کمشنر کو بھیجے گئے محضر میں کہا گیا ہے کہ سات مقامات پر مٹن مارکیٹ کی تعمیر کو منظوری دی جائے۔ اسی طرح دوسری جانب گھاٹی داخانہ میں علاج کے دوران فوت ہونے والے مریضوں کی موت کا اعلان گھاٹی کے سینئر ڈاکٹروں کے ذریعے کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ تاکہ اس کے ذریعے مریض کی موت پر ہونے والے ممکنہ ہنگامہ پر روک لگائی جاسکے۔ اس ضمن میں قریشی، سمیر جاوید قریشی عزیز قریشی خالد قریشی، محسن خان فاروق قریشی و دیگر موجود تھے۔

مریضوں کی دوران علاج موت واقع ہونے پر گھاٹی کے سینئر ڈاکٹر اطلاع دیں گے

اورنگ آباد (اے۔ای) گھاٹی داخانہ میں دوران علاج مریض کی موت واقع ہونے یا اس میں ست روی برتے جانے کو لیکر مریض کے رشتہ داروں اور ڈاکٹروں و دیگر عارضین کے درمیان ہاتھا پائی ہوتی ہے۔ جس کے سد باب کے لئے حال ہی میں گھاٹی میں پاس سسٹم کو شروع کیا گیا ہے، جبکہ مریضوں کی معلومات کے ساتھ گھاٹی میں وستیاب وادوں کی معلومات آن لائن کیا گیا ہے۔ اسی طرح دوسری جانب گھاٹی داخانہ میں علاج کے دوران موت واقع ہونے والے مریضوں کی موت کا اعلان گھاٹی کے سینئر ڈاکٹروں کے ذریعے کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس کے تحت اس کے ذریعہ مریض کی موت پر ہونے والے ممکنہ ہنگامہ پر روک لگائی جاسکے۔ اس ضمن میں حال ہی میں ہوئی گھاٹی عہدیداران کی ایک میٹنگ کے دوران ڈاکٹروں پر ہونے والے حملوں، مریضوں کی موت واقع ہونے کے متعلقہ وارڈ کے جونیئر ڈاکٹروں کے ذریعے اعلان کئے جانے پر تبادلہ خیال کیا گیا تھا۔ اس دوران مریضوں کی دوران علاج موت واقع ہونے پر اس کا اعلان وارڈ کے سینئر ڈاکٹروں سے کروانے کی تجویز پیش کی گئی تھی۔ جس کو گھاٹی کے سپرنٹنڈنٹ نے قبول کرلیا، لہذا اس بناء پر آئندہ دوران علاج مریضوں کی موت واقع ہونے پر اس وارڈ کے سینئر ڈاکٹروں کے ذریعے اس کا اعلان کیا جائیگا۔ اس موقع پر گھاٹی کے سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر کانہو باڑیکر، ڈاکٹر بھارت سونونے، ڈاکٹر شری نیواس گرنپا و دیگر موجود تھے۔

اورنگ آباد کو ملی 34 شیو شاہی بسیں

اورنگ آباد (اے۔ای) ایس ٹی کی جانب سے ریاست بھر میں طویل مسافت کیلئے شیو شاہی لکژری بسوں کی تیاری کی جارہی ہے۔ جس کی تیاری کے بعد یہ بسیں ریاست بھر کے اضلاع میں بقدر ضرورت تقسیم کی جائیگی، جس میں اورنگ آباد کو ۳۴ شیو شاہی بسیں دیئے جانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ان بسوں کے ملنے کے بعد حسب معمول روٹ جیسے ممبئی، پونے اور گوہر کے ساتھ پرتی ریاستوں کے اضلاع کیلئے بھی بسیں چلائی جائیگی۔ جس میں تلنگانہ کے نظام آباد کیلئے اور کرناٹک کے دیگلور کیلئے شیو سے بسیں چلائی جائیگی۔ واضح ہو کہ شیو سے دیگر ریاستوں کیلئے بسیں ایس ٹی کی جانب سے کلوری بسوں کی بہتات فراہم کرنے کا مطالبہ تھا۔ جسے اورنگ آباد کے ایس ٹی انتظامیہ نے کیا گیا تھا۔ کرناٹک کے ساتھ ہی تلنگانہ کے نظام آباد کیلئے بھی بسیں چلائی جائیگی۔ اس کے علاوہ ریاست کے دیگر اضلاع کیلئے بھی بسیں چلائی جائیگی۔ اس ضمن میں اورنگ آباد ڈویژن کے ۱۱ ڈپو کے لئے ۱۱۰ بسوں کی ضرورت ہے۔ جس کے لئے ۳۰ بسوں کی تیاری کا کام اورنگ آباد ورکشاپ کو دیا گیا ہے۔ جس کی تیاری کا کام کالے فی الحال اورنگ آباد کی سینٹرل ورکشاپ کے ہیڈ کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ جن ٹیکنیکل شعبہ کے ڈائریکٹر جی بی گائے دھنے نے اسٹیل بسوں کی تیاری کا جائزہ لیتے ہوئے اس معاملہ میں متعلقہ عہدیداران سے تبادلہ خیال کیا۔ اسٹیل باڈی کی بسوں کی تیاری کے لئے ضلع میں اہم کردار ادا کرنے والے یہ ادارے ٹیکنیکل ڈائریکٹر جی بی آہوجا میونسپل کارپوریشن کے ہیڈ کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ جن ٹیکنیکل شعبہ کے ڈائریکٹر کی جانب سے مستقبل قریب میں تیاری کی جانے والی ۳۰ اسٹیل بسوں کی تیاری کے دیگر دیکھ کی ذمہ داری سونپی گئی ہے، جبکہ ان بسوں کی تیاری کے لئے درکار وسائل کی فراہمی کے لئے منصوبہ بندی کی جائیگی۔ فی الحال ایک بس کی تیاری کا کام آخری مرحلہ میں ہونے کی بناء پر آئندہ ماہ عوامی خدمت کے لئے شروع کرنے کے امکانات بتائے جارہے ہیں۔

اقرا اردو گرلز ہائی اسکول میں یوم تعلیم، اردو طالب علم کا اعتقاد

اورنگ آباد (راست) اقرا اردو گرلز ہائی اسکول، باری کالونی میں یوم طالب علم، یوم اردو، یوم تعلیم اور یوم اطفال کے ضمن میں ایک پر وگرام منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر اسکول کی طالبات نے تذکیر بالقرآن، ترجمہ اور نعت پیش کیں۔ پر وگرام کی مہمان خصوصی شاہ فرحین صاحبہ ایڈمنسٹریٹر ایکارس انگلش اسکول نے تعلیم کے حصول میں آنے والی مشکلات پر کس طرح قابو پایا جائے؟ اس ضمن میں طالبات کی رہنمائی فرمائی۔ جبکہ طالبہ مہوش فاطمہ نے بہترین انداز میں علامہ اقبال کی نظم پیش کی۔ اس پر وگرام میں ملک یا عین کو نوید تبلیغی لجنۃ الحرا سوسائٹی، ماریہ فاطمہ صدر GIO اور اقرا گرلز ہائی اسکول کی صدر معلمہ اور تمام معلمات شریک تھیں۔

اتنی عمر ہو جتنے ہیں تارے — پورے ہو تیرے ارمان سارے

زینب فاطمہ
بنت محمد فرحان
کو پہلی سالگرہ
بہت بہت مبارک

منجانب: (دادا) محمد فاروق (دادی) ناظمہ فاروق، پھوپھو پھوپھا اور بہنیں مسکان، مہتاب، زیدہ سب کی طرف سے سالگرہ مبارک ہو۔

فیض العلوم مڈل اسکول میں یوم آئین

اورنگ آباد (راست) فیض العلوم مڈل اسکول قیصر کالونی میں یوم آئین کے تحت طلبے کا انعقاد سکریٹری سید فہیم الدین قادری کی زیر سرپرستی اور صدر معلمہ سالاری شفیق النساء بیگم کی رہبری و نگرانی میں عمل میں آیا۔ جلسہ میں رکن سوسائٹی شہباز بیگم موجود تھیں۔ علماء و طالبات معد اساتذہ و صاحبزادیوں نے بھارت کے آئین کی عہد کا اعادہ کرتے ہوئے آئین کے معمار ڈاکٹر امبیڈکر کو خراج عقیدت پیش کیا۔ معلمہ عقیلہ نسرین نے ابتدائی طور پر یوم آئین (تمہید) کا عہد کا اقرار کروایا جبکہ معلمہ شبانہ قادری نے دستوری تفصیلی معلومات فراہم کی۔ صدر معلمہ نے کہا کہ 26 نومبر 1969 کو مختلف کے گئے قانون پر ہر ہندوستانی عمل جبرا ہیں۔ اصولوں پر عمل کرکے ترقی کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ نظامت و تشہیر کی ذمہ داری صائقہ بیگم نے نبھائی۔

محمد طحہ صدیقی کو انعام



اورنگ آباد (راست) حفظ ت خوابہ شیخ منتخب الدین زر زری بخش" کے موقع عرس کے موقع پر آل مہاراشٹر مسابقہ قرات کا انعقاد عمل میں آیا۔ اس مسابقہ قرات میں بون انگلش اسکول کے جناعت ششم کے طالب علم محمد طحہ صدیقی والد منور صدیقی انعام سوم کے مستحق قرار پائے۔ اس کامیابی پر کمیٹی کی جانب سے صداقت نامہ و ایک ہزار روپے انعام دیا گیا۔ محمد طحہ صدیقی کی اس نمایاں کامیابی پر والدین و اقارب نے دلی مبارکباد پیش کی اور حوصلہ افزائی کے ساتھ دعاؤں سے نوازا۔

آل مہاراشٹر مسابقہ قرات میں

بلوں کی عدم ادائیگی پر گھاٹی ہاسپٹل کی دوائیاں سپلائی بند

اورنگ آباد (اے۔ای) گھاٹی داخانہ میں ایکس رے بنی انکیبن اور ایم آر آئی مشین کے خراب ہونے پر اس کی جلد درستگی نہیں کی جاتی ہے۔ جس کی ایک اہم وجہ گھاٹی انتظامیہ کی جانب سے ان مشینوں کو درست کرنے والی کمپنی کے ساتھ بلوں کی ادائیگی کا نہ ہونا ہے۔ اور اس طرح کا معاملہ کوئی نیا نہیں ہے اس لئے کہ اس طرح کا معاملہ بار بار پیش آتا رہتا ہے لیکن اب یہ معاملہ دواؤں کے ساتھ بلوں کی ادائیگی کے نہ کئے جانے پر بھی پیش آگیا ہے۔ اس لئے گھاٹی انتظامیہ کی جانب سے دواؤں کے خریدنے کے بعد اس کا سابقہ ۲ کروڑ کا بل متعلقہ انتظامیہ کو ادا نہیں کیا گیا ہے جس کی بناء پر گھاٹی داخانہ کو ڈرگ کاٹل متعلقہ انتظامیہ کو دواؤں کو پورے طور پر بند کردیا ہے۔ جس کے نتیجہ میں اسٹاک ختم ہونے والی دواؤں کے نہ ہونے کے ساتھ دیگر دواؤں کی کمی کی بناء پر متعلقہ مریض اور ان کے رشتہ داروں کو کافی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ واضح ہو کہ مرٹھواڑہ کے ساتھ ریاست کے دیگر اضلاع کے ہزاروں مریض اور ان کے رشتہ دار روزآنہ گھاٹی داخانہ میں آتے ہیں، جن میں اکثریت ضلع پریشد کی ہوتی ہے۔ جو عام طور پر گھاٹی کے اپی ڈی وارڈ کے ذریعہ اپنا علاج کرواتے ہیں، جہاں سے ان کو مفت دوائیاں تقسیم کی جاتی ہے۔ لیکن یہاں پر دواؤں کی قلت ہونے کی بناء پر متعلقہ ڈاکٹر باہر سے دوائیاں خریدنے کی رائے دیتے ہیں، جبکہ موجودہ صورت میں دواؤں کی رفتہ رفتہ کمی ہونے کی بناء پر دواؤں کا اسٹاک یکسر طور پر ختم ہوچکا ہے۔ جس سے گھاٹی داخانہ کے ہزاروں مریضوں اور ان کے رشتہ داروں کو باہر سے زیادہ قیمت کے ساتھ دوائیاں خریدنے کی نوبت آسکتی ہے۔ لہذا اس صورت حال میں انتظامیہ کو چاہئے کہ وہ دواؤں کی بڑے پیمانے پر دواؤں کی قلت ہونے کے معاملہ کو روکا جاسکے تاکہ اس کے ذریعے گھاٹی داخانہ میں آنے والے غریب و متوسط طبقات کے ہزاروں مریضوں کو راحت ملے۔

شادی بیاہ، انتقال، گمشدہ و دیگر اشتہارات کیلئے مشتہرین کی جانب سے جو عبارت فراہم کی جاتی ہے، ایشیا ایکسپریس میں اس عبارت کی اشاعت عمل میں لاتا ہے، جس کیلئے ادارہ کسی بھی طرح ذمہ دار نہیں۔

حدیث نبوی صلی اللہ وعلیہ وسلم

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو لوگ کسی مجلس میں بیٹھیں اور اس میں نہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کریں اور نہ اپنے نبی پر درود بھیجیں تو وہ مجلس ان کیلئے قیامت کے دن خسارہ کا سبب ہوگی۔ اب یہ اللہ تعالیٰ کو اختیار ہے چاہے ان کو عذاب دیں چاہے معاف فرمادیں۔ (ترمذی)

اداریہ

'لو جہاد' کا سچ
ہوا خلاف چلی تو چراغ خوب جلا...

'لو جہاد' کا سرے سے کوئی وجود ہی نہیں، اگر کہیں ہوتا تو مل جاتا۔ یہ سراسر ذہنی اختراع، دماغی فتور اور دماغ کا خلل ہے اور اس فتور وخلل کا علاج سپریم کورٹ نے کردیا۔ 'لو جہاد' کے ایک مقدمہ کی سماعت کے دوران ملک کی سب سے بڑی عدالت نے ایک نومسلم دوشیزہ کی درخواست کو شرف قبولیت بخشتے ہوئے اسے والدین کی قید سے آزادی دلوادی۔ ہرچند کہ ابھی سپریم کورٹ نے 'لو جہاد' سے متعلق اس مقدمہ کا حتمی فیصلہ صادر نہیں کیا لیکن آثار وقرآئن بتارہے ہیں کہ سنگھ پریوار کے اس غبارہ کی ہوا عنقریب خارج ہوجائے گی۔ کیرالا کی ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ دوشیزہ اکھیلا نے اسلام کی حقانیت سے متاثر ہوکر اپنا آبائی مذہب ترک کیا اور اسلام کے دامن آغوش میں پناہ لے لی۔ مشرف بہ اسلام ہونے کے بعد اکھیلا اشوکن نے اپنا نام تبدیل کرتے ہوئے ہادیہ رکھ لیا اور ایک مسلم نوجوان شافعین جہاں سے رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئیں۔ ہادیہ کے اس اقدام نے اس کے والدین کو سخت مشتعل کردیا۔ ہادیہ کے والد کے ایم اشوکن بنیادی طور پر کمیونسٹ ہیں، اس کے باوجود انہیں اپنی دختر کا قبول اسلام اور مسلم نوجوان سے بیاہ اس قدر ناگوار گزرا کہ انہوں نے اسے 'لو جہاد' قرار دیتے ہوئے شافعین جہاں کے خلاف مقدمہ دائر کردیا۔ کے ایم اشوکن نے جھوٹے و بے بنیاد الزامات عائد کرتے ہوئے کہا کہ یہ 'لو جہاد' کا معاملہ ہے اور ان کی لڑکی کو جہاد کیلئے داعش میں شامل کردیا جائے گا۔ 'لو جہاد' کی مالا جپنے والے سنگھ پریوار نے کیرالا کے اس معاملہ کو نہ صرف فرقہ وارانہ رنگ دینے بلکہ اس کے ذریعہ مسلمانوں کو دہشت گردی کے کٹہرے میں کھڑا کرنے کی کوشش بھی کی۔ کیرالا ہائی کورٹ میں مقدمہ کی سماعت کے دوران ہادیہ نے اپنے والد کے تمام الزامات مسترد کردیئے۔ اس نے عدالت کے روبرو کہا کہ تبدیلی مذہب کیلئے کسی نے اس پر دباؤ نہیں ڈالا، کسی نے جبر نہیں کیا اور نہ ہی کسی نے بہکایا ورغلایا ہے بلکہ وہ برضا ورغبت مشرف بہ اسلام ہوئی۔ اشوکن نے اس حقیقت کو تسلیم کرنے کی بجائے شافعین پر ہادیہ کے Brain wash کا الزام بھی عائد کیا اور اپنی لڑکی کی ذہنی صحت پر شکوک وشبہات کا اظہار بھی کیا۔ کیرالا عدالت نے اسی بنیاد پر شافعین - ہادیہ نکاح کو کالعدم قرار دیتے ہوئے ہادیہ کو اس کے والدین کی تحویل میں دینے کا حکم صادر کردیا۔

کیرالا ہائی کورٹ کے حکم کو شافعین جہاں نے سپریم کورٹ میں چیلنج کیا، سپریم کورٹ نے اشوکن کے الزامات پر قومی تفتیشی ایجنسی (این آئی اے) کو حکم صادر کیا کہ مذکورہ شادی میں دہشت گردی کا کوئی پہلو شامل ہے یا نہیں اس کی تفتیش کی جائے۔ این آئی اے نے ۱۰۰ صفحات پر اپنی رپورٹ عدالت کے سپرد کردی ہے۔ گزشتہ روز سپریم کورٹ نے ہادیہ کا بیان قلمبند کیا۔ سپریم کورٹ کے روبرو بھی ہادیہ نے غیر متزلزل انداز یہی کہا کہ وہ اس نے اپنی مرضی سے مذہب تبدیل کیا ہے اور اسے اپنی پسند کی شادی کا حق بھی ہے۔ ایک سوال کے جواب میں ہادیہ نے کہا کہ 'اسے آزادی اور رہائی چاہئے'۔ سپریم کورٹ نے اس کی یہ درخواست قبول کرلی اور اسے تملناڈو کے سیلم میں اپنی تعلیم مکمل کرنے کی اجازت دیدی، ساتھ ہی اسے اپنے شوہر شافعین سے ملاقات کی اجازت بھی دی گئی ہے۔ یہ شاید پہلی مرتبہ ہے جب کسی غیر مسلم دوشیزہ کے قبول اسلام اور مسلم نوجوان کے ساتھ شادی کے معاملہ کو 'لو جہاد' قرار دیتے ہوئے عدالت تک لے جایا گیا۔ مقدمہ کی سماعت کے دوران سپریم کورٹ کے سخت تبصروں سے یہ تو ثابت ہو ہی گیا کہ عدالتیں تبدیلی مذہب اور بین الفرقہ شادی کو 'لو جہاد' تسلیم کرنے کیلئے تیار نہیں۔ ابھی حال ہی میں راجستھان ہائی کورٹ نے بھی ایک غیر مسلم دوشیزہ کے قبول اسلام اور مسلم نوجوان سے شادی کو درست قرار دیتے ہوئے سنگھ پریوار کے نام نہاد 'لو جہاد' کی قلعی کھول دی۔

ملک میں ایک عرصہ سے ہندوتوا کی علمبردار سخت گیر راشٹریہ سوئم سیوک سنگھ اور اس کی ذیلی بھگوا تنظیمیں اسلام اور مسلمانوں کی کردار کشی میں مصروف ہیں۔ کسی بھی غیر مسلم دوشیزہ کی مسلم نوجوان سے شادی کے بعد سنگھ پریوار یہ الزام عائد کرتا ہے کہ مسلم لڑکے ہندو لڑکیوں کو ورغلا کر مسلمان بناتے ہیں اور ان سے شادی کرلیتے ہیں۔ سنگھ پریوار نے اس کیلئے 'لو جہاد' کی اصطلاح استعمال کرتا ہے۔ سنگھ پریوار کا یہ بھی دعویٰ ہے کہ 'لو جہاد' کیلئے غیر ممالک سے باضابطہ خطیر رقم فراہم کی جارہی ہے۔ حالانکہ وزارت داخلہ کی رپورٹ اس کے مغائر ہے۔ وزارت داخلہ کی رپورٹ کے مطابق اس طرح کا کوئی واقعہ تا حال سامنے نہیں آسکا ہے۔ ہادیہ اور پائل سنگھوی (عارفہ) کے مقدمات میں بھی ان کے والدین اور سنگھ پریوار نے 'لو جہاد' کا گمراہ کن پروپیگنڈہ کیا لیکن عدالتوں میں یہ ثابت ہوگیا کہ دونوں غیر مسلم لڑکیوں نے اپنی مرضی سے مذہب تبدیل کیا اور اپنی پسند کے مطابق مسلم نوجوانوں سے شادی کی۔ راجستھان کی ۲۲ سالہ دوشیزہ پائل سنگھوی (عارفہ) کو بھی عدالت نے اپنے شوہر کے ساتھ رہائش کی اجازت دیدی۔ مذکورہ دونوں لڑکیوں کی ثابت قدمی، استقلال اور صبر وتحمل سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ اسلام ہی ان کی اولین ترجیح ہے اور بہرصورت اس پر قائم رہنا چاہتی ہیں۔ افراد خاندان اور ہم مذہبوں کی شدت کے ساتھ مخالفت کے باوجود وہ اپنے موقف ثابت قدم رہیں اور جسارت وجرأت کے ساتھ حق گوئی کا مظاہرہ کرتی رہیں۔ سنگھ پریوار کو سمجھ لینا چاہئے کہ بین الفرقہ شادیوں کو انفرادی پسند تصور نہ کرتے ہوئے اس بہانے اسلام اور مسلمانوں کی کردار کشی سے اسے ندامت وشرمندگی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ جھوٹ کی عمر طویل نہیں ہوتی جھوٹ آخر بے نقاب ہو ہی جاتا ہے۔



حفیظ نعمانی
Mobile No. 9984247500
nomanihafeez@gmail.com

ونکیا نائیڈو صاحب اچھی طرح جانتے ہیں کہ پھانس کا بانس بنایا گیا ہے۔ فلم بنانے والے بس ایک بات دیکھتے ہیں کہ ان کی فلم دیکھنے والے ان کی تعریف کریں اور فلم کی تیاری میں دو سو کروڑ لگے ہیں تو پانچ سو کروڑ پہلے ہفتے میں ہی وصول ہوجائیں۔ فلم سازوں کا دین دھرم اور سیاسی نظریہ کیا ہے؟ یہ الگ بات ہے وہ تاجر ہیں اور فلم کے ذریعہ تجارت کررہے ہیں اس سے زیادہ وہ کچھ نہیں ہیں

نائب صدر بھی تشدد اور دھمکیوں کے مخالف

شری ونکیا نائیڈو اب ملک کے نائب صدر ہیں۔ وہ بی جے پی کے اُن لیڈروں میں ہیں جو ہمیشہ نمایاں رہے۔ وہ جنوبی ہند بی جے پی کے سب سے اہم لیڈر ہی نہیں پارٹی کے صدر بھی شاید ایک سے زیادہ بار رہے اور ترجمان تو ہر دن رہے۔ اب دستور کی حیثیت سے وہ پارٹی کے نہیں ملک کے نائب صدر ہیں اور اس بات سے اچھی طرح واقف ہیں کہ ان کی سابق پارٹی جمہوریت اور سیکولرازم کو نہیں مانتی۔ اس کے باوجود آج وہ کہہ رہے ہیں کہ ''جمہوریت میں پرتشدد دھمکیاں ناقابل قبول ہیں'' انہوں نے فلم پدماوتی کے خلاف احتجاج کرنے والوں پر زور دیا ہے کہ وہ امن اور قانون کے تحت مخالفت کریں۔ ملک میں صدر اور نائب صدر دو چار ہی ایسے ہوئے ہیں جو اُن عہدوں پر آکر یہ بھول گئے ہوں کہ ان کا تعلق کس پارٹی سے ہے؟ بنانے والے اور بننے والے اعلان تو کرتے ہیں کہ وہ اب ملک کے صدر یا نائب صدر ہیں اور کسی پارٹی سے ان کا کوئی تعلق نہیں لیکن اندرونی طور پر وہ پوری طرح پارٹی کے رہتے ہیں۔ نائیڈو صاحب کو بھی اچھی طرح معلوم ہے کہ ان کی پارٹی نے کھل کر پدماوتی کے بارے میں راجپوتوں کی قیادت میں وہ سب کیا ہے جو انہوں نے کرانا چاہا اور جہاں جہاں بی جے پی کی حکومت تھی ان صوبوں میں مخالفت نے تشدد کو اپنایا اور حکومت تماشہ دیکھتی رہی۔ ونکیا نائیڈو صاحب اچھی طرح جانتے ہیں کہ پھانس کا بانس بنایا گیا ہے۔ فلم بنانے والے بس ایک بات دیکھتے ہیں کہ ان کی فلم دیکھنے والے ان کی تعریف کریں اور فلم کی تیاری میں دو سو کروڑ لگے ہیں تو پانچ سو کروڑ پہلے ہفتے میں ہی وصول ہوجائیں۔ فلم سازوں کا دین دھرم اور سیاسی نظریہ کیا ہے؟ یہ الگ بات ہے وہ تاجر ہیں اور فلم کے ذریعہ تجارت کررہے ہیں اس سے زیادہ وہ کچھ نہیں ہیں۔ نائب صدر ونکیا نائیڈو کو حیرت ہے کہ مخالفت کرنے والے جسمانی طور پر نقصان پہونچانے والوں کو انعام دینے کی بات کرتے ہیں اور کروڑوں کی بات کرتے ہیں۔ انہیں اس پر بھی حیرت ہے کہ کیا ایک کروڑ اتنا آسان ہے؟ اس بھولے انداز سے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ جیسے ملک میں نئے نئے آئے ہیں کیونکہ ان کی پارٹی کے پرانے ساتھی اور وزیر ارون جیٹلی اپنی توہین کے لئے کروڑوں کا دعویٰ عدالت میں کرتے ہیں تو ظاہر ہے کہ وہ اپنے کو سیکڑوں کروڑ کی شخصیت سمجھتے ہیں اور جب ذرا سی ہیرا پھیری میں بی جے پی کے صدر امت شاہ کا بیٹا جے شاہ 80 کروڑ کمالیتا ہے۔ یا ایک جج کو 100 کروڑ نقد اور ممبئی میں ایک مکان کی پیشکش صرف اتنی سی بات کے لئے کی جاتی ہے کہ وہ مقدمہ کا فیصلہ ہمارے حق میں کردے تو ایک کروڑ کی کیا حیثیت ہے؟ کون یقین کرے گا کہ ونکیا نائیڈو جیسے پرانے لیڈر کو یہ نہیں معلوم کہ پارلیمنٹ اور اسمبلی کے الیکشن میں بعض بدنام مسلمان لیڈر کہے جانے والے مسلمانوں کو پیشکش کی جاتی ہے کہ اپنی پارٹی کے دو سو ممبر کھڑے کردو اور ان کا خرچ 200 کروڑ لے لو اور مسلمان ووٹ اپنے اُمیدواروں کو دلوادو۔ یہ آوازیں ہمارے جیسا باہر کا آدمی تو سن لے اور نائیڈو جو پارٹی کے صدر اور بڑے عہدوں پر ہمیشہ رہے وہ نہ سنیں؟ پرتشدد احتجاج کے بارے میں انہوں نے کہا کہ آپ کو جمہوری طریقہ سے احتجاج کرنے کا حق ہے آپ کسی کو پرتشدد دھمکیاں نہیں دے سکتے قانون کی حکمرانی کی خلاف ورزی ٹھیک نہیں ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جمہوریت میں فلم سازوں کو دھمکیاں دینا ان کے کام میں رُکاوٹ پیدا کرنا ناقابل قبول ہے۔ نائب صدر کو یہ بات نام لے کر اُن صوبوں کے وزرائے اعلیٰ سے کہنا چاہئے جنہوں نے ایک کے بعد ایک یہ اعلان کردیا کہ پدماوتی ان کی ریاست میں نہیں دکھائی جائے گی۔ جبکہ یہ بات ہر کوئی سمجھ رہا ہے کہ صرف راجپوتوں کی حمایت الیکشن میں حاصل کرنے کے لئے اس طرح کے اعلان کئے جاتے ہیں۔ فلم بنانے والے بناتے ہیں اسے شہروں شہروں دکھانے والے ان شہروں کے سنیما گھروں سے سودا کرتے ہیں مہینہ اور تاریخ طے ہوجاتی ہے۔ اس کے بعد معینہ وقت پر فلم آجاتی ہے اور اس کی نمائش شروع ہوجاتی ہے دیکھنے والوں کو ہم نے لائن میں گھنٹوں کھڑے بھی دیکھا ہے اور پولیس کی لاٹھی کھاتے بھی دیکھا ہے اور یہ بھی دیکھا ہے کہ ہال میں فلم چل رہی ہے اور سڑک پر کوئی نہیں ہے۔ اگر راجپوتوں کی اس فلم میں ناک نیچی کی گئی ہے تو آپ کو کون زبردستی دکھا رہا ہے آپ اعلان کردیجئے کہ کوئی راجپوت اور کوئی غیرتمند ہندو فلم کو نہ دیکھے۔ جسے اپنا دھرم پیارا ہوگا وہ نہیں دیکھے گا حکومت کیوں فلم دیکھنے نہ دیکھنے میں پارٹی بنے؟ یہ پابندی کی بات اس وقت ہونا چاہئے تھی کہ جب فلم آجائے تو ہر شہری کو دیکھنا قانون کی وجہ سے ضروری ہوتا۔ یہ سب جانتے ہیں کہ نائب صدر کی عوامی حیثیت نہیں ہوتی وہ ادبی اور سماجی تقریبات میں حصہ ضرور لیتے ہیں لیکن ان کے تام جھام میں اس کا شائبہ بھی نہیں ہوتا جو صدر کا ہوتا ہے لیکن پارٹی میں ان کی وہی اہمیت ہوتی ہے وہ اگر سنجیدگی سے اس معاملہ کو اپنے ہاتھ میں لے لیں تو ایک فتنہ کا سد باب ہوجائے گا۔ ملک میں یہ ماحول بنانا کہ پدماوتی کی شوٹنگ راجستھان میں ہورہی تھی اس زمانہ میں ہر تھوڑے دن کے بعد خبر آتی تھی کہ راجپوتوں نے ان لوگوں پر حملہ کردیا، خیمے جلادیئے، گاڑیاں پھونک دیں صرف اس لئے کہ پدماوتی اور علاء الدین خلجی پر فلم بن رہی ہے۔ اس وقت اگر پولیس اُن غنڈوں کو پہلے توڑتی اور اس کے بعد بند کردیتی تو آج یہ نوبت نہ آتی اس سے زیادہ قانون کی ذلت اور کیا ہوگی کہ یہ نہیں معلوم کہ فلم میں کیا ہے صرف نام سن کر لاکھوں روپے پھونک دیئے جائیں، بہت اچھا ہوگا کہ نائب صدر اب اسے اپنے ہاتھ میں لے لیں۔



پدماوتی: کتنی حقیقت کتنا فسانہ؟

برسر اقتدار بی جے پی حکومت کے لئے تاریخ سے چھیڑ چھاڑ کوئی بڑی بات نہیں ہے کئی بار مغل بادشاہوں کے خلاف زہر افشانی کے معاملات منظر عام پر آچکے ہیں۔ بابری مسجد کی جگہ رام مندر تاج محل کی جگہ شیو مندر جیسے بیانات کی وجہ سے بی جے پی قائدین چوطرفہ تنقید کا باعث بھی بنے ہیں۔ اب حالیہ دنوں میں سنجے لیلا بھنسالی کی فلم پدماوتی بھی موضوع بحث ہیں جس کی وجہ سے اس کی ریلیز بھی رکی ہوئی ہے اور اداکاروں کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دی جارہی ہے اور فلم کے ہدایت کار کا سر قلم کرنے والے کو ۱۰ ارکروڑ روپے کا انعام بھی رکھا گیا ہے ایک بات قابل غور ہے کہ جب کوئی فلم ہدایت کار تاریخ کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کریں تو اس کا سر قلم کرنے کی بات ہوتی ہے اور جب کوئی سیاسی قائدین تاریخ کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کریں تو لوگ خاموشی اختیار کرلیتے ہیں حالانکہ پدماوتی کی یکم دسمبر کی نمائش ملتوی کردی گئی ہے پھر بھی ہندو انتہا پسندوں کا غصہ کم نہیں ہوا ہے۔ حالانکہ فلم میں رانی کی تاریخ کے ساتھ چھیڑ چھاڑ ہوئی ہے تو علاؤالدین خلجی کی تاریخ کے ساتھ چھیڑ چھاڑ ہوئی ہیں اس فلم میں علاؤالدین خلجی کو ایک ویلن کے طور پر بتایا گیا ہے۔ (ٹریلر سے تو ایسا ہی لگ رہا ہے)

تب بھی ہم کسی قسم کا افسوس نہیں کریں گے جس بادشاہ نے ہندوستان کو جنت بنایا آج اس کے باہری حملہ آور بتا کر پیش کیا جارہا ہے اگر علاؤالدین خلجی منگولوں کے حملے کو ناکام نا بناتے تو آج ہندوستان ہندوستان نہ ہوتا خیر ہندو نژاد اور ہندو نظریات کے حامل عناصر لوگ مسلم بادشاہوں کے خلاف کی رہتے ہیں پر وہ علاؤالدین خلجی کے صنعت وتجارت میں ترقی ذخیرہ اندوزی کے خاتمہ کو نہیں جھٹلا سکتے حالانکہ علاؤالدین خلجی دہلی میں پیدا ہوئے پھر بھی وہ فرقہ پرست ذہنیت کے لوگ انہیں بادشاہ ماننے سے انکار کرتے ہیں۔ ترک نژاد خلجی خاندان کے دوسرے وارث علاؤالدین خلجی نے ۱۳۰۳ میں چتوڑ گڑھ کا قلعہ فتح کیا تھا جہاں سے کوہ نور ہیرا علاؤالدین خلجی کے قبضہ میں آیا تھا جو آج ملکہ وکٹوریہ کے تاج وسلیب میں نصب کیا گیا ہے اور کوہ نور ہیرے کا نام بھی کوہ نور علاؤالدین خلجی نے ہی رکھا تھا پدماوتی سے عشق کی داستانیں ناول ہے یا حقیقت یہ نہیں معلوم البتہ یہ ضرور کہا جاسکتا ہے کہ علاؤالدین خلجی نے پدماوتی کے حسن کے کافی چرچے سنے تھے اور اسے حاصل کرنے کے لئے چتوڑ گڑھ قلعہ کا محاصرہ بھی کیا تھا۔ پدماوتی دراصل سری لنکا کی شہزادی تھی جس کا ہاتھ چتوڑ گڑھ کے راجکمار رتن سین نے ایک بہادری کی آزمائش مقابلے میں کامیابی کے بعد مانگ لیا تھا۔ علاؤالدین خلجی اور رتن سین کے درمیان جنگ ہوئی تھی جس میں رتن سین مارا گیا تھا علاء والدین خلجی اور رتن سین کے درمیان جنگ ہوئی تھی جس میں رتن سین مارا گیا تھا۔ علاؤالدین پدماوتی کو حاصل کرپاتے اس سے قبل پدماوتی نے اپنے آپ کو جلا دیا تھا راجپوتوں میں ایک ستی کی رسم ہوتی جس میں شوہر کے ساتھ بیوہ کی بھی چتا جلتی ہے یہ رسم اب ختم ہوچکی ہے لیکن پدماوتی نے اپنے آپ کو جلا دیا تھا خیر یہ ایک مذہب کے ماننے والوں کا اپنا معاملہ ہے۔ جہاں تک فلم پر تنازعہ جاری ہے جب بھی کوئی فلم تنازعہ کا شکار ہوتی ہے وہ کامیابی کی ضمانت بن جاتی ہے۔ جیسے بابری مسجد کی شہادت اور ممبئی فسادات کے پس منظر میں فلم بمبئی کی نمائش سے پہلے خوب ہنگامہ آرائی ہوئی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ اس میں مسلم لڑکی اور ہندو لڑکے کی محبت کو پیش کیا گیا تھا کچھ مقامات پر توڑ پھوڑ ہوئی تھوڑی املاک کا نقصان بھی ہوا اور بکواس فلم ہٹ ہوگئی۔ اسی طرح جودھا اکبر میں جودھا بھائی اور شہزادہ سلیم کی محبت تھی خیر بات کرتے ہیں علاؤالدین خلجی کی فلم پدماوتی میں اگر علاؤالدین خلجی کو بطور ویلن منظر عام پر لایا گیا تو یہ علاؤالدین خلجی کی شان میں گستاخی ہوگی۔

علاؤالدین خلجی کی اشیاء کی قیمت پر کنٹرول کرنے کی پالیسی اس دور کا انقلابی قدم تھا اور کسی کرشمے سے کم نہیں علاء والدین خلجی نے بازات میں فروخت ہونے والی ہر شئے کے دام بذات خود طئے کئے تھے۔ فلم کے ٹریلر میں علاؤالدین خلجی کو عجیب طبیعت کے مالک کے طور پر پیش کیا گیا ہے مثال کے طور پر کھانے کی اشیاء کے ایک علیحدہ بازار تھا مہنگی اشیاء جیسے کپڑے تیل گھی اور مویشیوں کے لئے الگ الگ بازار تھے بازار میں قیمت کنٹرول کرنے کی ایک اہم وجہ یہ بھی تھی کہ ان کے پاس ایک بڑی فوج تھی جسے اشیاء مہیا کرنے کے لئے انہوں نے قیمت کا تعین کیا تھا۔ ذخیرہ اندوزی روکنے کیے لئے خلجی نے شاہی گودام بنوائے تھے۔ جس میں بڑی مقدار میں اشیائے خوردنی رکھی جاتی تھی اور یہیں سے مہیا بھی کی جاتی تھی۔ علاؤالدین خلجی کا سب سے بڑا کارنامہ منگولوں سے ہندوستان کی حفاظت کرنا تھا منگولوں نے وسطی ایشیاء اور ایران پر قبضہ کرلیا تھا اور بار بار ہندوستان پر حملے کررہے تھے علاؤالدین خلی نے کامیابی کے ساتھ جنگ کی شکست کے بعد منگولوں میں زخمی فوج تھی وہ وہیں بس گئے۔ علاء والدین خلجی نے ہی انہیں دہلی میں رہنے کی اجازت دی تھی۔ جب یہی رہنے والے منگول فوج بغاوت کردی تو خلجی نے شکست خوردہ منگول فوج کے فوجیوں کے کٹے ہوئے سر نمائش میں دیواروں پر چنوادئے۔ اسکا مقصد منگولوں میں خوف پیدا کرنا تھا۔ علاؤالدین خلجی کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ انہوں نے اپنے چچا جلال الدین خلجی کا قتل کروا کر دہلی کا تاج حاصل کیا تھا۔

● شہاب مرزا
9595024421
shahabmirza189@gmail.com

اسلامی انسائیکلو پیڈیا

ابن سینا، بوعلی

ابن سینا نے فلسفہ ''منطق'' ریاضی اور سائنس کے موضوعات پر بہت سی کتابیں لکھی ہیں۔ ان میں فلسفہ پر ''الشفا'' طب میں ''القانون'' اور الادویہ'' انسائیکلو پیڈیا کی حیثیت رکھتے ہیں۔ بارہویں صدی عیسوی میں ان کے تراجم یورپی زبانوں میں ہوئے اور اگلی کئی صدیوں تک یہ اسلامی اور یورپی یونیورسٹیوں میں پڑھائی جاتی رہیں۔ دیگر کتابوں میں ''النجات'' الاشارات'' الہدایت'' رسائل فی الحکمت وطبیعات' زیادہ مشہور ہیں۔

ابن سینا کے نزدیک علم کی دو اقسام ہیں۔ ایک نظری یا نظریاتی اور دوسری عملی۔ نظری علوم محسوس سے مجرد کی طرف بڑھتے ہیں مثلاً طبیعیات ریاضیات اور مابعد الطبیعیات وغیرہ اور عملی علوم اخلاقیات، معاشیات اور سیاسیات وغیرہ ہیں۔ ابن سینا کے نظریات کا ماحصل یہ ہے کہ ذات اور وجود دو الگ الگ حیثیت رکھتے ہیں۔ اسی طرح روح اور جسم دو الگ الگ حیثیتوں کے مالک ہیں۔ روح مادے کی نہیں بلکہ صورت کی ایک قسم ہے لیکن روح جسم کے بغیر بے کار ہے۔ اس کی کوئی انفرادی حیثیت نہیں لیکن یہ جسم کے تابع بھی نہیں بلکہ اسے اپنا ادراک حاصل ہے عقل اس کا ایک ملکہ ہے اس کی ایک خصوصیت ہے۔ جسے یہ خصوصیت حاصل ہے کہ یہ نہ صرف خود کو پہچانتی ہے بلکہ مسلسل ترقی بھی کرتی ہے جبکہ جسم ایک خاص عمر کے بعد زوال کی طرف مائل ہوتا ہے چنانچہ ثابت ہوا کہ مادے اور صورت کی تبدیلی کے باوجود روح یا عقل میں کسی قسم کی کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوتی۔

ہر مادہ ایک صورت رکھتا ہے اور ہر صورت کیلئے مادہ ہونا لازمی ہے۔ گویا صورت اور مادہ ایک دوسرے کیلئے علت (وجہ) کی حیثیت رکھتے ہیں۔ علت کی اس کے نزدیک چار اقسام ہیں (تحریک دینے والی) ابن سینا کے نزدیک ان تمام علتوں کے آخر میں ایک علت نکل آتی ہے۔ جو ان سب کو حرکت دیتی ہے۔ اسی علت العلل کو وہ خدا کی ہستی قرار دیتا ہے جو بیک وقت علت فاعلہ (یعنی کام کرنے والی علت) اور علت الغایت (آخری علت) ہے گویا ایک ایسی علت کا وجود لازم ہے جس سے تمام علتیں نکلتی ہے۔ یہی وہ طعلل اول ہے جس نے اتنی عظیم الشان کائنات قائم کی۔ گویا اس کے وجود سے بے شمار وجود ظہور میں آئے مگر اس کی ذات واحد ہے۔ اس طرح سے ابن سینا ذات اور وجود کو دو الگ الگ چیزیں قرار دیتا ہے۔ وجود کیلئے ذات تو لازم ہے لیکن ذات کیلئے وجود لازم نہیں۔

ابن سینا، بوعلی

پوسٹ مارٹم

اپنے شوہر کے پاس واپس جانا چاہتی ہوں: ہادیہ۔ سپریم کورٹ نے ہادیہ کو تعلیم جاری رکھنے کالج بھیجا، اگلی سماعت جنوری کے تیسرے ہفتہ میں

- مبارک ہو شمو خالہ، سپریم کورٹ کا فیصلہ، تمہاری بھانجی کی تائید وموافقت میں ہونے جارہا ہے!

گورکھپور اسپتال میں کئی بچوں کی زندگی بچانے والے ڈاکٹر کفیل خان الزامات سے باعزت بری

- اتر پردیش کی یوگی حکومت نے، اس مسیحا صفت ڈاکٹر کو، ہراساں کرنے کا کوئی موقع نہیں چھوڑا تھا شکر!

کانگریس کے پاس نہ نیتی، نہ نیت، نہ نیتا۔ نریندر مودی

- اور تمہارے پاس، EVM کے جادو کے سوا، اور کیا ہے مودی بھائی!

مسلمانوں کو احساس کمتری سے باہر نکلنا ہوگا۔ ممبئی کے مشہور تاریخی تعلیمی ادارے انجمن اسلام میں مختار عباس نقوی کا اظہار خیال

- احساس کمتری سے پہلے آپ باہر نکل آیئے مختار بھائی، مسلمانوں کا اللہ مالک ہے۔

وکھارڈ کمپنی کا چکل تھانہ پلانٹ اچانک بند، ملازمین کا احتجاج

- گوشت بندی، نوٹ بندی، تالہ بندی، اس کو بولتے ہیں انکل' اچانک میں بھیانک'

جیم الف

من کی بات

ایشیا ایکسپریس کا چشم کشا اداریہ

منور رانا نے کہا تھا۔

ترشول کی تقسیم اگر جرم نہیں ہے
ترشول بنانے کا ہمیں کام دیجئے!

۲۸ر نومبر کا روزنامہ ایشیا ایکسپریس کا اداریہ پڑھ کر انتہائی مسرت ہوئی۔ اداریہ نگار نے دہشت گردی کی عالمی صورت حال کا تفصیلی خاکہ پیش کرتے ہوئے اس صورت حال کو ہوا دینے والے منافقین پر سے بھی پردہ اٹھایا ہے۔ ممالک اسلامیہ کا بھی جائزہ لیا ہے۔ میانمار کے بدھسٹوں کی دہشت گردی دنیا بھر میں عیسائی ودیگر اشرار کا بھی تذکرہ کیا ہے۔ اس اداریے میں ہمارے وطن عزیز کے حالات کا جس سنجیدگی سے موصوف نے جائزہ لیا اور ہمارے ارباب حل وعقد کو حقائق کا جو آئینہ دکھایا وہ یقیناً قابل ستائش ہے۔ یہ بات اور ہے کہ ملک میں اس وقت جو ٹولہ برسر اقتدار ہے۔ ان سے شاید ہی کسی رواداری کی توقع کی جاسکے چند ایک جمہوری وقانونی بندشوں نے انہیں باندھ رکھا ہے جسکے سبب یہ بظاہر رواداری، دستور کی پاسداری اور یہاں تک کے ہمارے بیشتر مجاہدین آزادی (جن میں بابائے قوم مہاتما گاندھی تک شامل ہیں) سے محبت کا سوانگ رچاتے ہیں۔ وزیر اعظم کے من کی بات اور دیگر پلیٹ فارموں سے اس قسم کے بیانات کہ دہشت گردی قابل قبول نہیں۔ ہر شہری کی حفاظت کی جائیگی۔ کسی کو قانون سے کھلواڑ کی اجازت نہیں دی جائے گی وغیرہ وغیرہ! بھی اسی سوانگ یا نفاق کا حصہ ہیں ورنہ کیا وجہ ہے کہ ان کی اپنی ہی پارٹی کے ان کے اپنے ٹولے کے اور ان کی حمایتی تنظیموں کے افراد یہاں تک کہ ان کی وزارت میں شامل افراد ان کے رواداری اور دہشت پسندی وشدت پسندی کے خلاف پند ونصیحت کو اپنے پاؤں تلے روندتے ہوئے قانون کو ہاتھ لینے، ہندوؤں کو مسلح کرنے اور ہر ہندو کے ہاتھ میں اسلحہ دینے کی بات کرتے ہیں۔ اداریہ نگار واقعی قابل مبارکباد ہیں کہ انہوں نے وزیر اعظم کو اپنے گھر کی خبر لینے کا مشورہ دیا ہے اور ملک کی شدت پسند تنظیموں بشمول آر ایس ایس کی سرگرمیوں کا جائزہ لینے اور لگام کسنے کو ملک کی خدمت گردانا ہے۔ کیونکہ ملک کی سلامتی اور فلاح امن پسندی اور فرقہ وارانہ اتحاد میں پوشیدہ ہے نہ کہ کسی ایک طبقہ کو اشتعال دلانے اور مسلح کرنے میں! ہمارے علاقے کے ایک بزرگ شاعر نظر جالنوی نے کہا تھا!

طوفاں چھپا ہوا ہے تشدد کی لہر میں
طوفان اٹھ گیا تو دبایا نہ جائے گا

علیم قریشی۔ جالنہ

صحت الفاظ

مُتَشَرِّع = مُ + تَ + شَر + رِع = شریعت کا پابند

الفاظ معنی

مُتَدَیِّن	دین دار
مُبَلِّغ	تبلیغ کرنے والا

ایشیا ایکسپریس میں شائع ہونے والے مضامین اور مراسلات میں جو نقطۂ نظر اور آراء پیش کی جاتی ہیں وہ مضمون ومراسلہ نگاروں کی اپنی رائے ہوتی ہے جس سے ادارہ کا اتفاق ضروری نہیں۔

ذیابیطس سے بچنے کیلئے احتیاط ضروری ہے

ذیابیطس جسے عرف عام میں شوگر کہا جاتا ہے، روز بروز بڑھنے والا ایسا مرض ہے جو مسلسل لوگوں کی بڑی تعداد کو اپنی لپیٹ میں لے رہا ہے جبکہ عوام میں اس مرض سے متعلق مناسب آگہی ہونے پر صرف چند احتیاطی تدابیر اختیار کرکے اس سے محفوظ رہا جاسکتا ہے بلکہ ذیابیطس کے مریض بھی احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے معمول کے مطابق زندگی بسر کرسکتے ہیں۔

عالمی ادارہ صحت (ڈبلیوایچ او) کی رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں 42 کروڑ سے بھی زائد افراد اس خطرناک مرض کا شکار ہیں جبکہ جاں بحق ہونے والا ہر چھٹا فرد ذیابیطس میں مبتلا ہوتا ہے۔ شوگر کی بیماری سے ہر دس سیکنڈ میں ایک شخص کی موت واقع ہورہی ہے۔ اس بیماری کی وجہ سے ہونے والی 80 فیصد اموات کا تعلق غریب اور متوسط طبقے سے ہے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق پاکستان میں ذیابیطس کے مریضوں کی تعداد ڈیڑھ کروڑ سے بھی زیادہ ہے۔ ڈبلیوایچ او کا کہنا ہے کہ اگر اس مرض سے بچاؤ کے مناسب اقدامات نہ کیے گئے تو 2030 تک ذیابیطس دنیا کی ساتویں بڑی جان لیوا بیماری بن سکتی ہے۔

ماہرین صحت کے مطابق ذیابیطس کے اسباب میں موٹاپا، تمباکو نوشی اور ورزش نہ کرنا شامل ہیں۔ یہ مرض جسم میں انسولین کی مقدار غیر معتدل ہونے سے پیدا ہوتا ہے۔ انسان جو غذا بھی کھاتا ہے، اس کا بیشتر حصہ خاص طور پر نشاستہ دار ماؤں (شوگر) میں تبدیل ہوتا ہے۔ یہ شوگر ہی سادہ ترین قسم ہے جسے "گلوکوز" کہا جاتا ہے اور اگر یہ کہا جائے کہ گلوکوز ہی توانائی فراہم کرنے میں نہایت اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انسانی جسم میں معدے سے ذرا نیچے لبلبہ (Pancreas) ہوتا ہے جو "انسولین" نامی ہارمون پیدا کرتا ہے جو گلوکوز کی مقدار کو محفوظ حد میں رکھتا ہے اور اسی کی بدولت یہ جو گلوکوز کی مقدار کو محفوظ حد میں رکھتا ہے اور ذریعہ گلوکوز خلیوں تک پہنچتا رہتا ہے۔ اگر انسان یہ توانائی جسم میں شامل چربی کو استعمال کرتا ہے اور یوں جسم میں گلوکوز کی زیادتی یا کمی، دونوں میں سے کچھ بھی واقع ہوسکتی ہے۔ ذیابیطس کی یہ قسم زیادہ عام ہے۔

ذیابیطس کی عمومی علامات میں دھندلا نظر آنا، پھر آنا، مستقل پیاس لگنا، تیزی سے وزن کا گرنا، بھوک لگنے زیادہ رہنا، بہت زیادہ پیشاب آنا وغیرہ شامل ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ان علامات کا خیال رکھا جائے، ساتھ ہی یہ بھی ضروری ہے کہ ذیابیطس پر نظر رکھی جائے اور وقتاً فوقتاً ذیابیطس کا ٹیسٹ کروایا جاتا رہے۔ یہ اس لیے بھی ضروری ہے کہ کوئی علامات ایک ایسی کیفیت کا اشارہ ہوسکتی ہیں جسے قبل از ذیابیطس مرحلہ اردو میں کہا جاسکتا ہے یعنی ایسے اثرات کے حوالے ذیابیطس کی طرف لے جاسکتے ہیں۔ یا تو عدم توجہ کے باعث یا پھر مناسب علاج نہ ہونے کے باعث۔ ذیابیطس کے اثرات پورے جسم پر پڑتے ہیں اور لمبے عرصے میں خاصی مشکلات پیش آسکتی ہیں جیسے کہ آنکھوں اور پیٹھ پر اثرات، بلند فشارِ خون (ہائی بلڈ پریشر) اور نتیجتاً دل کی بیماریاں، جلد کی بیماریاں، پورے جسم خصوصاً ہاتھوں پر چیونٹوں کا رینگنے نہ ہونا، گردوں کی بیماریاں۔

اس کے علاوہ یہ مرض آنکھوں اور شریانوں پر بھی اثر انداز ہوتا ہے، اور بہت سی جان لیوا بیماریوں کی وجہ بن سکتا ہے۔ بظاہر ذیابیطس اور دل کے عوارض وہ مختلف چیزیں ہیں، لیکن یہ حقیقت ہے کہ ذیابیطس میں مبتلا افراد کی اکثریت کسی ایک وجہ یا دوسری کی شکار ہوجاتی ہے، جن میں امراض قلب سرفہرست ہیں۔

ایک اندازے کے مطابق ذیابیطس میں مبتلا افراد میں سے پچاس فیصد کی اموات کا سبب ہارٹ اٹیک یا دل کا دورہ ہوتا ہے۔ ہائی بلڈ پریشر میں مبتلا شخص عام لوگوں کی نسبت ذیابیطس میں مبتلا ہونے کے زیادہ خطرات رکھتا ہے۔ اسی طرح ذیابیطس میں مبتلا افراد ذیابیطس پر خراب کنٹرول کے باعث گردوں کی خرابی کی زد میں بھی آجاتے جس کے ساتھ وہ ہائی بلڈ پریشر کے مریض بھی بن جاتے ہیں۔ بعض ماہرین کے مطابق ہائی بلڈ پریشر اور ذیابیطس، دونوں میں مبتلا ہونے والوں کی تعداد تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ اس معاملے کا تکلیس پہلو یہ ہے کہ جب یہ دونوں بیماریاں مل جائیں تو سخت احتیاط کی ضرورت رہتی ہے کیونکہ دونوں امراض ایک دوسرے کیلئے سازگار ماحول فراہم کرتے ہیں۔ ہائی بلڈ پریشر کنٹرول اس اعتبار سے اہم ہے کہ بہت سی صورتوں میں صرف احتیاط ہی سے یہ مرض کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔

ذیابیطس سے بچنے کیلئے وزن کو بڑھنے نہ دینا، پوری نیند لینا، دن میں جاگنا اور رات میں بروقت سونا، غذا میں توازن رکھنا، سبزیوں کے استعمال سے پرہیز میں کاربوہائیڈریٹ اور نشاستہ سے بھری غذاؤں سے اجتناب جبکہ گوشت، بھنے ہوئی چکنائیوں، مکھن، بناسپتی گھی اور مارجرین وغیرہ کا استعمال ترک کرنا (کیونکہ ان سے کولیسٹرول کی سطح بڑھ سکتی ہے) معمولات بلکہ مستحسن اقدامات کا درجہ رکھتے ہیں۔ دوسری جانب مناسب نیند کے بندوبست میں مغربات جیسے کہ مونگ پھلی، زیتون کا تیل، کیونا کا تیل، پھلی یا رونی مچھلی وغیرہ شامل رکھے جائیں اور روزانہ کم از کم 30 منٹ کی ورزش کی عادت اپنائی جائے، چاہے وہ دو روز تیز قدموں سے پیدل چلنے کی صورت ہی میں کیوں نہ ہو۔ تمام معالجین اس پر متفق ہیں کہ اگر شوگر کا مریض ورزش کو اپنے معمول کا حصہ بنالے تو وہ اس بیماری کے بُرے اثرات سے محفوظ رہ کر بالکل نارمل زندگی گزار سکتا ہے کیونکہ ورزش سے اس مرض کی شدت میں کمی واقع ہوتی ہے اور ورزش بالواسطہ طور پر لبلبے کو تحریک دے کر انسولین کی افراز میں بھی اضافہ کرتی ہے۔ علاوہ ازیں ورزش انسانی جسم میں انسولین لیول متوازن کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔

طب نبوی ﷺ

☆مفہوم حدیث حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کو دل کا دورہ پڑا تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ کھجور کو آس کی گٹھلی کے ساتھ کھایا کرو (گٹھلی کو پیس کر)۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ نے ایسا ہی کیا تو حضرت سعدؓ فرماتے ہیں کہ میری وہ تکلیف دور ہوگئی (حدیث)۔ ☆مفہوم حدیث ہے کہ گائے کا دودھ استعمال کیا کرو کیونکہ اس میں تمام درختوں کی چربی ہوتی ہے۔ (حدیث) ☆سرکار ﷺ نے فرمایا کہ انجیر کا استعمال بواسیر کو مفید ہے (مفہوم حدیث)۔ ☆سنت رسول ﷺ سرکار زخم پر مہندی کا لیپ لگایا کرتے (مفہوم حدیث)۔

طبی مشورے



حکیم محمد سلیم قادری رضوی

اسلام ورداہ (کٹ کٹ گیٹ)، اورنگ آباد

نوٹ: اپنے پیچیدہ اور پیشہ طویل مسائل کے حل کیلئے راست ملاقات پیر سے جمعہ شام 6:30 سے 9:30 کرسکتے ہیں۔ اور سنیچر کو یہ مدثر قادری رضوی (B.U.M.S) سے ملاقات کرسکتے ہیں۔ موبائل: 9890911876

مدثر 9970077786

سوال: سوال: مجیب الدین صاحب عمر ۷۰ سال بھسالہ سے شکایت کی کہ سانس کی شکایت ہے علاج بتایئے مہربانی ہوگی؟

جواب: آپ کے پھیپھڑوں کی قوت مدافعت بہت کمزور ہے سانس کا پھولنا اس بات کی علامت ہے اور شاید پھیپھڑوں کی نالیوں میں بلغم جما ہوا ہے۔ آپ تھوڑا شہد ادرک، ہلدی، لہسن اور اس کے بعد صبح و شام استعمال کریں، اجوائن، بادام، چائیں اور اس خون میں کولیسٹرول (چکنائی) کی مقدار بڑھی ہوسکتی ہے۔

سوال: فیصل احمد عمر ۳۶ سال پیڑ سے سوال کیا کہ مسوڑھوں سے خون نکلتا ہے کوئی علاج بتایئے کہ خون بند ہوجائے؟

جواب: مسوڑھوں کی کمزوری دور کرنے کیلئے ایک انجیر کا سوکھا ٹکڑا رہا ہوں۔ ہاضمہ چورن ۱۰ گرام، مازو پھل ۱۰ گرام، کاغذی ۳۰ گرام، تین کی بوتل باریک پیس لیں اور بطور منجن اسے استعمال کریں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

سوال: فاطمہ عمر ۳۰ سال اورنگ آباد سے شکایت کی کہ مجھے ہمیشہ قبض کی شکایت رہتی ہے کوئی علاج تائیں؟

جواب: قرص لیون ۴ گولی نیم گرم دودھ کے ہمراہ لیں کامزید ہ کرنے پر تکلیف ہوتی ہے؟

جواب: سب سے پہلے آپ صبح چہل قدمی کرے اور صبح ۱۰ گرام عرق زیرہ پاؤ کپ اور معجون سہرل کے ساتھ لے دو وقت خوراک لیں لیکن موسم گرما کی وجہ سے خوراک میں تخفیف کریں۔ اور میدا ری گولیاں صبح و شام۔ ایک ماہ استعمال کریں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

سوال: شیخ عمران عمر ۵۰ سال اورنگ آباد سے شکایت کی کہ وزن ۷۰ کلو ہے ہوتا ہے کچھ کھیلنے کا گا کے معدہ میں کوئی فاسد مادہ ہے جس کی وجہ سے بخار اور دوسر ساتھ میں ہے۔ براہ مہربانی ایسے کرنے کیلئے ایک اٹھے کی زوری، گلاس بھر انناس کے رس میں مل کر کے نوش کریں اور چند کھائیں۔ ☆ گلے میں خارش بار بار ہورہی ہو تو نمک ضرور استعمال کریں۔ ☆اخروٹ کو پانی میں جوش دے کر اس سے غرارے اور کلیاں کرنے سے گلے کی تکلیف، سیوڑھوں کی تکلیف اور دانتوں کا درد دور ہوجاتا ہے۔

آپ کی ڈائری کیلئے

☆اگر آپ کا بھائیہ کمزور ہے یا کھانا کھانے کے بعد دست ہوجاتے ہوں تو ناشتہ میں ۲ پارٹیک پیس کر دودھ میں ملا کر انجیر اور قبض نہ ہونے دیں اور صافی استعمال کریں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

سوال: فریدہ خان عمر ۴۰ سال ورنجی سے شکایت کی کہ میرے بدن پر سیاہ دھبے ہیں کوئی علاج تائیں مہربانی ہوگی؟

جواب: نمک توشبار اور ہلدی ہمزون لیں اسے باریک پیس کر دودھ میں ملا کر انگلیں اور قبض نہ ہونے دیں اور صافی استعمال کریں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

لیموں سے دانت چمکدار اور خوبصورت بنانے کا آزمودہ نسخہ

اگر دانت پیلے اور بدنما ہوں تو ہم کھل کر ہنسنے سے اجتناب کرتے ہیں۔ لوگ دانتوں کا چمکدار بنانے کے لئے منجنی کو تھ پیسٹ کا استعمال کرتے ہیں لیکن پھر بھی کوئی خاص فرق نہیں پڑتا۔ آج ہم آپ کو دانتوں کو صاف رکھنے کا انتہائی آسان نسخہ بتائیں گے۔ لیموں کا رس نکال کر اسے پانی میں اچھی طرح حل کر لیں۔ دن میں دو بار برش کریں اور ہر بار کے بعد اس پانی کی کلی کرلیں۔ لیموں کے چھلکے کا سفوف بنا لیں اور اسے پانی میں حل کر کے اس پیسٹ سے دانتوں کی مالش کر کے کلی کریں۔ چند ہی دنوں میں آپ کے دانت موتیوں کی طرح سفید ہوجائیں گے۔

حجامہ

شیخ انیس الدین

(قیصر کالونی) 9921150832

ھم جب کسی بیماری میں گھر جاتے ہیں تو ہم طرح کے علاج کرواتے ہیں، مہنگے سے مہنگے علاج کرواتے ہیں۔ ہزاروں اور لاکھوں روپیہ خرچ کردیتے ہیں۔ ڈاکٹروں اور حکیموں کے پاس جاتے ہیں لیکن اللہ اور اسکے رسولؐ کے بتائے ہوئے علاج کی طرف متوجہ نہیں ہوتے۔ اللہ اور اسکے رسول نے زندگی کے تمام اصولوں کی طرح علاج و معالجہ کی تمام تر ہدایتیں عطا فرمائی ہیں۔ حضور اکرم ﷺ نے حجامہ سے نہ صرف تشخیص کی ہے بلکہ علاج بھی کیا اور اس کی ہدایت بھی کی ہے یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ ہمیں اس بات کا یقین نہیں ہے کہ صرف حجامہ کے ذریعہ ایسے سارے امراض کا علاج ممکن ہے۔ آپؐ نے خود حجامہ کروایا اور دوسروں کو اس کی ترغیب دی۔ حجامہ ایک قدیم علاج ہے جو کہ بہت مفید طریقہ ہے۔ چین میں تو یہ عام ہے پورے ملک میں حجامہ کے ذریعے علاج کیا جاتا ہے۔ چین کا یہ قوی طریقہ علاج ہے۔ یہ پرسب ملکوں اور جنوب مشرقی ایشیاء کے ملکوں میں بھی رائج ہے۔ امریکہ اور یورپ کے یونیورسٹیوں میں الٹرنیٹو میڈیسن کے طلباء کو حجامہ پڑھایا اور سکھایا جارہا ہے۔ حجامہ لگوانے کیلئے آج کل جدید طریقہ اور آلات کا استعمال ہورہا ہے جس سے لوگوں کی صحت پر کوئی مضر اثرات نہیں ہوتے۔ لوگ سمجھتے ہیں کہ بہت سارا خون نکالا جاتا ہے جس سے کمزوری ہوجاتی ہے۔ صحت مند لوگ بھی بیماریوں سے بچنے کیلئے حجامہ کرسکتے ہیں۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ حجامہ سے علاج کروانے والا اچھا آدمی ہے (فاسد) خون نکال دیتا ہے اور پشت کو ہلکا کردیتا ہے اور نظر کو تیز کرتا ہے۔

سرکی خشکی سے نجات پائیے

دور جدید میں بالغ و بچہ، ہر کسی کے سر میں خشکی بہت عام ہوگئی جس کا نتیجہ تکلیف و خارش کی شکل میں نکلتا ہے۔ یہ سلسلہ مرض خوامیں تک محدود نہیں بلکہ مردِ حضرات کو بھی اس کا سامنا ہوتا ہے۔ اگر کچھ پھر اس سے بچنے کے لیے بہت سے شیمپو ز استعمال کرتے ہیں۔ عام طور پر خشکی خشکی وجہ بالوں کی صفائی کا زیادہ خیال نہ رکھنا یا جلدی مسائل ہیں۔ تاہم گھر سے باہر لوگوں کی موجودگی میں یہ خارش شرمندگی کا باعث بھی بن سکتی ہے۔ اس تکلیف سے نجات کے چند سادہ مگر دلچسپ ٹوٹکے بہت مددگار ثابت ہوتے ہیں جو پیش خدمت ہیں۔

سیب کے عرق کا سر کہ

بالوں کے ماہرین کا بھی یہ کہنا ہے کہ سیب کے عرق کا سرکہ سر کی خشکی کا بہترین حل ہے کیونکہ اس میں پائی جانے والی تیزابیت سر میں ایسی تبدیلیاں لاتی ہے کہ وہاں خشکی کے پیدا ہونا مشکل ہوجاتا ہے۔ ایک چوتھائی کپ اس سرکے کو چوتھائی کپ پانی سے بھری اسپرے بوتل میں شامل کریں اور اپنے سر پر چھڑکا کریں۔ سر پر تولیہ لپیٹ لیں اور چند منٹ سے ایک گھنٹے تک آرام سے بیٹھ جائیں۔ اس کے بعد کر معمول کے مطابق دھولیں۔ یہ عمل ہفتہ بھر میں دو بار کرنا خشکی کو ہمیشہ کے لیے بھگادے گا۔

اسپرین

اسپرین ایسے اجزا (سیلی کائی لیک ایسڈ) سے بھرپور دوا ہے جو پشر خشکی سے نجات دلانے والے شیمپوز کا حصہ ہوتے ہیں۔ اسپرین کی دو گولیوں کو پیس کر سفوف کی شکل میں اور سر پر لگانے کے لیے جتنا شیمپو لیتے ہیں، اس میں شامل کرلیں۔ اس آمیزے کو اپنے بالوں پر ایک سے دو منٹ تک لگا رہنے دیں اور پھر نارمل طریقے دھولیں۔ پھر سادہ شیمپو سے سر کو دھولیں۔ آپ اس کا اثر دیکھ حیران رہ جائیں گے۔

کھانے کا سوڈا

ہر گھر میں بادی خانہ اپنے اندر سری خارش اور خشکی ختم کرنے کی کنجی چھپائے ہوئے ہے۔ بس اپنے بالوں کو گیلا کریں اور پھر اس میں تھوڑا سا شیمپو لگا کر کھانے کا سوڈا زور سے رگڑیں۔ پھر شیمپو کو چھوڑ کر بال دھولیں۔ یہ سوڈا خشکی کا باعث بننے والے عناصر کو تحرک ہونے سے روکتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ سوڈے سے ہونے کے بعد پہلے آپ کے بال خشک محسوس ہوگر کچھ ہفتوں بعد آپ کے بال قدرتی تیل پیدا کرنے لگیں گے جس سے وہ نرم اور خشکی سے پاک ہوجائیں گے۔

ماؤتھ واش

بہت زیادہ خشکی کا علاج چاہتے ہیں تو پہلے اپنے بالوں کو معمول کے شیمپو سے دھولیں۔ پھر انہیں ماؤتھ واش سے دھولیں جس کے بعد ہیئر کنڈیشنر کا بھی استعمال کریں۔ ماؤتھ واش میں پیپرمنٹ کو دور بھگانے والی خوبی خشکی کی بھی روک تھام کرتی ہے۔

لیموں

خشکی سے نجات پانے کے لیے، پھٹے لیموں کے عرق کی مالش اپنے سر پر کریں اور پانی سے دھولیں۔ اس کے بعد ایک چھٹی لیموں کا بھی ایک کپ پانی میں ملائیں اور اپنے سر کو اس سے دھولیں۔ اس طریقہ کار کو روزانہ اس وقت استعمال کریں جب تک خشکی کا خاتمہ نہ ہوجائے۔ لیموں میں موجود تیزابیت آپ کے سر پر پائے روغن کی سطح کو متوازن رکھتی ہے جس کے نتیجے میں خشکی کو دور بھگا کر پاتا ہے۔

نمک

شیمپو سے پہلے عام نمک کو سر پر رگڑیا مالش کرنا خشکی کا خاتمہ کرنے میں زبردست کردار ادا کرسکتا ہے۔ نمک دانی کو لیں اور کچھ مقدار میں نمک اپنے سر پر چھڑکیں اور پھر اسے بالوں میں پھیلائیں جس کے بعد کچھ دیر مالش کریں۔ پھر دیر بعد سر کو شیمپو سے دھولیں۔ دو سے تین بار ایسا کرنے سے آپ محسوس کریں گے۔

ایلوویرا

اپنی خارش بچانے کے لیے شیمپو سے پہلے ایلو ویرا کے تیل یا جیل کی مالش کریں۔ آلو ویرا میں ٹھنڈک کا عنصر خارش سے نجات دلانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

زیتون کا تیل

رات کو زیتون کے تیل کی مالش کر کے سو جانا خشکی کا صدیوں پرانا ٹوٹکا ہے۔ زیتون کے تیل کے دس قطرے سر پر رکھ کر اس کی مالش کریں اور سر کو کسی تولیے یا تولیے میں چھپا کر سو جائیں۔ صبح اٹھ کر سر کو دھولیں۔ یکھ دن میں خشکی آپ سے دور بھاگ جائے گی۔ تاہم قدرتی اثر چاہتے ہیں تو ایسے شیمپو کو ترجیح دیں جس میں زیتون کا تیل بھی شامل ہو۔

لہسن

لہسن کی پیچیدگی کی روک تھام کی خاصیت اسے خشکی کا باعث بننے والے بیکٹیریا کے خاتمے میں بھی بہترین ثابت کرتی ہے۔ لہسن چنن کر اپنے سر پر مل لیں۔ اس کی بو سے بچنے کے لیے پسے ہوئے لہسن میں شہد بھی شامل کرلیں اور پھر سر کی مالش کریں جس کے بعد سر معمول کے مطابق دھولیں۔

ناریل کا تیل

ناریل کا تیل خشکی کا آزمودہ اور موثر علاج ہے جبکہ اس کی مہک بھی مزاج پر ناگوار نہیں گزرتی۔ نہانے سے پہلے تین سے پانچ چمچی ناریل کے تیل سے سر کی مالش کریں اور ایک گھنٹے تک لگا رہنے دیں۔ اس کے بعد سر کو شیمپو سے دھولیں۔ اس کے علاوہ آپ ایسا شیمپو استعمال کر کے بھی اس کی افادیت کو دوگنا بڑھا سکتے ہیں جس میں ناریل کے تیل کا استعمال بھی ہوا ہو۔

All disputes related to Roznama Asia Express are subject to the exclusive jurisdiction of competent courts and forums in Aurangabad only

ایشیا ایکسپریس سے متعلق قانونی تنازعات کی صورت میں صرف اورنگ آباد کی عدالتوں کو حق سماعت حاصل ہوگا۔

روزنامہ ایشیا ایکسپریس اورنگ آباد
Roznama Asia Express

جالنہ میں دوسرے دن بھی

شہر میں غیر مجاز 9 مندر 2 درگاہ اور 22 دکانیں منہدم

۶۶ پولس بلدی عملہ، مہاوتران اور فائر بریگیڈ کا رکنان نے کی کاروائی

جالنہ (محمد اظہر فاضل) سپریم کورٹ کے فیصلہ پر موثر کاروائی کرتے ہوئے جالنہ بلدیہ نے شہر جالنہ میں دوسرے دن بھی ناجائز قبضہ جات کو ہٹانے کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے شہر میں ناجائز طریقے سے تعمیر کئے گئے نو مندر، دو درگاہیں اور بلدیس دکانوں کو زمین دوز کر دیا۔ اس موقع پر پولس کی بھاری نفیمت کسی واقعہ کے نپٹنے کیلئے مستعد تھی۔ غیر قانونی تعمیرات اور ناجائز قبضہ جات ہٹانے کی مہم کے دوسرے دن آزاد میدان پر واقع جگدمبا دیوی اور ساہی باوا کے مندر کو منہدم کرکے قافلہ شاہ راستہ پر واقع درگاہ اور اس سے متصل ۱۵ پکی دکانوں کو زمین دوز کیا گیا۔ اس سے قبل دکانوں کے مالکان کو ان کا سامان لے جانے کا مکمل موقع دیا گیا۔ پھر ان دکانوں پر بلڈوزر چلایا گیا۔ اسی سے ملحق جنت جالس ہائی اسکول کے قریب موجود ہادی کے دو مندار کو منہدم کیا گیا۔ وقفہ کے بعد اس قافلہ نے دھنش پورہ میں واقع دو مندار کو زمین دوز کیا۔ جتھلیا کالونی میں راستہ پر تعمیر مندر کو بھی گرایا گیا۔ دوپہر کے قریب جالنہ شہان بھومی کے قریب سے ہوتا ہوا مندر کو گرانے کے بعد گیرتا ان راستے کے درمیان واقع درگاہ کو منہدم کیا گیا۔ دوسرے دن بھی ناجائز قبضہ جات ہٹانے مہم کی قیادت بلدیہ جالنہ کی ایڈمنسٹریٹر کملا ڈکری کی قیادت میں جاری رہی علاقائی پولس محکمہ کے سدار اڑا کمر گجن ساری اور ان کے عملہ نے اس مہم میں مکمل تعاون دیا۔ اس مہم میں ۶۶ پولس عملہ، ۱۴۰ بلدی عملہ ایم ایس پی کے ۱۰ اور فائر بریگیڈ کے ۴ گاڑیاں نے شرکت کی۔ ناجائز قبضہ سے نجات دلانی جنبیہ صدر بازار پولس مقدمہ جالنہ پولس اور تعلقہ پولس کے اہلکار وہاں موجود تھے۔

تصاویر: جاوید تانبولی جالنہ

سب ضلع اسپتال کا واقعہ سے انکار، ایمبولنس میں ہی خاتون کی زچگی

غضبناک رشتہ داروں کی ڈاکٹر کے خلاف شکایت

سیلو (نامہ نگار) شہر سیلو کے سب ضلع اسپتال میں درد زہ میں مبتلا ایک خاتون ولیدہ کی لے لئے لایا گیا تو یہاں کے ذمہ دار ڈاکٹروں نے لے جانے سے انکار کرتے ہے پھر بھی مجبوراً بی جس کے سبب مذکورہ خاتون ایمبولنس ہی میں فارغ ہوگئی۔ یہ واقعہ ۲۶ نومبر اتوار کی آدھی رات کو پیش آیا۔ نومولود بے ضائع ہوجانے کے سبب مذکورہ اسپتال کے ڈاکٹر کے رویہ پر خاتون کے رشتہ دار بھڑک اٹھے اور انہوں نے دوسرے دن بروز پیر ۲۷ نومبر کو سیلو پولس تھانہ میں شکایت کا اندراج کروایا۔ واردات کیلئے وجہ بے ڈاکٹر پر تشدد ناجائز کاروائی کا مطالبہ یہاں کے متعلقہ ہیں کے عینی شاہد بریگیڈ کی جانب سے کیا گیا ہے۔ واقعہ کی تفصیل کچھ یوں ہے کہ تعلقہ سیلو کے بارگی گاؤں کی خاتون سیتا بائی اوسا حب تالکے کو مذکورہ اتوار کی رات سازے بارہ بجے اس سب اسپتال لایا گیا تھا تاہم ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹر نند رحمن گولے ڈیوٹی پر تھے نے اس خاتون کو شریک اسپتال کرنے سے انکار کرتے ہوئے اسے پرسمنی تعلقہ کے لے جانے کی صلاح دی۔ خاتون کے اقارب نے ایمبولنس ۱۰۸ کی خدمات حاصل کیں اور پرسمنی کیلئے روانہ ہوئے لیکن ایمبولنس ہی شہر سیلو سے باہر ہی نہیں نکل پائی تھی کہ یہاں کے نوتن دیولیہ علاقے میں ہی خاتون کی زچگی ناممکل ڈیلیوری ہوگئی۔ (باقی صفحہ پر)

موسم ہے
شادیوں کا

موسم ہے پر مسرت جذبار آرہا ہے
قلقلیے کی لے کے لذت جذبار آرہا ہے
کیوں پوچھتے ہو سب سے کس ہاتھ کا ہے قلیہ
سچ کہہ رہا ہوں حضرت جبار آرہا ہے

رضا جالنوی

آج پربھنی / پورنا میں احتجاجی مورچہ

ضلع بھر میں کسانوں کے مسائل پر راشٹروادی کانگریس کا احتجاج

پربھنی (قاضی نعیم) قرض معافی کے نام پر جھوٹ کا شکار کسانوں کے مال کی مناسب قیمت نہیں، کسانوں کے مال کی لوٹ، بوگس بی بی ٹی بیج، کسانوں کی ننگلی توڑنے اور بیج قرض کی عدم ادائیگی ان حالات کے سبب کسانوں کی خودکشی کے واقعات میں دن بدن اضافہ ہورہا ہے جیسے سرکار پر کوئی اثر نہیں ہوتا ہے۔ سرکاری غفلت اور بے حسی کی مذمت کرتے ہوئے پربھنی ضلع میں کسانوں کے مسائل پر راشٹروادی کانگریس کی جانب سے تاریخ ۲۸ سے ۲۹ نومبر کے درمیان بلدیہ پول، مواپر کے اکاڈکیا گیا ہے۔ اس مورچہ کی قیادت رکن کونسل ضلع صدر عبدالصمد خان درانی عرف باباجانی کررہے ہیں اتحاد ۲۸ نومبر کو ناوت اور سن ۲۹ نومبر کو تحصیل دفتر پر احتجاج کیا گیا ۲۸ نومبر کو پاتھری میں تحصیل دفتر پر مورچہ لے جایا گیا جس میں باباجانی درانی ضلع صدر، خواتین وقف کی صدر بھاوانا تھاتے، بازار کمیٹی چیئرمن نٹیل کھاتے، وداصاحب تھٹے ضلع پریشد چیئرمین سیوتا کرلیے، شیک کرام اور کثیر تعداد کسان اور مرد خواتین نے شرکت کی آج ۲۹ نومبر بروز بدھ دوپہر میں پرسمنی تحصیل اور پورنا تحصیل پر مورچہ نکال کر مندت کی جائے گی اس مورچہ میں شرکت کی اپیل ضلع صدر عبدالصمد خان درانی نے پریس نوٹ کے ذریعہ کی ہے۔

ہمارے ہی اسلاف کی تاریخ سے ہم ناواقف

ہیے خان پٹھان

سلوڑ کے ایم آئی ایم کے اجلاس میں مسلمانوں کی سنہری تاریخ پیش کی گئی

سلوڑ (بیٹھک غلام حسین) ۲۷ نومبر بروز اتوار ادرات آٹھ بجے کے موقع حاری زنگھر میں ریشہ سلوڑ محلس اتحاد المسلمین کی جانب سے خطاب عام منعقد کیا گیا تھا جس میں ۲۶ نومبر کو ہونے کی تھی دہشت گرد حملے میں شہید پولس افسران کو پانی کی جانب سے خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ القاتی گلمات میں صاحب خان پٹھان اور پھر کارہ حاضرین نے یوم آئین کے تعلق سے خطاب فرمایا صدر صدر عبدالرحمٰن عرف عرف گڈو نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملک کو بچانے کی کوشش کی جاری ہم مسلمانوں کو بیحیثیتی کا موضوع پیش کرتا ہے ساتھ ہی ہمارے ہم وطنی بھائیوں نے بھی جو تیحیثیں ہمارے اندر پھوٹ پیدا کررہی ہیں ان سے ہوشیار رہنا چاہئے تعلقہ صدر ہے خان پٹھان نے اپنے خطاب میں فرمایا کہ ہمارے آبا واجداد اور ہمارے اسلاف کی روشن تاریخ سے ہم بھی بے بہرہ ہے۔ پڑھے لکھے طبقے نے ہم اگر ہماری تاریخ کو فراموش نہیں کرتا چاہئے

بلکہ ماضی کی روشن تاریخ مسلم نوجوانوں اور نسلوں کو بتانا چاہئے انھوں نے شہید اعظم ٹیپو سلطان اور بہادر شاہ ظفر کی بہادری اور آزادی جواں مردی سے سامعین کو روشناس کروایا۔ آزادی کے صحیح معنی اسلاف سے آج ہی آزادی کی زندگی گذار رہے ہیں اور ہم بھی آزادی کی زندگی گذار رہے ہیں میں دیری سے پہنچے اور گے آباد ضلع کے ایم آئی ایم صدر اجوتا نیکواڑی نے بھی اپنے خطاب میں مسلمانوں کی روشن تاریخ بتاتے ہوئے کہا کہ ہمیں پاکستان جانے کیلئے کہتے ہو یہ ملک ہمارا ہے اور ہم اسی ملک میں رہیں گے اور اسی ملک میں دفن ہونگے۔ اس اجلاس کو کامیاب بنانے کیلئے تعلقہ صدر ہے خان پٹھان، شہر صدر شیخ عمران عرف گڈو، انور پٹھان عرف اوے صاحب خان پٹھان، نجیم رضوی، شیخ بلو، نجیم پٹھان، شیخ رضوان، جنید کھتری، رفیق انصاری، عمران قریشی، منیر، روف، مامون، زبیر خان پٹھان، نقدیر پیاری عمران پٹھان نے کاوشیں کی۔

پربھنی ضلع میں دس روپے کے سکے بند ہونے کی افواہ

پربھنی (قاضی نعیم) پربھنی ضلع میں دس روپے کے سکے بند ہوگئے ایسی افواہ دو دھوپ پھیل گئی ہے۔ چھوٹے دوکاندار شہر کے بڑے بیوپاری دس روپے کا سکہ بند ہوگیا کہہ کر دس روپے کے سکے لینے سے انکار کررہے ہیں جس کی وجہ سے کہ ایک پریشانی کے شکار ہیں۔ عیاں رہے کہ ٹوٹ بندی کے بعد دس روپے کے سکے بڑے پیمانے پر بازار کے طلبی میں آتے تھے لیکن اس کے بند ہونے کی افواہ سے اب عوام شدید پریشان ہیں۔ جو بھی کوئی کہ ایک دس روپے کا سکہ کے کروہ دان میں جاتا ہے اس کو دوکاندار قبول نہیں کررہے ہیں اصل میں ریزرو بینک کے حکم نامہ سے ملے کے گئے سکے بند ہوئے ہیں لیکن اب تک ایک روپیہ سے دس روپیہ تک کے سکوں کو بند کرنے کا حکم ریزرو بینک کی جانب سے نہیں آیا ہے پھر بھی چھوٹے بڑے بیوپاری سکے نہیں لے کر مختلف افواہوں کو ہوا دے رہے ہیں بھوسار کے بیوپاری دیڑھ بیوپاریوں نے دس روپے کے سکے قبول نہیں کئے جانے کا اعلان بھی کیا ہے۔ (باقی صفحہ پر)

محمد حنیف شاکب والے کا انتقال

سلوڑ (بیٹھک غلام حسین) محمد حنیف محمد ہارون شاکب والے ساکن آلے گاؤں تعلقہ بالا پور ضلع آکولہ کا ۲۶ نومبر اتوار کو ۵۰ سال کی عمر میں قلبی حملے کے باعث دوپہر ساڑھے بارہ بجے انتقال ہوگیا۔ نماز جنازہ زوات دس بجے آبائی وطن آلے گاؤں میں ادا کی گئی اور وہیں سے قبرستان میں تدفین عمل آئی۔ پسماندگان میں بیوہ کے علاوہ دو لڑکے ہیں۔ مرحوم سلوڑ میں تقریباً پانچ برسوں سے شاکب کی دکان چلاتے تھے۔ اللہ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

جالنہ میں ہاہری ریاستوں سے لائی گئی

23 لاکھ 16 ہزار چار سو کی شراب کا ذخیرہ جالنہ کرائم برانچ نے پکڑا

جالنہ (محمد اظہر فاضل) جالنہ کرائم برانچ کے راجندر سنگھ گوڑ کو ۲۷ نومبر کو اطلاع موصول ہوئی کہ دمن سے دو کاروں میں بڑے پیمانے پر شراب کا ذخیرہ جالنہ پہونچنے والا ہے۔ خبر کے ملتے ہی جالنہ کرائم برانچ نے اورنگ آباد دہلی بدنا پور کے قریب ہوٹل سائی منگل پیلس پر ناکا جال بچھایا ہوئی اطلاع کے مطابق ۲۸ نومبر بوقت صبح سات بجے گاڑی نمبر MH-04.GD 5580 اور گاڑی نمبر MH-02.BJ 7713 کاریں آتی دکھائی دیں۔ دونوں گاڑیوں کو روک کر راستہ کے بازو کھڑا کرکے ڈرائیور کا ساتھ دینے والے دونوں ساکن مالیگاؤں کے ہونے کا پتہ چلا۔ ان سے پوچھ پرس سے نمبول راجیش اور عمر ۹ سال ساکن تین بتی دمن اور دوسرے نے اپنا نام اظہر خان فخر الدین خان عمر ۳۷ سال ساکن سیمن کالونی بردا گجرات بتایا۔ باقی دونوں کاروں کی تلاشی لی گئی۔ جس میں سے چوری چھپے بیچنے کیلئے لے جائی جانے والی شراب کے ۵۸ باکس میں پائی گئی جس کی مالیت ۱۶ لاکھ ۲۳ ہزار چار سو روپئے کی شراب برآمد ہوئی۔ اسی کے ساتھ دونوں

اس ماہ کی دوسری بڑی کامیابی

شراب کھانا پورے جالنہ

آج شہر خلد آباد میں عظیم الشان محفل مشاعرہ

خلد آباد (امین الدین) حضرت زرزری زرنخش ولھاۃ کے سالانہ عرس کے ضمن میں ۱۵۱ واں عظیم الشان مشاعرہ ۲۹ نومبر بروز بدھ رات ساڑھے نو بجے خانقاہ حضرت شیخ برہان الدین غریب میں منعقد کیا جارہا ہے۔ اس مشاعرہ میں الطاف ضیاء، عظیم علی بالگاؤں، ڈاکٹر انیس بستوی، نعیم اختر برہانپوری، سفیان قاضی کھنڈوا، آزاد انور مالیگاؤں، مطاہیدر ہادی، سراج شوا پوری، فیروز رشید تانڈر، جہان پھلیا پکڑ، ڈاکٹر جلیل برہانپوری، افضل دانش برہان پور، جمیل سحر مالیگاؤں، نداقادری مالیگاؤں اپنا کلام پیش کریں گے۔ اس مشاعرہ کی صدارت ڈاکٹر انتظار افضل سابق ڈائرکٹر مولانا آزاد کالج فرمائیں گے۔ نظامت ڈاکٹر جلیل برہانپوری کریں گے۔ لہذا تمام اہل ذوق سامعین سے التماس ہے کہ اس اردو کی محفل میں شرکت کرکے اسے کامیاب بنائیں اسطرح کی گزارش کنوینر مشاعر عبدالخالق احمد اسماعیل وجنیرز میں مشاعرہ کوئی محمد یوسف عرف کبو بھائی نے کی ہے۔

دعوت اہل سنت وجماعت کا نواں اجتماع

اورنگ آباد (راست) آل انڈیا دینی سنی تحریک دعوت اہل سنت وجماعت شاخ مہاراشٹر کی جانب سے منعقدہ گیارہ روزہ اجلاس کا نواں جلسہ آج بتاریخ ۲۹ نومبر بروز بدھ بعد نماز عشاء بمقام قدیم (چھوٹی) مسجد شاہ نج اورنگ آباد میں زیر سرپرستی مفتی الحاج سید ہاشو الدین نوری (ادارہ درگاہ منیری) اور بدایت اللہ خان طرار (متولی چھوٹی مسجد شاہ نج) کی صدارت اور الحاج شیخ سردار احمد اشرفی کی زیر نگرانی منعقد ہوگا۔ مقرر خصوصی مولانا سید اظہر الحق قادری کا خطاب ہوگا۔ کثیر تعداد میں شرکت کی گذارش جمیع اراکین جماعت اہل سنت وجماعت کی ہے۔

آج تحفظ ناموس رسالت کانفرنس

اورنگ آباد (راست) ہر سال کی طرح اس سال بھی چھتا سالانہ جماعت رضائے مصطفےٰ شاخ اورنگ آباد کی جانب سے عید میلاد النبی ﷺ کے مبارک موقع پر بتاریخ ۲۹ نومبر بروز بدھ بعد نماز مغرب بمقام مولانا آزاد ہال کرن کٹ گیٹ روڈ اورنگ آباد میں عظیم الشان تحفظ ناموس رسالت کانفرنس، کا انعقاد کیا گیا ہے اس عظیم الشان کانفرنس کی سرپرستی برہی شریف سے تشریف لارہے مفتی سلمان رضا خان (بریلی شریف) فرمائینگے جبکہ مقرر خصوصی مولانا عبدالرشید جٹھپوری (ناگپور) مولانا حقیق الرحمن صدیقی رضوی (ناگپور) کا خطاب ہوگا۔ نعت خواں الحاج صادق رضوی (ممبئی) سے تشریف لارہے ہیں نظامت کے فرائض حضرت قاری محمد ذوالفقار یمانی (الہ آباد) انجام دینگے۔ جبکہ مقامی دیوبندی علماء کثرت سے ہونگے۔ علاوہ ازیں دیگر علمائے اہلسنت تشریف لارہے ہیں تمامی عاشقان مصطفےٰ ﷺ سے شرکت کی گذارش ہے

تحریک صدائے حق کا گیارہواں جلسہ

اورنگ آباد (راست) تحریک صدائے حق اہلسنت وجماعت کا گیارہواں جلسہ آج بتاریخ ۲۹ نومبر بروز بدھ بعد نماز عشاء منارات ۱ میں بعنوان بیشن وآلات مصطفیٰ بمقام دار باغ میں کے سامنے رحمانیہ کالونی اورنگ آباد میں منعقد ہوگا۔ جس میں مقرر خصوصی مولانا الحاج مفتی سید عبدالمبین حسن مظہر مفتی مسجد شاہ نج کا خطاب ہوگا۔ جمیع اراکین تحریک سے عاشقان رسول سے شرکت کی گذارش ہے۔

مدنی پنجوقتہ اور عفاریت المال کے زیر اہتمام

قرآنی بوسیدہ اوراق کی حفاظتی مہم

اورنگ آباد (راست) قرآن پاک ہم سب کیلئے بہت مقدم قابل احترام اور عزت ہے اس کیلئے ہم نے پہلے بھی ہر طرح کی قربانی دی اور آج بھی اس کیلئے ہر طرح کی قربانی دینے کیلئے یقیناً ہم تیار ہیں۔ قرآن پاک کی حفاظت کا رب کا نات نے وعدہ کیا ہے جو اس کو اپنے سینے سے لگائے گا وہ بھی رب کی حفاظت میں آجائیگا اسی لئے قرآن پاک کے بوسیدہ اوراق وحفاظت سے رکھنا اسکے بے ادبی اور بے حرمتی نہ ہو اس کا خیال رکھنا ہم سب کی دینی فریضہ داری ہے گھروں، مسجدوں اور دکانوں میں قرآن کے بوسیدہ اوراق رکھے ہوئے ہیں اور بے ادبی وبے حرمتی ہو اور نہ ہم کو ہر وقت ستاتا ہے اسی لئے مدنی یو اچ اور عفاریت المال نے رفیع الاول کے مبارک مہینہ میں پورا مہینہ اس خاطر تحفظ ہم کو لوگوں کے عزم وارادہ کیا ہے تاکہ ہم سب قرآن کی بے ادبی وبے حرمتی کے جرم سے بچ سکیں۔ ان اوراق کو جمع کرکے محفوظ جگہ علاء کی گھرانی میں دفن کردیا جائیگا انشاء اللہ ۲۷ نومبر سے کل اس اہم مہم میں ساتھ دیں اپنے گھر دکان مسجد میں اگر بوسیدہ اوراق دینی کتب عرفی تحریر یعنی اوراق اخبار وغیرہ ہوں تو ہمارے ان سینٹروں پر لاکر جمع کریں اسی طرح ہم نے جن مساجد میں باکس رکھے ہیں مساجد کے ذمہ داران گھر کے ساتھ تعلیمی میں ڈالیں گھر والوں کو ہمارے سینٹروں پر پہنچانے کی فکر کریں۔ ہمارے سینٹرس مسجد شیخ آزاد چوک سینٹر کاسہ، اور سیدانی مسجد روبرو کاسہ پریشن ٹاؤن ہال اورنگ آباد ہیں۔ رابطہ نمبر 9960787376/9689393777 پر رابطہ کرکے مزید معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔ اسطرح کی اطلاع ذمہ دار محمد شیخ انصاری نے دی ہے۔

کنوں کے ہمراہ دو چالک پولس نے بتایا کہ منگل پیرل اور بوگس روپا اور لائز کیلئے استعمال میں لائی جانے والی بند گیس ضبط کی گئی ہیں۔ دونوں کے خلاف پولس نے معاملہ درج کرلیا ہے۔

نقلی روپا اور کمر پر لگا کر دہشت پھیلانے والے

دو نوجوانوں کو بھساول پولس نے گرفتار کرلیا

بھساول (شیخ کامل/راسد مرزا) بھساول شہر کے چاندنی علاقہ کے ساکن سائر عرف ڈکمر ریاوار کمار اور کنال کو پال کو پیار بند ق لگا کر لوٹنے کی کوشش کرنے والے دو نوجوانوں کو بھساول شہر کے چاندنی علاقہ سے گرفتار کرلیا گیا ہے۔ اسطرح کی معلومات جلگاؤں ضلع پولس سپرنٹنڈنٹ دتاتریہ کراڑے اور ڈی ایس پی شری پتی شکھ کو موصول ہوئی جس پر انہوں نے مقامی پولس کو ان دونوں کی تلاش کے احکامات دیئے۔ جس کے بعد بھساول پی آئی سنیل کرڑے اور کرائم برانچ پی ایس آئی سارنگدھر وسعادار نے شہر کے چاندنی چال علاقہ میں جال بچھا کر چھاپہ مارا۔ اس علاقہ میں کس کلب روڈ پر سنگ سینٹر کے قریب ملزم سائر عرف ڈکمر ریاوار (۱۸) ساکن بھساول اور کنال کرمیا (۲۰) ساکن بھساول کو دبوچ لیا گیا۔ ان کے قبضہ سے ۲ نقلی پستول اور ۲ زندہ کارتوس برآمد کئے گئے۔ ان کے خلاف بھساول ٹاؤن پولس اسٹیشن میں کیس درج کیا گیا ہے۔ ملزمین کو عدالت میں پیش کیا گیا جہاں سے ۲ دسمبر تک پولس ریمانڈ میں بھیج دیا گیا۔ ان کے ساتھ اور کون کون ملوث ہے اس کی تفتیش جاری ہے۔

کھاٹک ذات کو SC زمرہ میں شامل کرنے کیلئے پورے مہاراشٹر میں بیداری پیدا کی جارہی ہے

جالنہ میں کھاٹک سماج کا ضلعی اجلاس منعقد، ضلع کے ساتھ پورے مہاراشٹر سے کھاٹک برادری نے کی شرکت

جالنہ (محمد اظہر فاضل) آزادی سے قبل کے قانون میں پیشہ کی بنیاد پر تمام قبائلی برادری کو الس سی زمرہ میں رکھا گیا لیکن ملک کا دستور بننے کے بعد کھاٹک سماج کو الس سی کاسٹ زمرہ سے نکال کر اوبی سی زمرہ میں داخل کردیا گیا۔ جس کی وجہ سے کھاٹک سماج دیگر برادریوں کی بہ نسبت پسماندہ ہوکر رہ گیا ہے۔ کھاٹک سماج کو پھر سے الس سی زمرہ میں شامل کرانا ہماری تحریک کی اولین ترجیح ہے۔ اور اسی مقصد کو لے کر ہم کوشاں ہے۔ وہیں کارویار کرنے میں ہونے والی تکلیف کے حل کیلئے ویب سائیٹ کے ساتھ کال سینٹر کی سہولیات فراہم کی جائیں گی اس طرح کی مخاطبت آج شام سازے ۶ بجے ڈاکٹر بربرا رانپانی اسکول کی رابطہ نیابانہ میں راجیہ مسلم کھاٹک سماج سیوا مستھا کے عالی عہدہ قریشی کے ہوکر قریشی نے موجود کھاٹک سماج کے سینکڑوں افراد سے کی۔ واضح ہو کہ قریشی برادری کی جالنہ میں ریاستی سطح کا اجلاس ڈاکٹر فریدہ بابی اسکول نیابانہ کے رابطہ پر شام ساڑھے چھ بجے منعقد ہوا۔ آج کی اس ضلعی کانفرنس میں ڈاکٹر عبدالرحمن، عہدار شید پٹھان مہاراشٹر اوقف بورڈ رکن سید جمیل احمد رضوی، ایڈوکیٹ جوہر بھاسکر امبیکر، ہنتوش سابرے، وشنو پانچ پھلے، پنڈت جوہنیکر، بالا پردیسی، پرنسپل محمد افتخار الدین، ریاستی تاب صدر ہادیہ قریشی ضلع صدر تشکیل حضرت قریشی، ریاستی جوائنٹ سیکریٹری الیاس قریشی

فوٹو: جاوید تانبولی جالنہ

شہر صدر منصور خالد قریشی، تاب صدر بلدیہ راجیش راوت، جمود پیلوان قریشی، عہدار فریدہ پروبالے، ڈاکٹر وسیم حمید قریشی، موجود تھے۔ مزید اجلاس نے کہا کہ ریاست مہاراشٹرا کے ۳۳ اضلاع میں ہم نے گزشتہ پانچ سالوں پر بیداری محاذ کھڑا کیا ہے۔ اور کھاٹک سماج کی بیداری کیلئے ابھی دو بڑے اجلاس واشی اور ویرج میں منعقد کئے جانے ہیں اور اب جالنہ میں یہ تیسرا جلسہ تھا۔ اجلاس منعقد کیا گیا ہے۔ اجلاس میں لگ بھگ دو ہزار سے زائد کھاٹک سماج کے افراد نے اپنی شرکت درج کی۔ وہی ریاستی تاب صدر جاوید قریشی نے ہمارے فراہمدہ کو بتایا کہ ہماری تحریک کا مقصد کھاٹک برادری کی تکالیف کو دور کرنا ہے وہیں سماج میں اعلیٰ تعلیم سے وابستہ افراد کی فہرست بنائی جارہی ہیں۔ اس سماج کی قطعی حالت دیگر سماج کے بالمقابل انتہائی کمزور ہے۔ اور اعلیٰ عہدوں کی حصولیابی جہاں ہمارے افراد خال خال دکھائی دیتے ہیں ترقی کی دوڑ میں برابری سے شامل ہونے کیلئے کی تعداد کو بڑھانے کی کوشش بھی کی جائے گی۔ کھاٹک سماج کے سائز پاس دکانوں کے مسائل، پولس کی سختی، ٹرانسپورٹ کی اجرائی کاسٹ سرٹیفکیٹ کی اجرائی، جیسے مسائل کو مختلق سطح پر حل کرنے کی بھرپور کوشش جاری ہے۔ تعلقہ کے فرائض مدیر عبدالمتین قریشی نے انجام دیئے تکمیل عبدالرحمن قریشی ضلع صدر کھاٹک سماج جالنہ کے شکریہ پر اس ضلعی کھاٹک کانفرنس کا اختتام عمل میں آیا۔

طلاق ثلاثہ، شریعت میں حکومت کی مداخلت منظور نہیں

صوفی غلام رسول

مالیگاؤں میں آل انڈیا علماء بورڈ کی ملی مسائل کانفرنس

مالیگاؤں (راست) ۲۴ نومبر شام ۷ بجے درگاہ حضرت معصوم شاہ کی چندن پوری میں آل انڈیا علماء بورڈ کی ملی مسائل کانفرنس صوفی غلام رسول قادری سجادہ نشیں آستانہ فاروقیہ خانقاہ امدادیہ کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ اپنے صدارتی بیان میں مولانا موصوف نے کہا کہ طلاق ثلاثہ شریعت میں حکومت کی مداخلت ہمیں منظور نہیں، پچھلی حکومتوں نے دین اسلام بشریعت میں مداخلت کی تو وہ حکومت میں نہیں رہے۔ ہم بی جے پی سے بھی حضرت مالیگاؤں کے ۱۰ پرانے دوست ہیں ہم نے ان سے ملاقات کرکے کہا کہ طلاق ثلاثہ کے بارے میں ہمارا موقف واضح ہے ہم اس کو نہیں مانتے ہیں ہم نے ان سے کہا کہ ۲۰۱۹ کے انتخابات میں شکست سے ہمکنار ہوں گے۔ حضرت عائشہ کی توہین موجودہ حکومت کی طرف سے ہورہی ہے۔ ہم اس کی مذمت کرتے ہیں آل انڈیا علماء بورڈ کے قومی جنرل سکریٹری علامہ حسنی ننی نے کہا کہ طلاق ثلاثہ سابقہ حکومتوں کیلئے رحمت ہے۔ قرآن پاک میں ۳۰۰۰ آیتیں ہیں جن میں ۷۵۰ آیتیں طلاق سے متعلق ہیں۔ لیکن قوم میں تعلیم کی کمی و جہالت کی وجہ سے طلاق ثلاثہ رحمت بن گئی ہے۔ سپریم بار کونسل ممبئی میں مولانا نوشاد صدیقی نے کہا کہ حکومت ایک مخصوص فرقہ کو خوش کرکے ان سے سیاسی فائدہ اٹھانے کیلئے طلاق ثلاثہ کو کالعدم بنا رہی ہے۔ مہاراشٹر ریاستی صدر مولانا عثمان الرحمن شیخ نے کہا کہ موجودہ حکومت سے ہم درخواست کرتے ہیں مہاراشٹر وقف پراپرٹی کے متعلق مسلمانوں سے انصاف کرے۔ جو پراپرٹی حکومت کے قبضہ میں ہے اس کا کرایہ دے یا لیکے بدلہ میں دوسری زمینات دے تاکہ وقف پراپرٹی کا صحیح سماج کو فائدہ ہو۔ ریاستی سپریم بار کونسل ممبئی سنیئر صحافی نایاب انصاری نے ملت کے اتحاد پر زور دیا اور کہا کہ ملت مراطمہ حال سماج کے اتحاد سے ہمیں سبق لینا چاہیئے۔ نظامت صوفی جمیل احمد قادری نے کی۔ یہ کرام آج کا آغاز تلاوت قرآن سے حافظ محمد اسماعیل کے کیا آنے والے صوفی مسلک کے شرکاء کے تعاون سے شیران مالیگاؤں نے پروگرام کو کامیاب کیا شکریہ کے الفاظ ریاستی جنرل سکریٹری محمد جاوید سودا گرنے ادا کئے۔

شادی بیاہ، انتقال، گمشدہ و دیگر اشتہارات کیلئے مشتہرین کی جانب سے جو عبارت فراہم کی جاتی ہے، ایشیا ایکسپریس میں اس عبارت کی اشاعت عمل میں لاتا ہے، جس کیلئے ادارہ کسی بھی طرح ذمہ دار نہیں۔

آئی سی سی کی تازہ ترین رینکنگ اسٹیون اسمتھ بدستور سرفہرست



دبئی: آسٹریلوی کپتان اسٹیون اسمتھ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی تازہ ترین ٹیسٹ پلیئرز رینکنگ میں بلے بازوں میں بدستور سرفہرست ہیں جبکہ پہلے ایشز ٹیسٹ میں غیر متاثر کن کارکردگی کے باوجود بالرز میں جیمز اینڈرسن کا ٹاپ پوزیشن پر قبضہ برقرار ہے ۔آئی سی سی نے آسٹریلیا اور انگلینڈ کے درمیان ایشز سیریز کے پہلے ٹیسٹ اور ہندستان اور سری لنکا کے درمیان دوسرا ٹیسٹ ختم ہونے کے بعد تازہ ترین ٹیسٹ پلیئرز رینکنگ جاری کردی ہے۔ پہلے ایشز ٹیسٹ میں 141 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیل کر مین آف دی میچ کا ایوارڈ حاصل کرنے والے آسٹریلین کپتان اسٹیون اسمتھ بلے بازوں میں بدستور پہلے نمبر پر براجمان ہیں۔سری لنکا کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میں سنچری بنانے والے چتیشور پجارا دو درجے ترقی پا کر دوسرے نمبر پر پہنچ گئے البتہ انگلش کپتان جوروٹ اور کیوی قائد کین ولیمسن تنزلی کے بعد بالترتیب تیسرے اور چوتھے نمبر پر چلے گئے۔

شکست سے کھلاڑیوں کو شرمندہ ہونا چاہئے

سری لنکا کے کپتان: پوتھاس

ناگپور، :سری لنکا کے کوچ نک پوتھاس نے دوسرے کرکٹ ٹیسٹ میں ہندستان کے ہاتھوں ملی سب سے بڑی شکست کے لئے کھلاڑیوں کی جم کر کلاس لگائی اور کہا کہ ایسی شکست سے انہیں شرمندہ ہونا چاہئے ۔سری لنکا کو پیر کو ہندستان کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میں اننگز اور 239 رنز سے شکست کا سامنا کرنا پڑا جو اس کی 266 ٹسٹ میچوں میں 100 ویں اور ساتھ ہی سری لنکا کے ٹیسٹ تاریخ کی سب سے بڑی شکست ہے ۔پوتھاس نے کہا کہ یہ ہار انتہائی شرمناک ہے ۔کھلاڑیوں کو اس کارکردگی پر شرمندہ ہونا چاہئے ۔اگر آپ رن بنانے میں ناکام رہتے ہیں تو نیٹ پر مشق کا کوئی مطلب نہیں رہ جاتا ہے ۔ایک کھلاڑی کے لئے اس کا رن، وکٹ اور کیچ ہی اس کا پیسہ ہے ۔آپ جو چاہو کر سکتے ہو، لیکن آپ رن نہیں بنا رہے ہو، وکٹ یا کیچ نہیں لے رہے ہو تو یقینی طور پر اس کا برعکس اثر پڑے گا۔سری لنکا اس سے پہلے 2001 میں کیپ ٹاؤن میں جنوبی افریقہ کے خلاف اننگز اور 229 رنز سے ہارا تھا۔ پوتھاس نے اس سال سری لنکا کوچ کی ذمہ داری سنبھالی تھی ۔انہوں نے گراہم فورڈ کا مقام لیا تھا۔ پوتھاس نے ہندوستانی ٹیم کی بلے بازی اور گیند بازی کی گہرائی کی جم کر تعریف کی۔

ہاکی ورلڈ لیگ کے پریکٹس میچ میں ہندستان نے اولمپک چمپئن ارجنٹائن کو شکست دی

بھونیشور، :ڈریگ فلکر روپندر پال کے شاندار گول کی بدولت میزبان ہندستان نے اولمپک چمپئن اور موجودہ نمبر ایک رینک ٹیم ارجنٹینا کو مرد ہاکی ورلڈ لیگ فائنلس کے اپنے پہلے پریکٹس میچ میں 2۔ 0 سے ہرا دیا۔ یہاں پیر کی شام کھیلے گئے اس میچ میں روپندر نے ٹیم کے لئے دونوں گول داغے ۔انہوں نے پنالٹی کارنر اور پنالٹی اسٹروک کو گول میں تبدیل کر ہندستان کو 2۔ 0 سے جیت دلا دی۔ ہندستان اپنے دوسرے پریکٹس میچ میں انگلینڈ سے کھیلے گا۔کلنگا اسٹیڈیم میں یکم دسمبر سے شروع ہونے والے اس ٹورنامنٹ کے لئے تمام آٹھ ٹیمیں اڑیسہ پہنچ گئی ہیں۔اڑیسہ کے وزیر اعلی نوین پٹنائک کلنگا اسٹیڈیم میں تمام آٹھ ٹیموں کا استقبال کریں گے۔اس دوران اسپین ٹیم کے کوچ فریڈرک سوئز نے یہاں پہنچنے کے بعد کہا کہ ارجنٹائن کے خلاف ہونے والا مقابلہ ان کے لئے ایک سخت مقابلہ ہوگا۔ارجنٹینا پول اے میں بیلجیم، ہالینڈ اور اسپین کے ساتھ ہے۔انہوں نے کہا کہ دنیا کی نمبر ایک ٹیم ارجنٹائن کے ساتھ ہم ایک مشکل گروپ میں ہیں اور ان کے خلاف ہونے والا مقابلہ ہمارے لئے ایک سخت مقابلہ ہوگا۔ٹیم یہاں کے حالات میں کھیلنے کے لئے پوری طرح تیار ہے۔اسپین کو اپنا پہلا مقابلہ ہالینڈ سے دو دسمبر کو کھیلنا ہے۔

اشون دنیا کے بہترین اسپنر: مرلی دھرن

نئی دہلی، :سری لنکا کے عظیم اسپنر مرلی دھرن نے ہندوستانی اسٹار آف اسپنر روی چندرن اشون کو موجودہ وقت میں دنیا کا بہترین اسپنر بتایا ہے ۔ 31 سالہ اشون نے سری لنکا کے خلاف ناگپور ٹیسٹ میں سب سے تیز 300 ٹسٹ وکٹ مکمل کر آسٹریلیا کے عظیم فاسٹ بولر ڈینس للی کا ریکارڈ توڑا تھا۔اشون اس کے ساتھ ہی ٹیسٹ کرکٹ میں 300 وکٹ لینے والے پانچویں ہندستانی اور دنیا کے 31 ویں بولر بن گئے ۔انہوں نے میچ میں کل آٹھ وکٹ لئے ۔مرلی دھرن نے اشون کو ان کی اس کامیابی کے لئے مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ میں اشون کو مبارکباد دینا چاہتا ہوں۔ٹیسٹ میں 300 وکٹ لینا ایک بڑی کامیابی ہے اور یہ کوئی آسان کام نہیں ہے۔یقینی طور پر موجودہ وقت میں وہ دنیا کے بہترین اسپنر ہیں۔آسٹریلیا کے للی نے جہاں 56 ٹسٹ میں اپنے 300 وکٹ پورے کئے تھے جبکہ اشون نے 54 ٹسٹ میچوں میں 300 وکٹ پورے کر لئے ۔اشون نے 300 وکٹ پورے کرنے کے لئے للی سے دو ٹیسٹ کم لئے ۔اشون ٹیسٹ کرکٹ میں 300 وکٹ پورے کرنے والے پانچویں ہندستانی بولر بن گئے ہیں۔

مقبوضہ کشمیر میں دھونی کا "بوم بوم آفریدی" کے نعروں سے استقبال

کشمیر: مہندرا سنگھ دھونی کا ''بوم بوم آفریدی'' کے نعروں سے استقبال کیا گیا۔ بھارتی فوج کئی برسوں کے ظلم وتشدد کے بعد بھی کشمیریوں کے دل سے پاکستان کی محبت کو ماند نہیں کرسکی، انھیں جب بھی موقع ملتا ہے وہ اس محبت کا اظہار کچھ ایسے طریقے سے کرتے ہیں کہ بھارت اپنا سا منہ لے کر رہ جاتا ہے۔ بھارتی ٹیم کے سابق کپتان مہندرا سنگھ دھونی کو اعزازی لیفٹیننٹ کرنل کا عہدہ بھی دیا گیا ہے، اسٹار کرکٹر مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوج کی جانب سے منعقد کی گئی چنار کرکٹ لیگ کے میچ میں بطور مہمان خصوصی آئے تھے۔ اس موقع پر وردی میں ملبوس دھونی بہت خوش نظر آرہے تھے لیکن ان کی یہ خوشی اس وقت رفو چکر ہوگئی جب نوجوانوں نے یک آواز ہو کر ''بوم بوم آفریدی'' کے نعرے لگانے شروع کردیے، اس صورتحال پر بھارتی فوج بھی بوکھلاہٹ کا شکار ہوگئی، ایک فوجی اہلکار نوجوانوں کو آنکھیں دکھاتا اور انھیں پیچھے ہٹنے کی ہدایت کرتا بھی نظر آیا، مگر کشمیری نوجوانوں کے جذبے کے سامنے یہ سب بے بس نظر آئے اور فضا ''بوم بوم، آفریدی'' کے نعروں سے گونجتی رہی۔

مشترکہ کھیلوں میں ہندستان، پاکستان کے خلاف شروع کرے گا مہم

نئی دہلی: ہندوستانی مرد ہاکی ٹیم کو اگلے سال آسٹریلیا کے گولڈ کوسٹ میں ہونے والے دولت مشترکہ کھیلوں میں مشکل پول بی میں شامل کیا گیا ہے جہاں وہ اپنی مہم کا آغاز روایتی حریف پاکستان کے خلاف کرے گا۔وہیں ہندستان کی خاتون ٹیم کو پول اے میں رکھا گیا ہے جو ویلز کے خلاف پہلا میچ کھیلے گی۔ ہندستانی مرد ٹیم کو دولت مشترکہ کھیلوں میں گروپ بی میں رکھا گیا ہے جہاں اس کے ساتھ انگلینڈ، پاکستان، ملائیشیا اور ویلز کی ٹیمیں ہیں جبکہ خواتین ہاکی ٹیم کو پول اے میں جگہ ملی ہے جہاں اس کے ساتھ انگلینڈ، ملائیشیا، جنوبی افریقہ اور ویلز کی ٹیمیں شامل ہیں۔گروپ کی ہر ٹیم پانچ سے 11 اپریل تک چلنے والے ابتدائی راؤنڈ میں ایک دوسرے کے خلاف کھیلنے اترے گی جس کے بعد گروپ سے دو سرفہرست ٹیموں کو سیمی فائنل میں جگہ ملے گی۔ تمغے میچ 12 سے 14 اپریل تک ہوں گے ۔ہندستان کی خاتون ہاکی ٹیم جہاں پانچ اپریل کو اپنی مہم کا آغاز ویلز کے خلاف کرے گی تو وہیں مرد ٹیم کا گروپ بی میچ سات اپریل کو ھائی وو کیج طریقے سے روایتی حریف پاکستان کے خلاف شروع ہوگا۔

رونالڈو کا میڈرڈ کے میوزیم میں نیا دھاتی مجسمہ نصب



میڈرڈ، :پرتگالی سپر اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کی خدمات کو سراہنے کی غرض سے ان کے کلب ریال میڈرڈ کے میوزیم میں ان کا نیا دھاتی مجسمہ نصب کیا گیا ہے جو ہو بہو رونالڈو سے مماثلت رکھتا ہے۔قبل ازیں ان کے آبائی شہر میڈیرا کے ہوائی اڈے پر کچھ عرصے قبل دھاتی مجسمہ لگایا گیا جو دنیا بھر میں مذاق کا نشانہ بنا رہا۔ مذکورہ کاوش جوز انٹونیو نامی فنکار کی تھی جس میں کہیں بھی 32 سالہ فٹبالر کی شبیہہ دکھائی نہیں دیتی تھی۔خود رونالڈو نے اس پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ مجسمے کے نقوش ان کے بجائے سابق آئرش فٹبالر نیل کوائن سے ملتے ہیں۔ البتہ نئے کی رونمائی خود رونالڈو نے کی اور مجسمہ ساز کو ان کی تخلیق پر زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ کافی حد تک مجھ سے ملتا جلتا ہے۔

بقیہ: جنید قتل کیس کی CBI جانچ۔۔۔

انہوں نے ہائی کورٹ میں سی بی آئی جانچ کیلئے فریاد کی تھی۔جلال الدین کی درخواست پر، ہریانہ حکومت نے سوال کھڑے کئے تھے۔ ہریانہ حکومت نے کہا تھا کہ پولیس نے پورے معاملے میں منصفانہ کاروائی کی ہے، یہی نہیں جنید کے والد کی جانب سے داخل عرضی میں کسی بھی ملزم کا نام نہیں ہے لیکن ہریانہ پولیس نے ملزمان کو خود ڈھونڈ کر 302 جیسی بڑی دفعہ لگائی۔ بتادیں کہ فرید آباد کے بلب گڑھ میں 22 جون کو ٹرین کے اندر کھندوالی گاؤں کے جنید کو چاقو سے مار کر قتل کر دیا گیا تھا۔اس معاملہ کے ملزمین کو گرفتار کیا جاچکا ہے۔

بقیہ: بینک میں ڈکیتی' ہاتھ۔۔۔

آیا جایا کرتے تھے لہذا وہ یہ بھول گئے تھے کہ خفیہ کیمرے سے ان کی حرکات وسکنات کی ریکارڈنگ ہورہی ہے ۔ دوسرے دن جب بینک کھلی تو تمام سامان کو بکھرا ہوا پا کر پولیس میں شکایت درج کرائی گئی پولیس نے سی سی ٹی وی کے مناظر کو دیکھا تو کینٹن میں کام کرنے والے دو لڑکوں پر شک ہوا ان کی فوری گرفتاری عمل میں آئی۔ دوران گرفتاری ملزمین نے اعتراف کیا کہ انہوں نے بینک میں ڈاکہ ڈالا تھا لیکن انہیں صرف دو ہزار روپیہ ہی حاصل ہوئے اور فی الوقت ملزمین جو ہو پولیس کی تحویل میں ہیں اور ان سے تفتیش جاری ہے۔

بقیہ: تہاڑ جیل میں کشمیری۔۔۔

گئے قوانین کی بھی پاسداری نہیں کرتی ہے اور قیدیوں کو محض سیاسی انتقام گیری کے تحت بھارت کی جیلوں میں منتقل کیا جاتا ہے، جہاں ان کو حراستی تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے اور ان کے اہل خانہ کو بھی ان کی ملاقات کیلئے جانے میں مشکلات پیش آتی ہیں۔

بقیہ: بجرنگ دل کے نوجوانوں۔۔۔

ردعمل بھی سامنے آیا۔اس میں کچھ یہاں پر بھی پیش کئے جارہے ہیں۔ دائیں بازو تنظیموں نے مرکز کی جانب سے ریاستوں کو گاؤ رکشہ کے متعلق روانہ کی گئی ہدایت سے بھی فوری طور پر دستبرداری کا مطالبہ کیا ہے۔ وی ایچ پی کے انٹرنیشنل جوائنٹ سکریٹری سریندر کمار جین نے کہا کہ اس ضمن میں مرکزی حکومت کی جانب سے ریاستوں کو جاری کی گئی ہدایت پر دستبرداری کا مطالبہ کرتے ہوئے ایک قرارداد بھی منظور کی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ اجلاس میں گائے کاٹنے والوں کے خلاف بھی سخت کاروائی کا قانون بنانے کے مطالبے پر مشتمل قرارداد منظور کی گئی ہے''۔انہوں نے کہا کہ قرارداد میں بیف جہاں سے درآمد کیا جارہا ہے ان مقامات پر بھی ڈی این اے کی سہولت فراہم کرنے اور جان بوجھ کر بیف پارٹی منعقد کرنے والوں کے خلاف بھی سخت اعتراض کے ساتھ کاروائی کرنے کا مطالبہ بھی کیا گیا ہے۔ نیوز ایجنسی پی ٹی آئی کی خبر میں اس بات کا بھی انکشاف ہوا ہے کہ مذہبی اقلیتیں مذہبی اکثریت پر حاوی ہورہی ہیں جس کی وجہ سے ہندو سماج کے لوگ ان مرعات سے استفادہ اٹھانے کیلئے اقلیتی طبقات میں شامل ہورہے ہیں۔تقریب کے افتتاحی روز آر ایس ایس چیف موہن بھاگوت نے کہا کہ وہاں پر رام مندر کی تعمیر ہوگی کوئی دوسری مذہبی عمارت نہیں ہوگی۔ وی ٹی سوامی پیجاور مٹھ نے کہا کہ رام مندر اسی سال تعمیر ہوگا۔

بقیہ: لشکر طیبہ سے زیادہ۔۔۔

کی تھی۔انہوں نے راہل سے پوچھا تھا کہ لشکر طیبہ کے بارے میں ان کا کیا خیال ہے۔ راہل نے کہا کہ یہ تو ہے پر ہندستان کی ہندو دہشت گردی اس سے زیادہ خطرناک ہے۔

بقیہ: مہاراشٹر کے وزیر گریش۔۔۔

چیتے کی تلاش کرنے کیلئے نکل گئے ۔اس وقت ان کے آس پاس موجود کسی ایک شخص نے اس پورے واقعہ کی موبائل ویڈیو بنالی، جو کہ اب سوشل میڈیا میں وائرل ہوگئی ہے، گزشتہ روز پیش آئے اس واقعہ کے سلسلے میں مہاجن نے کہا کہ وہ علاقے کے دورے پر تھے اور انہیں بتایا گیا کہ چیتا قافلے سے صرف 400 فٹ کی دوری پر ہے۔ پھر انہوں نے وہاں جانے کا فیصلہ کیا۔ یہ کہا جا رہا ہے کہ چیتا زندہ رہنے میں کامیاب رہا اور وزیر اور جنگل کے محکمہ کو خالی ہاتھ واپس لوٹنا پڑا ۔مہاجن پانچ بار سے بی جے پی ایم ایل اے ہیں اور انہیں وزیراعلیٰ دیویندر فڑنویس کے قریبی سمجھا جاتا ہے ۔اور ان کا تعلق جلگاؤں سے ہے۔وہ گزشتہ دنوں میں یتیم بچوں کے پروگرام میں ریوالور کے ساتھ چلے گئے ۔انہوں نے مبینہ طور پر داؤد ابراہیم کے رشتہ دار کی شادی میں شرکت کی اور حال میں کہا کہ شراب کی زائد فروخت کیلئے اسے عورتوں کے نام سے منسوب کیا جائے۔ جس کے بعد لوگوں نے سخت تنقید کی اور اس کے بعد، ریاست میں مہاجن کے خلاف عورتوں کی تنظیمیں اور شراب بندی کیلئے کام کر رہی تنظیموں نے سخت احتجاج کیا تھا۔

بقیہ: کلکٹر نے لیا ترقیاتی۔۔۔

درج کروایا۔ فیروز خان نے سابقہ مطالبہ کا اعادہ کرتے ہوئے کہا نہرو بھون کی جدید کاری اور اسے منہدم کر کے جدید شاپنگ کامپلیکس کی تعمیر کے لئے مجلس کے رکن اسمبلی امتیاز جلیل نے

حکومت سے باقاعدہ فنڈ بھی منظور کروا رکھا ہے۔لیکن اس تعلق سے انتظامیہ کوئی دلچسپی نہیں دکھا رہا ہے۔لہذا اسنت ایکناتھ رنگ مندر اور سڈکو ناٹیہ گرہ کی طرز پر نہرو بھون کی جدید کاری کو بھی منصوبہ بندی میں شامل کیا جائے۔ جبکہ ناصر صدیقی نے سلیم علی جھیل کی جدید کاری پر کروڑوں خرچ کرنے کے باوجود اسے بند رکھے جانے کا مسئلہ اٹھایا۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ اسی میٹنگ میں راکا (سوئمنگ پول) کے مقدمہ کو عدالت سے باہر حل کرنے پر زور دیا گیا، اسی طرح سلیم علی جھیل کو عوام کے لئے کھلا کرنے کے بھی اقدامات کئے جائیں۔ معترض برڈ فرینڈس کو بھی اسی طرح بلایا جائے اور عدالت سے باہر اس مسئلہ کو حل کر کے جھیل کو شروع کیا جائے۔ شہر میں یہی ایک واحد تفریح کا مقام ہے۔اسے یوں بند رکھنا مناسب نہیں۔کلکٹر اور میئر نے اس مشورہ پر سنجیدگی سے غور کرنے کا تیقن دیا۔اسی طرح مکئی گیٹ، محمود دروازہ اور بارہ پلا ان تینوں پلوں کی تعمیر کے لئے رابطہ وزیر 25 کروڑ کا فنڈ دینے تیار ہیں، لیکن کارپوریشن ہی اس کام کے لئے تیار نہیں ہے۔ میونسپل کارپوریشن کی جانب سے ابھی تک پرپوزل ہی نہیں بھجوایا گیا ہے جبکہ حکومت کو صرف پرپوزل پیش کرنا ہے۔ یہ انتہائی اہم مسئلہ ہے اس پر فوری توجہ دی جائے، یہ مطالبہ فیروز خان اور ناصر صدیقی نے کیا۔اس میٹنگ کے دوران 120 کروڑ کے ایل ای ڈی لائٹ پروجیکٹ کا موضوع بھی زیر بحث آیا۔اس تعلق سے کہا گیا کہ وارڈ میں نئے ایل ای ڈی لائٹ لگانے پر کمشنر مگلیکر نے روک لگادی ہے، وہ غصہ میں تھے اس لئے یہ قدم اٹھایا۔ اس پر کلکٹر نے کہا جس وارڈ میں واقعی ضرورت ہے، وہاں ایل ای ڈی لائٹ کو منظوری دی جائے گی۔

بقیہ: سبسڈی ختم کرنا۔۔۔

اسے ٹھکرا دیا ہے۔سبسڈی کے ضمن میں پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ۲۰۱۲ء میں مرکزی حکومت کی جانب سے 836 کروڑ کی سبسڈی دی جاتی تھی۔۲۰۱۴ء میں 200 کروڑ کی سبسڈی کم کردی گئی تھی۔لیکن پانچ سال قبل بی جے پی حکومت نے مکمل طور پر سبسڈی ختم کر کے فرقہ پرست عناصر کو خوش کرنے کی کوشش کی ہے جس کی ہم سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔

بقیہ: ریاستی حکومت کی۔۔۔

حکومت مسلسل اقلیتی' دلت' پسماندہ طبقات کے بجٹ میں کٹوتی کررہی ہے۔ ریاست میں آج بھی مسلم مراٹھا ریزرویشن کا معاملہ التواء کا شکار ہے۔ صرف تاریخ دیکر عوام کو گمراہ کیا جارہا ہے۔ شیوسینا کی مخالفت پر پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ شیوسینا دوہری پالیسی اختیار کررہی ہے۔ ایک جانب وہ حکومت میں شریک ہوکر اپنے ووٹ بینک کو باقی رکھنا چاہتی ہے اور کابینہ میں رہتے ہوئے حکومت کے فیصلوں کی مخالفت نہیں کرتی۔ انہوں نے شک کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ انتخابات میں ای وی ایم مشینوں میں گڑبڑ کی جاسکتی ہے لیکن ہم اس پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں۔ مراٹھواڑہ و ودربھ کی آزادی کے تعلق سے انہوں نے کہا کہ کانگریس اس کی کبھی حمایت نہیں کرے گی۔ متحدہ مہاراشٹر کئی قربانیوں کے بعد وجود میں آیا تھا۔ اس موقع پر وقف بورڈ چیئرمین ایم ایم شیخ' ضلع صدر و رکن اسمبلی عبدالستار' سابق رکن اسمبلی نتن پاٹل' حمد چاؤش' کرن پاٹل ڈونگاؤنکر' کانگریس شہر صدر نامدیو پوار' و دیگر عہدیداران موجود تھے۔

بقیہ: جنسی وٹی چوک۔۔۔

تھے۔ میٹنگ میں اے سی پی کولیکر نے بتایا کہ ۲۹ نومبر کو پرڈی سانحہ پر عدالت فیصلہ آئیگا اسی طرح مذہبی تہواروں کے پیش نظر امن وامان کا مظاہرہ کریں۔ پولس محکمہ سے تعاون کریں۔ اس موقع پر پولس دوست سید صابر' ذکیہ صابر' اوماتائی جیسوال' نور جہاں بانو' امجد خان' مہوش خان' شیخ رشید' محسن فاروقی' علیم بیگ' اجو بھائی' عقیل رامپورے' شیخ عرفان' اختر زماں و دیگر موجود تھے۔

بقیہ: میونسپل اساتذہ دیانتداری۔۔۔

والدین بچوں کو پرائیویٹ اسکولوں میں داخل کرواتے ہیں ۔میونسپل اساتذہ بھی اپنے بچوں کو پرائیویٹ اسکولوں میں ہی داخل کرتے ہیں ۔کیوں؟ جس طرح اپنے بچوں کو معیاری تعلیم دلوانا چاہتے ہیں، تاکہ وہ انجینئر، ڈاکٹر بن سکیں۔اسی طرح میونسپل اسکولوں میں زیر تعلیم طلبہ کو ڈاکٹر انجینئر بنانے کے لئے کوششیں کیوں نہیں کی جاتی ہیں؟ یہ سوال بھی میئر گھوڑ یلے نے صدر مدرسین سے کیا۔ انہوں نے کہا ڈگریاں لے کر آج ہزاروں ٹیچرس بے روزگار گھوم رہے ہیں، آپ لوگ خوش قسمت ہیں کہ میونسپل اسکولوں میں آپ کو ملازمت اور بھاری تنخواہیں مل رہی ہیں۔ لہذا میونسپل اسکولوں میں زیر تعلیم غریب طلبہ کے تعلیمی مستقبل کی بھی فکر کریں، اپنے فرض سے روگردانی نہ کریں۔ ان طلبہ کو بھی آج کے مسابقتی دور کے قابل و اہل بنائیں۔ معیار تعلیم کو بلند کریں۔ بصورت دیگر کسی کی بھی لاپرواہی کو بخشا نہیں جائے گا، یہ انتباہ بھی میئر نے دیا۔ امبیڈکر ریسرچ سینٹر میں آج میونسپل اسکولوں کے تمام صدر مدرسین کی مشترکہ جائزہ میٹنگ منعقد کی گئی۔ اس موقع پر میئر گھوڑ یلے، اسٹینڈنگ کمیٹی چیئرمین گجانن باروال اور ہاؤس لیڈر وکاس جین کے علاوہ ایجوکیشن آفیسر شریکانت کلکرنی بھی موجود تھے۔ وکاس جین نے کہا میونسپل اسکولوں میں پرائیویٹ اسکولوں کی طرح ماحول اور سہولتیں ہونی ضروری ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ میونسپل اسکولوں میں بھی طلبہ کی بڑی تعداد ہو، لیکن سہولتوں کا فقدان اور غیر معیاری تدریس ہو تو والدین بچوں کو کیسے میونسپل اسکولوں میں داخل کرواسکتے ہیں۔ لہذا فرض شناسی کا مظاہرہ کریں۔ گجانن باروال نے بھی سدھار لانے اور معیار تعلیم کو بلند کرنے کی ہدایت دی۔

بقیہ صفحہ ۶

بقیہ: غضبناک رشتہ داروں کی ڈاکٹر

ایمبولنس میں موجود ڈاکٹر دنیش کاشٹے کی معاملہ فہمی کے سبب ایمبولنس کو فوری واپس سیلو اسپتال لایا گیا تب بھی ڈاکٹر گولے گاؤنکر نے عدم تعاون کا مظاہرہ کیا اور ڈاکٹر کاشٹے و اسپتال میں موجود نرسوں کی کوششوں سے اس خاتون کو مکمل طور پر فارغ کروایا گیا۔ لیکن تب تک کافی دیر ہوچکی تھی۔ خاتون تو خیر خوبی سے فارغ ہوگئی لیکن نومولود ضائع ہوگیا معاملے کی اطلاع ملتے ہی سنبھاجی بریگیڈ کے ریاستی نائب صدر چھگن شیرے دیپک چوہان، بجرنگ آرکولے و دیگر دواخانہ پہنچے اور پیر کی دوپہر ڈاکٹر گولے گاؤں کر کے خلاف شکایت درج کروائی و اسکے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔

بقیہ: 23 لاکھ 16 ہزار چارسو کی شراب

کاروں کی اندازہ قیمت ۱۸ لاکھ اس طرح ۲۳ لاکھ ۱۶ ہزار چار سو کے مال کو جالنہ کرائم برانچ نے اپنی تحویل میں لیا۔ کانسٹیبل سنتوش ساونت کی شکایت پر بدناپور پولس اسٹیشن میں معاملہ درج کیا گیا ہے ۔متعلقہ کاروائی جالنہ ایس پی رامناتھ پوکھلے، اپر ایس پی لتا پھڑ کی رہنمائی میں کرائم برانچ کے راجندر سنگھ گوڑ سب انسپکٹر ہنومنت وارے، کانسٹیبل کملا کرامبورے، سنتوش ساونت، بھالچندر گیری، پھول سنگھ گھوسنگھے، سمادھان تیلنگے، اور کرن مورے نے سخت محنت سے انجام دی۔ واضح ہو کہ ازیں قبل اسی ماہ جالنہ کرائم برانچ نے اپنی کامیاب چھاپہ ماری کرتے ہوئے نقدی اور غیر ملکی شراب کا بڑا ذخیرہ پکڑا تھا۔

بقیہ: پربھنی ضلع میں دس روپے۔۔۔۔

اتنا ہی نہیں سوشل میڈیا پر سکوں کی فہرست مشتہر کر کے عوام کو گمراہ کیا جارہا ہے جسکی وجہ سے عوام نے گھبرا کر دس روپے کے سکوں کو بینک میں جمع کرنا شروع کردیا ہے۔ اس معاملے میں ضروری ہے کہ متعلقہ حکام خلاصہ کریں اور سرکار کی جانب سے ایسا قدم اٹھایا جائے جس سے گراہکوں کو پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

پجارا اور جڈیجہ ٹسٹ رینکنگ میں نمبر دو

نئی دہلی: ہندوستان کے زبردست بلے باز چتیشور پجارا اپنی شاندار بلے بازی کی بدولت (آئی سی سی) کی تازہ رینکنگ میں بلے بازوں میں دوسرے جبکہ لیفٹ آرم اسپنر رویندر جڈیجہ دنیا کے چوٹی کے گیند بازوں میں دوسرے نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔ ہندوستان اور لنکا نیز انگلینڈ اور آسٹریلیا کے درمیان سوموار کو ختم ہوئے ایشیز ٹسٹ کے بعد منگل کو آئی سی سی کی تازہ ٹیسٹ رینکنگ جاری کی گئی ہے۔

بقیہ: پوار کے ناجائز قبضہ۔۔۔

انہدام انچارج کی اس معاملہ میں سرد مہری پر مجلس عہدیداران نے سخت ناراضگی ظاہر کی ہے۔ ایم بی قاضی سے انہوں نے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ پوار کے ناجائز قبضہ کو فوری طور پر ہٹائیں۔ عدالت کے علاوہ انتظامی سطح پر تمام مراحل کی تکمیل ہوچکی ہے، لہذا اب انہدام میں تاخیر نہ کریں۔ ورنہ احتجاجی تحریک چلانے پر مجبور ہونا پڑے گا۔

بقیہ: منیجر نے ڈسٹری۔۔۔

تاچھ کی۔ اسی طرح بینک اکاؤنٹ کی معلومات حاصل کی۔ تب علم ہوا کہ اس نے اسی ہزار کالون ایجنسی کے نام پر اٹھایا ہے۔ کاروبار و بینک لین دین کی معلومات حاصل کرنے پر علم ہوا کہ ملزم نے کل 11.89 لاکھ کا غبن کیا ہے۔ ڈسٹری بیوٹر نارائن گوڑ کی شکایت پر ہرسول پولس نے یاڑ ارام کے خلاف معاملہ درج کرلیا ہے۔

بقیہ: مسروقہ 40 موبائل۔۔۔

دو کلومیٹر کے تعاقب کے بعد اسے پکڑا گیا۔ ملزم ہیواڑے سے پوچھ تاچھ کی گئی تو اس نے بتایا کہ میں نے اپنے دوست کے ساتھ موبائل ہوم دکان میں سرقہ کیا تھا۔ پولس نے مسروقہ موبائل کی معلومات حاصل کی اور اسکے گھر سے چوپن میں سے چالیس موبائل برآمد کیے۔ پولس کا ماننا ہے کہ ملزم مزید سرقہ کی وارداتوں میں ملوث ہوسکتا ہے۔ پوچھ تاچھ جاری ہے۔

بقیہ: مراٹھواڑہ بھر میں۔۔۔

کلوگرام' دس بلدیہ نے 1261 کلوگرام' پربھنی کے 704 گرام پنچایت میں 3078.72 کلوگرام اور ۸ بلدیہ میں 800.75 کلوگرام پلاسٹک کچرا جمع کیا ہے۔ اس ضمن میں رپورٹ ڈویژنل کمشنریٹ کو روانہ کردی گئی ہے۔

بقیہ: سسرالیوں کی تلاش۔۔۔

جیلانی سید' خسر مصباح الدین جیلانی قادر الدین سید' جیٹھ نظام الدین مصباح الدین جیلانی سید اور نند تبسم انور صدیقی کے خلاف دفعہ 506 504 323 498-A 304-B اور 34 کے تحت معاملہ درج کرلیا ہے۔ تمام ملزمین فی الحال مفرور ہیں اور پولس ان کی سرگرمی سے تلاش کررہی ہے۔ اطلاع کے مطابق کونڈوا پونہ کی پولس ملزمین کی تلاش میں شہر میں داخل ہوچکی ہے مگر ملزمین تک پہنچ نہیں پائی۔

آج مولانا مصطفیٰ مظاہری کی تفسیر قرآن کا انعقاد

اورنگ آباد (راست) ۲۹ نومبر بروز بدھ انشاءاللہ بعد نماز عشاء ٹھیک 8:30 بجے خانقاہ چشتیہ صابریہ واقع مکان راشد سلیم سہیل گارڈن مسجد میر عالم شاہ کے سامنے عالم گیر کالونی میں علاقہ مراٹھواڑہ کے مشہور و معروف مفسر قرآن حضرت مولانا مصطفیٰ مظاہری قرآن پاک کی تفسیر فرمائیں گے۔ تفسیر کا یہ سلسلہ انشاءاللہ ہر مہینہ جاری رہیگا۔ استفادے کی گذارش حافظ اسمٰعیل نے کی ہے۔

محفل نور

اورنگ آباد: آج بعد نماز عشاء بضمن نعت ومنقبت اور درود وسلام کی محفل نور بمقام عبدالستار مسجد نیو ایس ٹی کالونی اقراء اسکول کے سامنے منعقد ہوگی۔ جملہ مسلمین سے شرکت کی گذارش کی گئی ہے۔

CLASSIFIEDS CLASSIFIEDS CLASSIFIEDS

29-01
مکان کرائے پر چاہیے
ایک چھوٹی فیملی کیلئے تمام سہولیات سے آراستہ، روشن گیٹ تا شاہ گنج علاقہ میں مکان کرائے پر چاہیے۔
پیشہ: سرکاری نوکری
9325932542
8605296605

26-29
جنسی کمزوری عضو میں ڈھیلا پن، پتلا پن، چھوٹا پن اور ڈائبیٹیس سے ہونے والی جنسی کمزوری کیلئے خاص تیل اور کھانے کی دوا، نوجوان اور بوڑھے حضرات کیلئے الگ الگ خوراک۔
نوٹ: بذریعہ پوسٹ سید حامریض کے ہاتھ
7350897975

فیض دواخانہ
نامردی، سستی، کمزوری، جلد فراغت، پیشاب میں دھات کا جانا، بدخوابی، رکاوٹ میں کمی، جراثیم نہ بننا، پیشاب کرتے وقت انزال ہونا، جنسی بیماریوں کا علاج ہمارے دواخانے میں جڑی بوٹیوں سے کیا جاتا ہے۔
ڈاکٹر خان
پتہ: اسٹیٹ ٹاکیز کے بازو، مدینہ مارکیٹ شاہ گنج اورنگ آباد
9222224425

2-2
فری فری فری
موبائیل ریپیرنگ کورس کے ساتھ کمپیوٹر ریپیرنگ فری سیکھئے۔ حکومت سے منظور شدہ سنستھا سے سیکھو اور کماؤ۔ کمپنی کے کام کا تجربہ۔ ٹول کٹ مفت۔
گوکلا نیس انسٹی ٹیوٹ
رشرث کے پیچھے، پیٹھن گیٹ، اورنگ آباد
9145793838

29
فلیٹس کرائے پر دینا ہے
حنا نگر نزد ابوبکر مسجد مین روڈ پر دو عدد فلیٹس علیحدہ یا ایک ساتھ فرسٹ فلور پر جو تین روم کچن اور تمام بنیادی سہولیات سے آراستہ ہے کرائے سے دینا ہے۔ رابطہ کریں
9823441288
9420235552
9404149270

26-29
رہن سے دینا ہے
3BHK فلیٹ تھرڈ فلور پر واقع ریحان اپارٹمنٹ میں عماد مسجد کے قریب رہن سے دینا ہے۔
پتہ: روشن گیٹ، اورنگ آباد
8668988861

C-26 Oct
مکان یا زمین کی خرید و فروخت
اورنگ آباد شہر میں مکان' پلاٹ یا زمین کی خرید و فروخت کے لئے ہم سے رابطہ قائم کریں۔ محمد معین الدین
9175717478
9975765009

کاروبار میں ترقی کا سنہرا موقع
ایشیا ایکسپریس
صرف 175 روپئے
9765555258
(کلاسیفائیڈ اسکیم سے فائدہ اٹھائیں 3+1)

پتھری، بواسیر اور جوڑوں کے درد سے مکمل نجات
شوگر کے زخموں کا شرطیہ علاج
اگر آپ شوگر کے زخموں کا علاج کر کے تھک گئے ہیں۔ زخم کتنا ہی بڑا اور پرانا ہو انشاءاللہ ہمارے آیورویدک ٹریٹمنٹ سے 100% فیصد سوکھ جائیگا۔ شوگر سے ہونے والی کمزوری، ہاتھوں پیروں میں جلن اور درد سب انشاءاللہ دور ہوجائیں گے۔
وقت: صبح 11 تا 2 شام 7 تا 10
رابطہ: ڈاکٹر حسان احمد مومن (BAMS Ayurvedic)
پتہ: آیورویدک ڈائبٹک کیئر سینٹر، شہاب فنکشن ہال، نزد دہلی آئسکریم، روضہ باغ اورنگ آباد
9923494478
7020925483

نس کمزوری ☆ سرعت انزال ☆ احتلام ☆ مشت زنی ☆ جراثیم کی کمی ☆ عورتوں میں جذبات کی کمی ☆ سفید پانی ☆ بانجھ پن وغیرہ تمام جنسی امراض کیلئے رابطہ قائم کریں۔
ہر اتوار کو مفت طبی معائنہ کیمپ
نوجیون آیورویدک ڈسپینسری (رجسٹرڈ)
فون: 0240-2350042, 9545549894

ثانیہ آیورویدک کینسر سینٹر
MYNVP/RMP/NO 0765 & IBAM/RMP/B-15478
فری چیک اپ
ڈاکٹر رئیس شاہ
دواخانہ کا وقت: صبح 9:30 سے دوپہر 1:30، شام 6 سے 9:00 بجے تک
8888382796
7875011197

قارئین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اشتہارات میں مختلف مصنوعات یا خدمات کے سلسلے میں کئے گئے دعووں کی تصدیق یا توثیق یا تائید ممکن نہیں ہوتی ہے اس لئے ایشیا ایکسپریس میں شائع ہونے والے کسی بھی اشتہار کے سلسلے میں رقم ارسال کرنے، کسی طرح کا کوئی سرمایہ لگانے یا لین دین کے معاملات کو حتمی شکل دینے سے قبل ضروری جانچ پڑتال کرلیں۔
اشتہارات میں کئے گئے دعووں کو اگر مشتہرین پورا نہ کریں تو اس کے لئے ایشیا ایکسپریس کا ادارہ یا ایڈیٹر ذمہ دار نہیں ہوں گے۔

ڈیلی ایشیا ایکسپریس اورنگ آباد
Roznama Asia Express

2022 سے قبل

سبسڈی ختم کرنا بھگوا بریگیڈ کو خوش کرنے کی سازش

آئندہ ہفتہ 6000 کا کوٹہ حج کمیٹی آف انڈیا کو ملے گا: ابراہیم بھائی جان

اورنگ آباد: ۲۸ نومبر (اسٹاف رپورٹر) مرکزی حکومت نے امسال سازمین حج کیلئے کی پالیسی کا اعلان کیا ہے۔ اس ضمن میں ریاستی حج کمیٹی کی جانب سے اس کی مذمت کی گئی ہے۔ ہم نے مرکزی وزیر برائے اقلیتی امور مختار عباس نقوی کو ایک مطالباتی معروضہ پیش کیا ہے جس میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ نئی پالیسی کے تحت سازمین کو درپیش تکالیف کو دور کیا جائے۔ اسطرح کے معلومات ریاستی حج کمیٹی کے چیئرمین ابراہیم بھائی جان نے ایشیا ایکسپریس کے نمائندہ سے گفتگو کے دوران دی۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت نے امان اللہ خان کی قیادت میں چار رکنی کمیٹی تشکیل دی تھی جس میں حج ۲۰۱۸ء کے سمعین میں کئی اہم تبدیلیاں پیش کی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ جب سپریم کورٹ نے مرحلہ وار حج سبسڈی ختم کرنے کی ہدایت دی تھیں تو مرکزی حکومت نے اس سے اس کی سبسڈی مکمل طور پر کیوں ختم کردی؟ جس کے بارے میں ملک بھر میں ناراضگی کا اظہار کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم زائد سے زائد عمری خواتین بغیر محرم کے چار یاترا پاٹ سازمین کے گروپ میں سفر کرسکتی ہے اس مسئلہ کے بارے میں بھی ہم نے مرکزی حکومت سے فہمائش کی ہے۔ لیکن امسال سے سعودیہ عربیہ کی حکومت نے اس ضمن میں فیصلہ لیا ہے جس کے سبب اس مجوزہ کو مرکزی حکومت نے منظور کرلیا ہے۔ ابراہیم بھائی جان نے مزید کہا کہ عزیز یہ اور گرین زمرہ جات پُر ہوگئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تاہم یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے کوٹہ حج کمیٹی آف انڈیا کو واپس دینے کا مطالبہ کیا تھا کیونکہ ۲ دیگر ریاستوں میں اس پر مرکزی حکومت فیصلہ کردے گی۔ مسلسل چار سال تک درخواست دینے والے سازمین کو پاسپورٹ جاری کرنے کا مطالبہ ہم نے کیا تھا لیکن مرکزی حکومت نے اس پر عمل نہیں کیا۔ (باقی صفحہ ۷ پر)

ناگپور اسمبلی اجلاس پر غلام نبی آزاد و شرد پوار کی قیادت میں

ریاستی حکومت کی ناکامیوں پر اپوزیشن پارٹیوں کا مورچہ

اشوک چوہان

اورنگ آباد: ۲۸ نومبر (اسٹاف رپورٹر) صدر دفاع پارلیمنٹ اشوک چوہان نے دی۔ چوہان نے پریس کانفرنس میں پی پی ایچ قائد و کابینی وزیر گرلش مہاجن پر بتلاتے ہوئے کہا کہ شیوسینا حکومت نے اپنے تین سالہ دور اقتدار میں عوام الناس کو مشکلات سے دوچار کیا ہے یہی وجہ ہے کہ حکومت کی ناکامیوں کے خلاف آئندہ ۱۲ دسمبر سے شروع ہورہے ناگپور اسمبلی اجلاس میں کانگریس این سی پی، سماج وادی پارٹی، پیزنٹس کامگار پکشن اور دیگر اپوزیشن پارٹیوں کا ایک عظیم الشان مورچہ نکالا جائیگا۔ اسطرح کی معلومات آج پریس کانفرنس میں آج کانگریس کے ریاستی صدر درگن پارلیمنٹ اشوک چوہان نے دی۔ چوہان نے پریس کانفرنس میں پی پی ایچ قائد و کابینی وزیر گرلش مہاجن پر بتلاتے ہوئے کہا کہ شیوسینا حکومت نے اپنے تین سالہ دور اقتدار میں عوام الناس کو مشکلات سے دوچار کیا ہے یہی وجہ ہے کہ حکومت کی ناکامیوں کے خلاف آئندہ ۱۲ دسمبر سے شروع ہورہے ناگپور اسمبلی اجلاس میں کانگریس این سی پی، سماج وادی پارٹی، پیزنٹس کامگار پکشن اور دیگر اپوزیشن پارٹیوں کا ایک عظیم الشان مورچہ نکالا جائیگا۔ اسطرح کی معلومات آج پریس کانفرنس میں آج کانگریس کے ریاستی صدر درگن پارلیمنٹ اشوک چوہان نے دی۔ چوہان نے پریس کانفرنس میں پی پی ایچ قائد و کابینی وزیر گرلش مہاجن پر بتلاتے ہوئے کہا کہ شیوسینا حکومت نے اپنے تین سالہ دور اقتدار میں عوام الناس کو مشکلات سے دوچار کیا ہے یہی وجہ ہے کہ حکومت کی ناکامیوں کے خلاف آئندہ ۱۲ دسمبر سے شروع ہورہے ناگپور اسمبلی اجلاس میں کانگریس این سی پی، سماج وادی پارٹی، پیزنٹس کامگار پکشن اور دیگر اپوزیشن پارٹیوں کا ایک عظیم الشان مورچہ نکالا جائیگا۔ اسطرح کی معلومات آج پریس کانفرنس میں آج کانگریس کے ریاستی صدر درگن پارلیمنٹ اشوک چوہان نے دی۔ چوہان نے پریس کانفرنس میں پی پی ایچ قائد و کابینی وزیر گرلش مہاجن پر بتلاتے ہوئے کہا کہ شیوسینا حکومت نے اپنے تین سالہ دور اقتدار میں عوام الناس کو مشکلات سے دوچار کیا ہے یہی وجہ ہے کہ حکومت کی ناکامیوں کے خلاف آئندہ ۱۲ دسمبر سے شروع ہورہے ناگپور اسمبلی اجلاس میں کانگریس این سی پی، سماج وادی پارٹی، پیزنٹس کامگار پکشن اور دیگر اپوزیشن پارٹیوں کا ایک عظیم الشان مورچہ نکالا جائیگا۔ اسطرح کی معلومات آج پریس کانفرنس میں آج کانگریس کے ریاستی

عدالتی و تمام قانونی مراحل کی تکمیل کے باوجود مڑی محل راستہ کشادگی میں حائل

پوار کے ناجائز قبضہ کو ہٹانے انتظامیہ تیار نہیں

اورنگ آباد ۲۸ نومبر (سینئر رپورٹر) مڑی محل راستہ کشادگی میں حائل دیگر مکانوں کے ساتھ ساتھ مڑی محل کے بڑے حصہ کو بھی بے سی پی کے ذریعہ منہدم کردیا گیا۔ لیکن اسی راستہ میں حائل پوار کے ناجائز قبضہ کو ہٹانے میں میونسپل انتظامیہ جان بوجھ کر مال متول کررہا ہے۔ گوکہ اپوزیشن لیڈر ضیاء الدین خان، گروپ لیڈر ناصر صدیقی اور مجلس رکن شیخ احمد پوار کے اس ناجائز قبضہ کو ہٹانے کے لئے لگاتار رائفہ کررہے ہیں لیکن ایڈمنسٹریٹر آفیسر سیاسی دباؤ کے تحت مٹی خیز خاموشی اختیار کئے ہوئے ہیں۔ علاوہ ازیں گذشتہ 45 سالوں سے یہاں ناجائز قبضہ کئے بیٹھے پوار نے ممبر پارلیمنٹ چندرکانت کھیرے، میئر نندکمار گھوڑیلے سے دباؤ ڈلوانے کے علاوہ فیروز خان اور ناصر صدیقی کے سامنے بے سروسامان ہونے کا ماتم کرنا شروع کردیا ہے۔ آج اپنے قبضہ کو بچانے کی غرض سے پوار نے ضلع کلکٹر و ایڈیشنل کمشنر اول کشور رام سے بھی ملاقات کی۔ مگر فیروز خان اور ناصر صدیقی نے پوار کو صاف صاف کہہ دیا ہے کہ انتظامیہ دیگر مقام پر بھلے ہی تاڑ کاری کرے، لیکن اس راستہ کا تعمیری کام صرف ان کے ناجائز قبضہ کی وجہ سے کالعدم ہے، اسے ہر قیمت پر ہٹانا ضروری ہے۔ شعبہ (باقی صفحہ ۷ پر)

عید میلاد النبیؐ کے پیش نظر

جنسی وٹی چوک پولس اسٹیشن میں امن کمیٹی میٹنگ

اورنگ آباد: ۲۸ نومبر (سٹی رپورٹر) عید میلاد النبیؐ ۹ دسمبر شہادت باہری مسجد و دیگر مذہبی تہواروں کے پیش نظر جنسی وٹی چوک پولس اسٹیشن میں امن کمیٹی میٹنگ منعقد کی گئیں۔ آج جنسی پولس اسٹیشن میں کارپوریٹرس، امن کمیٹی ممبران پولس دوست اور تمام مذہبی نمائندوں و سماجی کارکن کی موجودگی میں امن کمیٹی میٹنگ منعقد کی گئی۔ اس دوران پولس (اسٹیشن ہیڈ آفیسر) نے تمام سامکان سے اپیل کی کہ وہ عید میلاد النبیؐ تہوار پر پورا قیم رضا خان رفیق مہاجر برادران ان کے موقع پر امن و امان کا مظاہرہ کریں۔ اس موقع پر ساجی کارکن ڈاکٹر ہارون خان، پیٹھ مقیم احمد و دیگر موجود تھے۔ جنسی چوک پولس اسٹیشن میں منعقدہ امن کمیٹی کی میٹنگ میں اے سی پی گورد ھن کوڑیکر، پی آئی بسمت کدم، پی ایس آئی منجے، ہاگر وید موجود (باقی صفحہ ۷ پر)

میونسپل اساتذہ دیانتداری سے تدریس کریں

اپنے بچوں کی طرح میونسپل طلبہ کو بھی انجینئر، ڈاکٹر بنانے کی فکر کریں نہیں؟ جائزہ میٹنگ میں میئر کی پھٹکار

اورنگ آباد ۲۸ نومبر (سینئر رپورٹر) ہر سال ہزاروں کی تعداد میں ڈی ایڈ۔ بی ایڈ طلبہ کامیاب ہوکر نکل رہے ہیں، انہیں ملازمت نہیں مل رہی ہے لیکن میونسپل کارپوریشن کے اساتذہ بھرپور تنخواہیں لینے کے باوجود دیانتداری کے ساتھ تدریس نہیں کررہے۔ یہ افسوس کی بات ہے۔ صدر معلم اس میٹنگ میں سیکولوں کا نقصان اور مسائل درپیش ہونے کا جواز پیش کررہے ہیں، جبکہ تدریس کا ذمہ تو خود ان پر ہی کی جاتی ہے۔ ان الفاظ میں میونسپل اسکولوں کے صدر مدرسین کی سرزنش کرتے ہوئے میئر نندکمار گھوڑیلے نے کہا عید میلاد النبیؐ اور اقبال دن کے اکثر یہ سوال کیا جاتا ہے کہ اپنے بچوں کو میونسپل اسکولوں میں داخلہ کیوں نہیں دلواتے۔ یہی سوال میں میونسپل اساتذہ اور صدر مدرسین سے کرتا ہوں، کتنے اساتذہ کے بچے میونسپل اسکولوں میں زیر تعلیم ہیں؟ ہم چاہتے ہیں کہ ہمارا پرائیویٹ اور معیاری تعلیم حاصل کرے، اسی مقصد کے تحت (باقی صفحہ ۷ پر)

نینجر نے ڈسٹری بیوٹر کو 11.89 لاکھ کا چونا لگایا

مالک کی شکایت پر ہرسول پولس میں کیس درج

اورنگ آباد: ۲۸ نومبر (اسٹاف رپورٹر) ایک ڈسٹری بیوٹر کے پاس نوکری کرنے والے منیجر نے ڈسٹری بیوٹر کا سامان کو فروخت کرکے اسی ہزار روپے بغیر اجازت نکال لیے اور نوکری کے دوران تقریباً گیارہ لاکھ نو سے ہزار کا غبن کیا۔ اس معاملہ میں متعلقہ منیجر کے خلاف ہرسول پولس نے معاملہ درج کرلیا ہے۔ پولس نے بتلایا کہ ملزم پارا رام شری نواس پلوم گوڈ سائن پیپر ڈسٹری بیوٹر واقع ہائیر تکنگاں ۲۰۱۴ء سے یہاں نرسیا گوڑ کے میسرس نرمل ٹریڈرس چنتپلی ڈسٹری بیوٹر پر منیجر کا کام کرتا تھا۔ تاہم ۲۰۱۲ء تا ستمبر ۲۰۱۷ء کے درمیان گاہکوں فرم کی ڈی ایل کی طرف سے کی گئی ادائیگی کی فروخت کی۔ یہ بات جب ڈسٹری بیوٹر کے علم میں آئی تو انہوں نے پوچھ (باقی صفحہ ۷ پر)

موبائل دکان میں نقب زنی کرنے والا گرفتار

مسروقہ 40 موبائل برآمد تحقیقات جاری

اورنگ آباد: ۲۸ نومبر (اسٹاف رپورٹر) گزشتہ دنوں ٹی وی سینٹر سڈکو علاقہ میں واقع موبائل ہوم نامی دکان میں نقب زنی کرکے سارق نقد رقم و موبائل لے اڑے تھے۔ اس ضمن میں پولس سارقوں کی سرگرمی سے تلاش کررہی تھی۔ ڈی سی پی راہل شریواسے نے بتایا کہ ۲۴ نومبر کو شب ڈی سی پی سینٹر موبائل ہوم نامی دکان میں سارق نے شٹر اوپر کرکے ۲۶ ہزار نقد اور تین لاکھ روپے مالیت کے چین عدد موبائل چارجر ہیڈفون و دیگر سامان سرقہ کرلیا تھا۔ اس معاملہ میں سڈکو پولس نے کیس درج کرلیا تھا۔ سڈکو پی آئی بھرت پاٹوڑے اور ان کے معاونین تحقیقات میں مصروف تھے۔ پولس نے اس معاملہ میں تحقیقی معلومات کی بنیاد پر صرف چار ملزمین کو گرفتار کرلیا تھا۔ تاہم گرفتار شدہ ملزمین سے مسروقہ موبائل برآمد کرنے کی کوشش جاری تھی۔ چنانچہ پولس نے مزید ۴۰ موبائل برآمد کرلیے ہیں۔ پولس کو یقین ہے کہ مزید موبائل بھی برآمد ہوسکتے ہیں۔ پولس نے کیس درج کرلیا ہے۔ مزید تحقیقات جاری ہے۔

امید کلچرل فاؤنڈیشن کی جانب سے اردو اکیڈیمی ایوارڈ یافتگان کیا عزاز میں

استقبالیہ تقریب و شب غزل کا کامیاب انعقاد

اورنگ آباد: ۲۸ نومبر: امید کلچرل فاؤنڈیشن کی جانب مہاراشٹرا اردو ساہتیہ اکیڈمی کی جانب سے مراٹھواڑہ ریجن کے تین ایوارڈ یافتگان کے اعزاز میں ایک تقریب استقبالیہ و شب غزل ناچیز بیانیہ رنگ مندر زالہ بازار میں گزشتہ شب منعقد کی گئی۔ اس موقع پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے رکن اسمبلی عبدالسلام زبیر احمد جلیل انجینئر شاہنواز ایم ایل سی، سیاش چمپاوت ڈپٹی میئر، چیئرمین ایم ایم شیخ، شیخ کلیم چیئرمین ایم ایم شیخ، ڈیگر موجود تھے۔ امید کلچرل فاؤنڈیشن کے صدر منظور احمد خان نے تمام مہمانان کا استقبال کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر راے خان، ڈاکٹر سیتل ذی الدین جبکہ اظہار تنکدر ڈاکٹر شعیب الدین ساحل نے اپنی آواز کا جادو جگایا۔ نظامت کے فرائض حسن احمد ڈاکٹر عقیلہ نوٹ ڈاکٹر شرف النہار مجتبیٰ فاروق کرتی جاے شیخ شرف الدین سہیل ذی الدین جبکہ اظہار تنکدر ڈاکٹر شعیب ساحل نے ادا کیا۔ رضیت آرے (بین الاقوامی غزل گو) کیا گیا۔ رضیت آرے (بین الاقوامی غزل گو) نے اپنی آواز کا جادو بکھیرا۔ نظامت کے فرائض عزیز عرفان ڈاکٹر سمیہ تمی الدین حفیظ درانی، محسن احمد ڈاکٹر عقیلہ نوٹ ڈاکٹر شرف النہار مومنہ دیے گئے اور گلدستہ و تحفہ پیش ہاشمی نے ادا کیا۔

ڈھولیہ میں ٹرک ڈرائیور کو لوٹنے والا سنیل پردور کر پولیسوں سے گرفتار

اورنگ آباد: ۲۸ نومبر (اسٹاف رپورٹر) ڈھولیہ ضلع کے ٹرک ڈرائیور کو لوٹنے کے معاملہ میں مقرر ملزم سنیل ہری بھاؤ پردور کو ترک ٹرام پراچ پولس نے گرفتار کرلیا۔ تیواری کامیلے نے بتلایا کہ ۲۴ نومبر کے ۲۱ بجے مخفیہ اطلاع موصول ہوئی تھی کہ پرچاپور میں ڈھولیہ ضلع میں ٹرک ڈرائیور کو لوٹنے والا ایک ملزم روپوش ہے۔ جس کے بعد پولس نے اس علاقہ میں جال بچھایا اور سنیل پردور کو حراست میں لیا گیا۔ پولس نے بتلایا کہ پردور کے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ ایک ٹرک ڈرائیور کو لوٹ لیا تھا۔ اس کی گرفتاری کے بعد اس نے اپنا جرم قبول کیا کہ کین ساتھیوں کے ساتھ چاقو کی نوک پر لوٹ کیا تھا۔ ڈھولیہ پولس انسپکٹر میں اسکے خلاف معاملہ درج تھا۔

اُتکرش پینل کے شیخ ظہور خالد کو ضلع پیڑ میں بھی زبردست حمایت

اورنگ آباد (راست) ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے سنڈیکیٹ الیکشن میں اوبین زمرہ سے انجینئر شیخ ظہور خالد نے گذشتہ دو دنوں میں پورے ضلع کا دورہ کیا۔ شیخ ظہور نے اپنی تائید میں ممبا کا آنا جانا کیا ہے کیا جہاں انہوں نے پرفیسر شفیق بلیغی، عبدالباسط عبدالحمید، محمد خالد صدیقی، عبدالوحید صدیقی کے علاوہ رائے دہندگان سے ملاقات کی۔ شیخ ظہور کا تائید میں اورنگ آباد کے تعلیمی اداروں کے ذمہ داران کے علاوہ سرراہ ملاقات ہوئی۔ جہاں ہر مقام پر پرانے رائے دہندگان نے شیخ ظہور خالد سے ملاقات کی اور اپنی تائید حمایت کا یقین دلایا۔ نیز ان کے اشتیاق کا عالم یہ تھا کہ انہوں نے امیدوار کے قافلہ کا بھی پرجوش استقبال کیا۔ ہر شہر میں تمام تعلیمی اداروں کے ذمہ داران کے علاوہ سرراہ بیٹھکیں (ساتھ ایم ایل اے)، قاضی مجاہد صدیقی (مؤقف صدر مدرس، ملیہ گرلس ہائی اسکول)، ڈاکٹر ماجد شیخ، ریٹائرڈ ڈاکٹر الیاس فاضل، مشتاق انصاری، محمد ثمر الدین سرمد مجاہد الوکیل سر، اسلم نوری، شیخ شفیق جمادی، فاروق جمیل، عدنان خان، رفیق احمد امرتسر، زبیر احمد لدار، انجینئر اسلم یٰسین، عبدالله ساری، عبدالاحد، شیخ نعمت، عامر قاضی، زبیر صدیقی، عبدالقادر قاضی نجیب جمال الدین کے علاوہ متعدد بیچرس سنگھٹناؤں کے ذمہ داران سے ملاقات کی۔ یہ تشہیری قافلہ پیڑ سے مالا پوری، گیروئی، شاہ گڑھ، سکھا پوری، منجرسے جالنہ جاتے ہوئے اورنگ آباد پہنچا۔ اس دوران شیخ ظہور خالد کو اپنی بیش بہا کاوشوں کا دوٹ دینے کا تمام متعلقات پر یقین دلایا کہ یہ اس مرتبہ اکثریت کا یہ کیا گیا شیخ ظہور انشاء اللہ سب سے کم عمر پہلے بیٹھنے ممبر ہوں گے۔

سیل ـــ سیل ـــ سیل ـــ سیل
اس سنہری موقع سے فائدہ اٹھائیں دوبارہ موقع نہیں ملے گا
برانڈیڈ 4 شرٹ صرف 999 روپے میں
Branded Rs. 4 SHIRT 999 Only
سٹی چوک لوٹا کارنجہ روڈ، روبرو روشی جوس سینٹر۔
8208831613
Opp: City Juice Centre, City Chowk, Lotakaranja, Aurangabad

بابر چی پر ڈکیتوں کا چاقو سے حملہ

اورنگ آباد (پرتنر) جالنہ روڈ پر واقع ایسائی کرنچ ہوٹل میں کل رات ڈکیتوں نے ڈاکہ ڈالنے کی کوشش کی جس میں بابر چی ولپ منکھ بہادر منکھ عمر 30 سال ساکن انترا کھنڈ زخمی ہوگیا۔ جسے گھاٹی دواخانہ کے آئی سی یو میں شریک کیا گیا ہے۔ اسسٹنٹ پولس انسپکٹر ستیہ جیت کے مطابق مذکورہ ہوٹل میں ایک خاتون سمیت پانچ افراد کام کرتے ہے۔ ولپ میں بابر چی تھا۔ رات حسب معمول ہوٹل بند کی گئی۔ دیگر ملازم گھر چلے گئے جب کہ ولپ ہوٹل میں ہی سوگیا۔ رات دو تا ڈھائی بجے ڈکیت ہوٹل میں داخل ہوئے اور ولپ پر چاقو سے حملہ کرکے موقع سے فرار ہوگیا۔ بتایا جاتا ہے کہ ڈکیتوں نے ولپ کے پیٹ پر چاقو سے حملہ کیا اور اس کی جیب سے آٹھ سو روپے چھین لئے۔ پولس نے کیس درج کرلیا مزید تحقیقات جاری ہے۔

مراٹھواڑہ بھر میں 72.723 میٹرک ٹن پلاسٹک کچرا جمع

اورنگ آباد میں 10686.6 کلوگرام سب سے زائد کچرا اکٹھا

اورنگ آباد: ۲۸ نومبر (سٹی رپورٹر) مراٹھواڑہ میں ۲۷ نومبر کو پلاسٹک کچرا جمع کرنے کے انکشاف ڈویژنل کمشنر ڈاکٹر پرشانت بھابکرے دیے تھے۔ اس مہم کے تحت ۷ کلوگرام/۱ لیٹر سے کم نگر پرشد سے ۷۲.۷۲۳ میٹرک ٹن پلاسٹک کچرا جمع کیا گیا۔ سب سے زائد کچرا اورنگ آباد میں 10686.6 کلوگرام جمع کیا گیا۔ ہم کا الگا مرحلہ ۷ دسمبر کو منعقد کیا جائیگا۔ اورنگ آباد ضلع کے 863 گرام پنچایتوں میں 8567.6 کلوگرام/۱ لیٹر سے کم کے تحت کچرا جمع کیا جائیگا۔ پنچایتوں میں 1719 کلوگرام/۱ لیٹر سے کم 1093 کلوگرام/۱ لیٹر سے زائد کچرا جمع کیا جائیگا۔ پنچایتوں میں 1142 کلوگرام/۱ لیٹر سے کم 563 کلوگرام/۱ لیٹر سے زائد کچرا جمع کیا جائیگا۔ پنچایتوں میں 3083.81 کلوگرام/۱ لیٹر سے کم 4838 کلوگرام/۱ لیٹر سے زائد کچرا جمع کیا جائیگا۔ پنچایتوں میں 3393 کلوگرام اور آٹھ بلدیہ میں 780 کلوگرام/۱ لیٹر سے کم 783 کلوگرام/۱ لیٹر سے زائد کچرا جمع کیا جائیگا۔ پنچایتوں میں 2439 کلوگرام/۱ لیٹر سے کم 1553 کلوگرام/۱ لیٹر سے زائد کچرا جمع کیا جائیگا۔ پنچایتوں میں 23809 کلوگرام/۱ لیٹر سے کم 2182 کلوگرام/۱ لیٹر سے زائد کچرا جمع کیا جائیگا۔ (باقی صفحہ ۷ پر)

سسرالیوں کی تلاش میں کونڈواپونہ پولس شہر میں داخل

اورنگ آباد: ۲۸ نومبر: بیاہتا کو ذہنی و جسمانی اذیت دینے والے سسرالیوں کے خلاف کونڈواپونہ پولس نے معاملہ درج کرلیا ہے۔ مدعیہ نے تفصیلات کے مطابق توصیف احمد صدیقی کی بہن شگفتا طلعت عزیز کی ۲۰۰۹ء کو قاضی الدین عرف رافع مصباح الدین چیانی کے ساتھ ہوا تھا۔ شادی کے کچھ ہی عرصہ بعد سسرالیوں نے بیاہتا کو ہراساں کرنے شروع کردیا۔ آج کل شگفتا کو ذہنی و جسمانی اذیتیں دینی شروع کردیں۔ یہی وجہ ہے کہ شگفتا نے کونڈواپونہ پولس اسٹیشن میں شکایت درج کرائی۔ جس کے بعد شگفتا کے شوہر قاضی الدین عرف رافع مصباح الدین چیانی، سسر قاضی نجیب جمال الدین، ساس زبیدہ بیگم، نند عاصمہ قاضی، نند شبانہ قاضی، دیور قاضی عبدالقادر، قاضی نجیب الدین، قاضی عبدالقادر کے خلاف کونڈواپونہ پولس نے معاملہ درج کرلیا ہے۔ مزید تحقیقات کونڈواپونہ پولس کررہی ہے۔

جماعت اسلامی ہند، اورنگ آباد (جنوب) کی جانب سے جلسہ سیرت النبیؐ

اورنگ آباد (راست) سیرت کا مبارک پیغام ہر انسان و ہر مکان تک پہنچانے اور ہر مسلم معذرات کو اسلام کی بنیادی تعلیمات کا تعارف پیش کرنے ماہ ربیع الاول میں خصوصی اجتماعات کا انعقاد کرتی ہے۔ آج بتاریخ 29 نومبر 2017ء بروز بدھ، بعد نماز مغرب، بمقام شاہ موتہ میدان درگاہ حضرت شاہ موتہ میدان ریلوے اسٹیشن، اورنگ آباد میں جلسہ سیرت النبیؐ منعقد ہونے جارہا ہے۔ جس میں اہلور مہمان خصوصی جناب خواجہ شرف الدین (کارپوریٹر)، ملک کالونی اور جناب بصرت کاکر (ایس انسپکٹر، سٹار اپس چوکی)، بے پی ایز جی (سماجی کارکن) شریک ہونگے۔ جبکہ صدارت بیکم ارادہ علی خان صاحب، امیر مقامی، جماعت اسلامی ہند، اورنگ آباد جنوب فرمائیں گے۔ ملت اسلامیہ سے کثیر تعداد میں جمع دوست و احباب شرکت کی درخواست ہے۔

Naqsh Cards
نقش کارڈس
Wedding Cards
Visiting Cards
T-Shirt Printing
Bill Books
Cup Printing
Office Envelope
Posters
Pamphlets
Flags Printing
Offset Screen Printing
شادی کارڈس ویزیٹنگ کارڈ ٹی شرٹ پرنٹنگ بل بک کپ پرنٹنگ
آفس انویلپ پوسٹرس پمفلیٹس فلیگس پرنٹنگ آفسیٹ اسکرین پرنٹنگ
Moti Karanja, Angori Bagh, Aurangabad
Mob.:9923000097

جماعت رضائے مصطفیٰ شاخ اورنگ آباد کی جانب سے
چوتھا سالانہ جشن عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر
تحفظِ ناموس رسالت ﷺ کانفرنس
مقام
امان اللہ موتی والا فنکشن ہال،
کٹ کٹ گیٹ روڈ،
اورنگ آباد (مہاراشٹر)
آج
بروز بدھ،
بوقت بعد نماز مغرب فوراً
زیر سرپرستی
شہزادۂ حضور امین شریعت داماد حضور تاج الشریعہ حضرت علامہ
الحاج الشاہ مفتی محمد سلمان رضا خان
صاحب مرکز الملت بریلی شریف
مقررین خصوصی
خلیفہ حضور امین شریعت حضرت علامہ
مولانا مفتی عبدالرشید جمپلوری،
(ناگپور)
خلیفہ حضور تاج الشریعہ حضرت علامہ
مولانا مفتی محمد عتیق الرحمن صدیقی
(صدر الثقافۃ الرضویہ ناگپور)
مالی شہرت یافتہ نعت خواں
الحاج محمد صادق رضوی (ممبئی)
زیر نظامت نقیب ڈیژن حضرت
مولانا محمد ذوالفقار برکاتی (الہ آباد)
اپیل: برادران اسلام کے کثیر تعداد میں شرکت کی گزارش۔ | نوٹ: بعد اختتام سلسلہ لنگر کا اہتمام رہے گا | منجانب: جماعت رضائے مصطفیٰ شاخ اورنگ آباد 9373655309

Editor, Printer, Publisher and Owner Syed Tareque Naqshbandi, Printed at Roznama Asia Express, Khaled Tower, Kat Kat Gate, Islam Darwaza, Aurangabad (M.S.)
Place of Publication: Khaled Tower, Kat Kat Gate, Islam Darwaza, Aurangabad-431001(M.S.) Ph. No.: 0240-6455410 to 17, FAX: 0240-2311128, RNI No. MAHURD/2010/34888